سرکاری رپورٹ

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## مباحثات 2021

جمعتہ المبارک ،18-جون 2021

(یوم الجمع ،7- ذیقعد 1442ھ)

### سترہویں اسمبلی: تینتیسواں اجلاس

جلد 33 : شمارہ 3

137

# ایجنڈا

# برائے اجلاس صوبائی اسمبلی پنجاب

## منعقدہ 18-جون 2021

تلاوت قرآن پاک وترجمہ اور نعت رسول مقبول ﷺ

# سرکاری کارروائی

"سالانہ بجٹ برائے سال 22-2021 پر عام بحث"

---

139

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## سترہویں اسمبلی کا تینتیسواں اجلاس

جمعتہ المبارک ،18-جون 2021

(یوم الجمع ،7-ذیقعد 1442 ھ)

صوبائی اسمبلی پنجاب کا اجلاس اسمبلی چیمبر ز لاہور میں سہ پہر 3 بج کر 38 منٹ پر زیر صدارت جناب ڈپٹی سپیکر سردار دوست محمد مزاری منعقد ہوا۔

---

تلاوت قرآن پاک وترجمہ قاری محمد خالد عثمان علوی نے پیش کیا۔

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیمo

بسم اللہ الرحمٰن الرحیمo

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْۤا اَنْ
تُصِيْبُوْا قَوْمًۢا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ۝٦
وَاعْلَمُوْۤا اَنَّ فِيْكُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ
لَعَنِتُّمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَزَيَّنَهٗ فِيْ قُلُوْبِكُمْ
وَكَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ
الرّٰشِدُوْنَ ۝٧ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَنِعْمَةً ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝٨

---

سورۃ الحجرات آیت نمبر 6 تا 8

مومنو! اگر کوئی گناہ گار تمہارے پاس کوئی خبر لے کر آئے تو خوب تحقیق کر لیا کرو ایسا نہ ہو کہ کسی قوم کو نادانی سے نقصان پہنچا دو۔ پھر تم کو اپنے کئے پر نادم ہونا پڑے O اور جان رکھو کہ تم میں اللہ کے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہیں۔ اگر بہت سی باتوں میں وہ تمہارا کہا مان لیا کریں تو تم مشکل میں پڑ جاؤ لیکن اللہ نے تمہارے لئے ایمان کو عزیز بنا دیا اور اس کو تمہارے دلوں میں سجا دیا اور کفر اور گناہ اور نافرمانی سے تم کو بیزار کر دیا۔ یہی لوگ راہ ہدایت پر ہیں O یعنی اللہ کے فضل اور احسان سے۔ اور اللہ جاننے والا ہے حکمت والا ہے O

وما علینا الا البلاغ o

نعت رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جناب محمد افضل نوشاہی نے پیش کی۔

## نعت رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

جا زندگی مدینے سے جھونکے ہوا کے لا
شاید حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہم سے خفا ہیں منا کے آ
کچھ ہم بھی اپنا چہرہِ باطن سنوار لیں
بوبکر سے کچھ آئنے عشق و وفا کے لا
دنیا بہت ہی تنگ مسلماں پہ ہوگئی
فاروقؓ کے زمانے کے نقشے اٹھا کے لا
محروم کر دیا ہمیں جس سے نگاہ نے
عثمان سے وہ زاویے شرم و حیا کے لا
مغرب میں مارا مارا نہ پھر اے گدائے علم
دروازہِ علیؓ سے یہ خیرات جا کے لا

# بحث

## سالانہ بجٹ برائے سال 22-2021 پر عام بحث (۔۔۔جاری)

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جزاک اللہ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ سالانہ بجٹ 22-2021 پر بحث آج دوسرے دن جاری رہے گی۔ جو معزز اراکین اس بحث میں حصہ لینا چاہتے ہیں وہ اپنے نام سیکرٹری اسمبلی کو بھجوادیں تاکہ ہم اسے لسٹ میں شامل کر سکیں۔ سید حسن مرتضیٰ!

**سید حسن مرتضیٰ:** جناب سپیکر! آپ کا بہت شکریہ۔ میں سب توں پہلے تے جناب نوں تے سپیکر صاحب نوں اس ہاؤس نوں مکمل کرن تے مبارک باد پیش کرناں۔ ایناں خوبصورت ہاؤس میرے خیال وچ کسے جگہ تے وی موجود نئیں۔ میرا خیال اے کہ ایہہ ایشیاء دا سب توں خوبصورت ہال اے۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! تہانوں یاد ہونا اے کہ پچھلے بجٹ سیشن دے وِچ میں اک بجٹ document نوں چیلنج کیتا سی۔ اُناں وچ جیڑھیاں fake entry سن اُناں دے حوالے نال جناب نے مہربانی فرمائی سی۔ اُناں نُوں اک کمیٹی دے سپرد کیتا سی۔ بدقسمتی نال اوہندی اَج تک اک میٹنگ وی نہیں ہو سکی۔ جتنا اس دور دے اندر چودھری پرویز الٰہی صاحب دی قیادت وچ کمیٹیاں نُوں بااختیار کیتا گیا سی اج اتنا ہی افسوس نال کہنا پیندا اے کہ اس ہاؤس دیاں کمیٹیاں اَج تک مکمل نہیں ہو سکیاں، کی وجوہات نیں، ایہہ جناب دا سیکرٹریٹ بہتر دس سکدا اے لیکن اُناں دا مکمل ہونا اس لئی ضروری اے کہ ہر ڈیپارٹمنٹ دی جہڑی کارکردگی اے اُس نُوں زیادہ مؤثر بنان لئی میرے خیال وچ بہت ضروری اے۔ اوہ ہاؤس وی مکمل نہیں ہوندا اگر اوہ کمیٹیاں نہ بنایاں جان۔ میں گزارش کراں گا کہ جتنا جلدی ممکن ہووے کمیٹیاں مکمل ہونیاں چاہیدیاں نیں۔

جناب سپیکر! بجٹ تاں ویسے ہی اک لفظاں دا ہیر پھیر اے اور ہمیشہ اے بجٹ بابو تیار کردے نیں لیکن ہر دفعہ بظاہر اس نوں عوامی ثابت کرن لئی پری بجٹ سیشن ہوندے سن اور اِس واری بدقسمتی نال او وی نیں ہو سکے۔ تمام تر ناکامیاں جس طرح Covid دے پچھے چھپایاں جاندیاں سن ایہہ ناکامی وی Covid دی نذر کردتی گئی اے اور کہندے نیں کہ Covid دی وجہ

توں اساں کوئی سیشن نیں کر سکے حالانکہ پورے پاکستان دے اندر قومی اسمبلی دے اندر وی۔۔۔(شور وغل)

**جناب ڈپٹی سپیکر:** .Please order in the House جی، شاہ صاحب!

**سید حسن مرتضیٰ:** جناب سپیکر! قومی اسمبلی دے اندر وی سیشن ہوندے رہے نیں مگر ساڈا پری بجٹ سیشن نہ ہو سکیا اور اووی حکومت دی کامیابی اور اوہ سارا سہرا اوی اس حکومت نوں جاندا اے۔ جس طرح اس حکومت دا ایہہ طرہ امتیاز رہیا ہے کہ اوہ عوامی اور جمہوری ایواناں دی تضحیک کرن اور اپنی آمر اناں اور فاشسٹ سوچ نوں پروان چڑھان۔ ساڈا اک بلدیاتی، نظام سی جس دے وچ منتخب نمائندے، اس نظام دے اندر ہزار خامیاں ہو سکدیاں نیں، اوہ نظام بُرا وی ہو سکدا اے اس وچ ریفارمز لایاں جا سکدیاں سن لیکن ساڈی اس حکومت نے اس بارہ کروڑ عوام نوں اک کوڑے دے ڈھیر اُتے بٹھا دتا اے۔ اَج پنجاب دے کسی وی شہر وچ چلے جاؤ اور خصوصاً لاہور دے اندر جہڑا کہ باغاں دا شہر سی اوہ اپنی ثقافت دے حوالے نال، اوہ اپنی علمی اعتبار نال، اوہ طبعی حوالے نال وی پورے ملک دے اندر بلکہ اس نوں پاکستان دا دل آکھیا جاندا سی اَج کسی وی جگہ تے چلے جاؤ تساں نوں اسمبلی دے اندر کچرا نظر آئے گا اور اسمبلی توں باہر وی کچرا نظر آئے گا۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! اس سسٹم نوں ختم کر دینا، ہزاراں دی تعداد وچ عوامی نمائندیاں نوں بے اختیار کر دینا اور اِناں نوں اک executive order تے گھر گھل دینا میں سمجھناں کہ ایہہ بہت بڑا بھیانک مذاق اے اس قوم دے نال

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی، شاہ صاحب!

**سید حسن مرتضیٰ:** جناب سپیکر! اک تاں تساڈی توجہ divert ہو جاندی اے۔۔۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** آپ میری طرف توجہ دیں، میں جدھر بھی توجہ دوں۔

**سید حسن مرتضیٰ:** میری توجہ تاں جناب دی طرف اے۔۔۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** آپ کی توجہ میری طرف ہونی چاہیئے۔ جی، آپ بات کریں۔

**سید حسن مرتضیٰ:** جناب سپیکر! ساڈا اوہ حال ہو گیا اے کہ اک عورت آئی اوہنے خاوند نال علیحدگی کر لئی تے پھری وی اوندے نال جاوَے۔ لوکاں اکھیاں بی بی تینوں طلاق ہو گئی اے تے توں ایس بندے نال پھری جاندی اے۔ کوئی خدا دا خوف کھا۔ اس اکھیا کہ that was my husband and he is my friend. جناب ایہہ حال اے اس حکومت دا۔۔(قہقہے)

حکومت دا تاں نہیں خاص کر پی ٹی آئی دے ایہناں جواناں دا جناں نیں خان نال اختلاف وی کیتا اے اور کہندے نیں کہ اسیں follower خان دے آں لیکن اوندی پالیسیاں نال اسیں اختلاف کردے آں۔

جناب سپیکر! میں عرض کر رہیا سی بلدیاتی نظام دے حوالے نال۔ میں گزارش کر رہیا ساں کہ تسی ہزاراں دی تعداد وچ لوکاں نوں بے اختیار، غیر فعال کر کے اک executive order دے نال ایہناں دی چھٹی کرا دتی اور اتنی جلد بازی کیتی کہ اک نواں نظام لے آندا جس نظام نوں تساڈے الیکشن کمیشن نے وی refuse کر دتا اے کہ ایہہ قابل عمل وی نئیں اے۔ فیر تسی اک ہور attempt کیتی۔ اس دوران سپریم کورٹ آف پاکستان دا decision آیا اور ایہناں نے اس نوں بحال کر دتا۔ میں اس ایوان دے وچ بیٹھے ہوئے اک اک بندے کولوں پُچھناں کہ کیا اسیں اتھے جہڑے بیٹھے آں اسیں کسی آئین دے تابع بیٹھے آں، اسیں ایتھے کسی عدالت نوں تسلیم نئیں کرناں تے اسیں کیڑے آئین دی پاسداری کر رہیا؟ اسیں کسی عدالتی حکم دی پاسداری نئیں کردے اور اسیں کھلم کھلا اوہدی violation کردے آں جدوں سپریم کورٹ نے بلدیاتی سسٹم نوں بحال کیتا، کیا کسے وی حکومت دی ایہہ جرات ہونی چاہیدی اے کہ اس حکم نوں obey ناں کیتا جاوے؟ کیا تسیں اس ملک دے وچ افراتفری چاہندے او؟ کیا تسی اس ملک دے وچ انتشار چاہندے او، کیا تسی چاہندے او کہ سپریم کورٹ دے اس آرڈر دے نال اوہ لوگ جا کے تساڈی ضلعی انتظامیہ دے خلاف جنگ لڑن، اوہناں دفتراں تے زبردستی قبضہ کرن، اوہ زبردستی اپنے اختیارات دا استعمال کرن؟ کیا تسی اس ملک دے وچ انتشار چاہندے او؟ تساڈی اس حکومت نے سپریم کورٹ آف پاکستان دی وی توہین کیتی۔ عوامی مینڈیٹ دی توہین اور مذاق اڑایا اے۔ میں اج اناں تمام بلدیاتی اداریاں دے سربراہان نوں آکھداں کہ اوہ جاون اوہ بااختیار نیں، اوہ

سپریم کورٹ دے آرڈر نال بحال نیں، اوہ اپنے اپنے دفاتر دا چارج وی لے لون اور عوامی خدمت وی کرن۔۔(نعرہ ہائے تحسین)

کسی وی آمر اناں سوچ نوں کدی وی قابل قبول نئیں کیتا جاسکدا اے۔ اوہدی ذمہ دار ایہہ حکومت ہوئے گی اگر کسی جگہ تے کوئی گملا ٹوٹے گا تاں اس دا ذمہ دار وزیر اعلیٰ پنجاب ہوئے گا کیونکہ اوہ اک عدالت دے حکم نال اپنے دفتراں دے چارج لین گے۔ اوہ کون ہوندے نیں اناں نوں روکن والے، اے کون ہوندے نیں جہڑے ایہہ آکھن کہ کسی وی جگہ تے صفائی نہ ہووے، کسی وی جگہ تے کوئی ترقیاتی کام نہ ہووے۔ کتنا شرم دا مقام کہ تساڈے کول کوئی پروانشل، فنانس کمیشن کوئی ایوارڈ وی نہیں ہویا۔ تسی کیویں پیسے تقسیم کر رہے او؟ کیا ایہہ خزانہ کسے دی آبائی جاگیر اے؟ ایہہ کسی دی جائیداد اے کہ اوہ جس نوں دل کرے اوجتنے فنڈز دے دیوے اور جیند ادل کرے اوہ آکسیجن بند کر دیوے کیوں؟ اَج آدھا پنجاب اپوزیشن وچ بیٹھا ہویا اے۔ تہاڈی چھ سات آدمیاں دی اکثریت اے، تُسیں آدھے پنجاب دے ترقیاتی کم روکے ہوئے نیں کی وجہ اے، کیوں ترقیاتی منصوبے روکے ہوئے نیں؟ کیا میرا حق نیں بندا کہ میرے حلقے دے لوگاں لئی وی development ہوئے، کیا میرا حق نیں بندا کہ میرے حلقے دیاں وی سڑکاں بنن، کیا میرا حق نیں بندا کہ میرے حلقے دے سکولز upgrade ہوون، میرے حلقے دے کالجز، یونیورسٹیز بنن؟ کیا میرا حق نیں بندا کہ صحت دے جیہڑے معاملات نیں میرے حلقے وچ وی ہون، کیوں مینوں فنڈز نیں دتے جاندے، مینوں فنڈز نا دیون دی کی وجہ اے؟ کیا میں tax payer نیں ہاں، کیا میرے حلقے دے لوگ tax pay نئیں کردے؟

جناب سپیکر! تعصب دے اُتے قائم حکومت اے، ایہناں کول کوئی عوامی mandate نئیں اے، ایہہ political system نوں کم زور کر کے political parties نوں توڑ کے ایس حکومت دا ڈھانچہ کھڑا کیتا گیا اے۔ کیویں ایہناں نوں تسلیم کر لیا جاوے ایہناں نوں ایہناں دی اصلیت ایہناں دے چہرے وکھائے جاون تے فیر ایہہ وہندے تے احتجاج کردے نیں، جو قومی اسمبلی دے اندر ہویا کیا اُوہ کوئی جمہوری رویہ سی؟ ایہہ پہلی حکومت ویکھی اے جیہڑی اپوزیشن تے حملے کر رہی اے، ایہہ پہلی حکومت ویکھی اے جیہڑی کتاب دے تقدس نو پامال کر رہی اے، اے پہلی حکومت دیکھی اے جیہڑی گالی گلوچ دے کلچر

نوں فروغ دے رہی اے۔ ایہہ زیادتیاں نیں، ایہہ بجٹ دے اعداد و شمار کی نیں، تُسیں ایہہ کتاب پاس کرنی اے پوری کتاب چک کے تُسیں اوہنوں پاس کر دینا اے، ساڈے وچ بیٹھا ہویا اک ممبر وی ایہہ طاقت نئیں رکھدا کہ اسیں ایس دا ایک صفحہ بلکہ ایس دا اک figure وی کہہ دیوے کہ اسیں پاس نئیں کر دے۔ تُسیں میرا challenged document کمیٹی دے سپرد کیتا اے اُسدے باوجود بجٹ پاس ہوئے اُس کمیٹی دی اِک میٹنگ نیں ہو سکی۔ ایس نظام نوں درست ہونا چاہیدا اے۔

جناب سپیکر! اگر تُسیں فنانس منسٹر صاحب نوں آکھ دیو کہ اُوہ میری گل سن لین۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی، سیکرٹری فنانس بھی بیٹھے ہوئے ہیں اور فنانس منسٹر بھی ایوان میں تشریف فرما ہیں شاہ صاحب! آپ اپنی بات continue کریں۔

**سید حسن مرتضیٰ:** جناب سپیکر! بجٹ دے اندر تنخواہواں وچ 10 فیصد ایڈہاک ریلیف دتا گیا اے تین سال تک تُسیں کسی دی تنخواہ وچ اک penny اضافہ نیں کیتا اور تین سال بعد تسیں 10 فیصد اضافہ کر کے 100 فیصد مہنگائی کر رہے ہو۔ تُسیں ایہناں لوگاں دا کس طرح balance کرو گے، کس طرح تُسیں کہندے اُوہ کہ کرپشن فری معاشرہ ہووے جدوں اک آدمی دے کول اپنے بچیاں دے علاج لئی پیسہ نئیں ہوئے گا تے اوہ رشوت وی لے گا اُس نوں ڈاکہ وی مارنا پئے گا تے اوہ مارے گا۔

جناب سپیکر! اگر تُسیں اوہنوں بہتر کرنا چاہندے او، مہنگائی ہر دور وچ ہوئی اے پیپلز پارٹی دے دور وچ وی مہنگائی ہوئی اے، اسیں اس گل نوں تسلیم کر دے ہاں، پاکستان مسلم لیگ (ن) دے دور وچ وی مہنگائی ہوئی ہوئے گی۔ لیکن ساڈے دور وچ 138 فیصد تنخواہاں دے وچ اضافہ ہویا سی، پنشن دے وچ 100 فیصد اضافہ ہویا سی، اُس وقت فوجیاں دی تنخواہاں 200 فیصد ودھیاں سن، اج ویکھ لو کہ تُسیں 10 فیصد ایڈہاک اضافہ کر رہئے او، تسیں ایہہ کی کر رہے ہو، تسیں ایہناں نوں خیرات دے رہے ہو۔ کیا ملازمین دا حق نیں اے کہ اُوہ وی اچھی زندگی گزار سکن، اُوہ وی اپنے بچیاں نوں اعلیٰ تعلیم دے سکن اُوہ وی اپنے بچیاں نوں پڑھا سکن، ایہناں دا علاج کروا سکن، المیہ ایہہ ہے کہ اگر اج کسے نے اپنے بچے دی شادی کرنی اے تے اُس نوں شادی لئی وی کوئی اپنی پراپرٹی ویچنی پیندی اے۔ لوگ

اپنے کوئی اثاثے ویچ کے اپنی شادیاں اور فوتگیاں بھگتا رہے نیں۔اس دی ذمہ دار ساڈی ایہہ حکومت ہے کیوں کہ ایہناں نوں ایس گل توں فرصت ہی نئیں اے کہ فلاں چور، فلاں ڈاکو، فلاں ایہہ، فلاں وہ ،انہاں دااور کسے پاسے دیہان نئیں اے۔اُوہ ایس سائڈتے آن نوں ہی تیار نئیں کہ اُوہ ویکھن کہ ایتھے پنجاب دے اندر اور پاکستان دے اندر حالات کس سائڈتے جا رہے نیں۔

جناب سپیکر !میں تہاڈی توجہ دلاواں گا کہ ساڈی حکومت دے بڑے دعوے نیں کہ اسیں بڑا اچھا کم کر رہے آں اور ہر چیز بڑی ٹھیک جا رہی اے تے تمام لوگ بڑے خوشحال نیں۔ میں تہاڈے اگے چھوٹا جیا سوال رکھناہاں کہ کیا اسمبلی دے باہر سانوں اُوہ protestروز نظر نئیں اندے جیہڑے کدی ایپکاوالے سڑکاں تے آے ہوئے ہوندے نیں۔یار ایپکاوالیاں دامطالبہ تے حل کر لو اُس دے اُتے تے تہاڈی حکومت چلدی پئی اے۔اُوہ کلرک ہی تے حکومت چلا رہے نیں، کلرک ہی تے تہاڈے اندر اک ایسا پرزہ ہے جیہڑا تہاڈی بیوروکریسی نوں وی چلاندا اے، جہیڑا تہانوں وی چلا رہیا اے اور تہاڈی اُنہاں ول توجہ ہی کوئی نیں۔کدی ایپکاوالے باہر سڑکاں تے آئے ہوندے نئیں، کدیPHFMCوالے باہر سڑکاں تے آئے ہوندے نیں۔چودھری پرویز الٰہی صاحب دااوہ منصوبہ سی میںon the floor of the Houseکہیا تے چودھری پرویز الٰہی صاحب نے فیر اُس تے فرمایا، فیر لاء منسٹر جناب محمد بشارت راجہ صاحب نے اُس دے اُتے کہیا کہ اُنہاں دے مطالبات بڑے جائز نیں۔اوہ 17,17 سال توں نوکری کر رہئے نیں اور 18 ہزار 19 ہزار 20ہزار تنخواہ لے رہئے نیں۔جیہڑے ساڈےBHUsتے باندر نچدے سن ہن اوتھے اج آ کے ویکھو تے اوہ آباد نیں،لوگاں نوں کوئی گولی مل رہی اے کوئی ٹیکہ لگ رہیا اے، کوئی اُنہاں دا علاج ہو رہیا اے ویران BHUsاُنہاں نے آباد کیتے اور اج 17 سال توں بعد اُنہاں نوں وی نوکریاں توں فارغ کیتا جا رہیا اے۔

جناب سپیکر! ایہہ کس قسم دی حکومت اے کہ جنہاں نوں اپوزیشن برداشت ہوندی اے نا انہاں نوں عوام برداشت ہوندی اے نا ایہہ کسی چیز نوں ٹھیک کرنا چاہندے نیں۔تین سال گزر گئے نیں ایہہ مجموعی طور تے چوتھا بجٹ آج دے رہے نیں۔کوئی اک چیز ایہہ کہہ دین کہ اسیںtrackتے چڑھا دتی اے، کوئی اک چیز ایہہ کہہ دیون کہ اسیں ٹھیک کر دتی اے۔اپوزیشن

انہاں نوں جواب دے گی اسیں جواب دہ گے۔ کوئی چیز ٹھیک نیں اے صرف گالم گلوچ ہو رہی اے ایس توں علاوہ کوئی کم نیں ہو رہیا۔

جناب سپیکر! محکمہ تعلیم دے جیہڑے ملازمین نیں، اُستاد دا ایہہ کم ہے کہ اُنہوں دھکے دیتے جاون اوہ تے اس قوم دا معمار اے، مستقبل اُسدے ہتھ وچ اے، اوہ سارا دن باہر سڑکاں تے بیٹھے احتجاج کر رہے نیں۔ کسے اِک وزیر نوں اتنی زحمت نئیں ہوئی کہ اوہ جا کے انہاں نوں سُن لوے اُنہاں کولوں پُچھ لوے کہ اسیں کرنا کی اے اور تہاڈے مطالبے کی نیں؟ سانوں دس دیو کہ ایہہ کجھ سانوں چاہیدا اے اسیں تہانوں دے دیئے کسے نوں کوئی جرات نئیں ہوندی۔ گزارش اینی اے کہ ایس بجٹ دے وچ جنا کجھ کسے نوں دتا گیا اے میرا خیال اے اُس نالوں زیادہ واپس لے لیا گیا اے تے مینوں ایتھے اک مثال یاد آگئی اے

جناب سپیکر! اک پیر صاحب سن اُنہاں دے اک بچے دی شادی ہوئی جدوں شادی ختم ہو جاوے ساڈے پنڈ دا کلچر اے اُوتھے کمی اپناں اپنا لاگ لین لئی آجاندے نیں، نائی آیا پیر صاحب اُس نوں آکھیا تینوں دُعا چاہیدی اے یا پیسے چاہیدے ہن اُس بے چارے نیں تھوڑا جیا انکساری نال کم لیا کہ پیسیاں نوں کی کرناں اے پیرا دیاں تے دُعاواں ہی بڑیاں نیں کوئی دُعا شوا دیو۔ پیر صاحب دُعا دتی نائی وی فارغ ہو گیا تے کوئی کمہار آگیا اُس نوں وی دُعا دتی تے فارغ کر دتا۔ فیر بے چارہ اک مراثی آیا اُس نوں پیر صاحب آکھیا دُعا چاہیدی اے یا پیسے اُس آکھیا مہنگائی بڑی اے حالات بڑے خراب نیں کوئی 50 دی اِک دُعا دے چھڈو تے ساڈھے 4 سو نقد دے چھڈو، پیر صاحب نے دُعا دتی تے مراثی بقایا دی جستجو کیتی تے پیر صاحب آکھیا کہ غلطی نال دعا 500 دی دے بیٹھا آں تے توں اینج کر اپنے 50 روپے رکھ لے تے باقی ساڑھے چار سو مینوں واپس دے دے۔ ساڈی حکومت دا وی ایہہ ہی حال اے کہ 10 فیصد تنخواہ ودھائی اے تے کوئی 50 قسم دے ٹیکس ٹھوک دتے نیں۔ اوہ وچاریاں نوں کوئی پلیوں ہی دینا پینا اے اونہاں نوں کوئی شے نئی بچدی۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شاہ صاحب! تسی پیر صاحب دی گل کر رئے او تے تسی وی تے پیر او۔

**سید حسن مرتضیٰ:** جناب سپیکر! میں پیر آں لیکن میں non practicing پیر آں۔ ایہناں حالات دے وچ ساڈا ملک چل ریا اے۔ میں سمجھدا آں کہ ایہہ بڑا ہی بھیانک مذاق اے۔ تاریخ

سانوں ویکھ رئی اے۔ تاریخ لکھی وی جارئی اے تے ایہہ بڑی بے رحم اے۔ ایتھے جنرل ضیاء الحق داوی طوطی بولداسی، ایتھے مشرف داوی طوطی بولداسی تے اوہ مکے لہرالہرا کے آکھداسی۔ میرے خیال وچ اینہاں وچ کافی دوست بھراساڈے اونہاں نال وی بیٹھے سن تے اج اونہاں داایتھے ناں لین والا وی کوئی نئیں۔ ایس لئی ایہہ کوئی ایسے کم کرجاون جندے نال اینہاں نوں تاریخ وی یادر کھے تے ایہہ تاریخ دا حصہ وی رہون۔ اینہاں نوں ایہہ شرمندگی نہ ہووے کہ ایڈے وڈے جمہوری ایواناں دے وچ بہہ کے اتنے مواقع ہوندے ہویاں اساں صرف تعصب دی سیاست کیتی۔ اگر کاش اسیں اوس وقت خدمت دی سیاست کرلیندے۔ اوہ وقت فیر اینہاں دے ہتھ نئیں آناں۔ میں اج اپنے ایناں وزرادے اگے سوال رکھ کے جاریاں کہ کیا اگر میرے حلقے دے لوکاں داں یا میرے صوبے دے لوکاں دے ایہہ حقوق اونہاں نوں نئیں دیون گے تے کیا ساڈا اسلام ایہہ اجازت دینداا ے کہ کسی دا حق کھاجاؤ؟ میرے حلقے دے لوکاں داایہہ حق کھارئے نیں۔ ایہہ مجرم نیں میرے حلقے دے لوکاں دے۔ میں اپنا ایہہ مقدمہ اللہ تعالیٰ دے اگے وی رکھنا اے۔ میرے ول توجہ کرلو میں تہاڈے throughہی اللہ اگے اپنا مقدمہ رکھ ریا آں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شاہ صاحب! آپ اپنی بات کو wind up کریں۔

**سید حسن مرتضیٰ:** جناب سپیکر! ایہہ میرے حلقے دے لوکاں نال زیادتی کررئے نیں۔ تسی پورا ADP پڑھ کے دیکھ لووتے فر تہانوں خود احساس ہووے گا کہ ایہہ اپنی حکومت بچان لئی لوکاں نوں 95،95 کروڑ روپے دے فنڈز دے رئے نیں۔ ایہہ اپنی صرف اوس کھوکھلی شان وشوکت دی خاطر حکومت دے خزانے لٹارئے نیں لیکن میرے لوکاں دے جائز حقوق وی ایہہ سلب کرکے بیٹھے نیں۔ میرے حلقے وچ پین والا پانی تک نئیں اے۔ میرے حلقے وچ فیکٹری ایریا اے اور میرا under water خراب ہونداجاریااے۔ کدی ساڈے حلقے دا پانی اینا بہترین سی کہ کسی دور وچ میرے حلقے توں فیصل آباد نوں پانی سپلائی ہونداسی۔ اج میرے حلقے دا پانی پین دے قابل نئیں رہ گیا۔ اونہاں فیکٹریاں دی وجہ نال اتنا تعفن تے بدبو اے کہ کوئی ماحولیات دی منسٹری ساڈے ول متوجہ نئیں ہوندی۔ میں اک ہزار دفعہ ایس حوالے نال تحریک التوائے کار وی دتی اے۔ میں مختلف طریقیاں نال ایہہ کوشش کیتی اے کہ میری آواز حکومتی ایواناں تک پہنچے لیکن

اے میری وجہ توں پورے میرے حلقے نوں سزا دتی جارئی اے۔ کیا ایہہ عوامی مینڈیٹ دی توہین نئیں اے۔ میں آکھناں کہ اگر تسی مینوں کج وی دے سکدے او تے اوہ نہ دیو لیکن میرے حلقے وچوں tax collection تے بند کر دیو۔ تسی میرے حلقے دی ٹٹیاں ہویاں سڑکاں دے اُتے ٹول پلازے لا کے اونہاں کولوں جبری ٹیکس وصول کر رئے او۔ کیا تہانوں شرم نئیں آندے تسی اوہ ٹیکس ہی معاف کر دیو؟ تسی سڑکاں وی نئیں بنواندے تے اونہاں اُتے ٹیکس وی وصول کیتی جارئے او تے مینوں دسو کہ کیوں ایہہ ناانصافی کر رئے او؟ اینہاں داناں تے تحریک انصاف اے لیکن اینہاں وچ انصاف ناں دی کوئی چیز نظر نئیں آندی۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شاہ صاحب! آپ اپنی بات کو wind up کریں۔ آپ کو بات کرتے 25 منٹ ہو چکے ہیں۔ آپ اپنی speech جلدی مکمل کریں۔

**سید حسن مرتضیٰ:** جناب سپیکر! میں اپنی speech ہی کر دا پیاں آں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شاہ صاحب! آپ اپنی speech complete کریں۔

**سید حسن مرتضیٰ:** جناب سپیکر! میں کل ایتھے بیٹھا لیڈر آف دی اپوزیشن دی تقریر سن ریاں ساں اوس توں بعد میاں صاحب نے تقریر شروع کیتی تے میں بڑے انہاک نال میاں صاحب دی تقریر سن ریاں ساں تے مینوں اک پی ٹی وی دا ڈرامہ یاد آ گیا۔ جیہڑے اوہندے وچ expressions نیں اوہ ڈراما ویکھیاں ہی پتا لگنے نیں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شاہ صاحب! آپ اپنی بات کو wind up کریں۔ آپ کے پاس last thirty seconds ہیں اس میں آپ نے اگر کوئی joke سنانا ہے تو joke سنا کر بیٹھ جائیں۔

**سید حسن مرتضیٰ:** جناب سپیکر! میں joke نہیں سنانا بلکہ میں تے ڈرامے دا حوالہ دے ریاں آں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شاہ صاحب! ادھا ٹیم تے تسی joke سنانے نیں۔ تے فیر بجٹ تے تسی کی گل کرنی اے۔

**سید حسن مرتضیٰ:** جناب سپیکر! مینوں دسو کہ ایس بجٹ تے کوئی گل کرن والی ہے؟ میں تہانوں بجٹ تقریر توں پہلے عرض کیتی کہ اک budget document میرا کمیٹی نوں بھیجیا ہویا اے تے اونہدے تے اج تک کوئی ایکشن نئیں ہویا۔ تہانوں تے اوس تے فوری ایکشن لے کے پُچھنا چائی دا

سی کہ کیوں نئیں ہویا۔ جناب وی اوس معاملے وچ اتنا اک ہیserious سن تے میں ہور فیر کی کر دا۔ جناب نوں چائیدا اسی کہ فوراً حکم صادر کر دےdirection دیندے کہ اوہ اج تک میٹنگ کیوں نئیں بلائی گئی۔ جناب ولوں لیٹ ہوئی اے میرے ولوں تے کوئی لیٹ نئیں ہوئی۔ ہن مینوں تسی آکھو کہ توserious نئیں ایں تے میرے خیال وچ ایہہ میرے نال زیادتی ہووے گی۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شاہ صاحب! آپ اپنیspeech کوwind up کریں کیونکہ ابھی میرے پاس بہت بڑی لسٹ پڑی ہے۔

**سید حسن مرتضٰی:** جناب سپیکر! ٹھیک ہے تسی اونہاں نوں وقت دے لوو۔ بہت مہربانی۔

**وزیر جیل خانہ جات** (جناب فیاض الحسن چوہان): جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی، چوہان صاحب! آپ کی اس کے بعد باری ہے آپ اپنی باری پر بات کر لیں۔

**وزیر جیل خانہ جات** (جناب فیاض الحسن چوہان): جناب سپیکر! نہیں، نہیں، میں نے تقریر نہیں کرنی بلکہ میرا ایک پوائنٹ آف آرڈر ہے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** چوہان صاحب! نہیں، نہیں، آپ نے پوائنٹ آف آرڈر پر بات نہیں کرنی۔

**وزیر جیل خانہ جات** (جناب فیاض الحسن چوہان): جناب سپیکر! میرا پوائنٹ آف آرڈر بہت important ہے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** چوہان صاحب! نہیں، نہیں، کوئیimportant نہیں ہے۔ پھر تمام ممبران پوائنٹ آف آرڈر پر بات کرنے کے لئے کھڑے ہو جائیں گے۔ اس کے بعد آپ کی باری ہے آپ نے اس کے بعد بجٹ پر تقریر کرنی ہے۔

**وزیر جیل خانہ جات** (جناب فیاض الحسن چوہان): جناب سپیکر! شاہ صاحب نے غریب عوام کو کمی کہہ کر ان کی تذلیل کی ہے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شاہ صاحب! آپ جلدی سے اپنی تقریر مکمل کریں۔ لسٹ بہت بڑی ہے اور بھی بہت سارے اپوزیشن ممبران نے بات کرنی ہے۔ چوہان صاحب! آپ تشریف رکھیں۔ شاہ صاحب! آپ اپنی speech continue کریں۔

**وزیر جیل خانہ جات** (جناب فیاض الحسن چوہان): جناب سپیکر! انہوں نے غریب آدمی کی اس پنجاب کے سب سے بڑے ایوان میں تذلیل کی ہے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** چوہان صاحب! آپ تشریف رکھیں۔ No. There is no objection. Please be seated.

**سید حسن مرتضیٰ:** جناب سپیکر! جنوں floor دتا اے اونہوں بولن دیو۔ میری کوئی گل نئیں میری خیر اے۔ ایہہ اینہاں دے رویے نیں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شاہ صاحب! آپ نے اس topic پر کوئی بات نہیں کرنی بلکہ آپ بجٹ پر بات کریں گے۔

**سید حسن مرتضیٰ:** جناب سپیکر! میں کوئی وی گل نئیں کر ریا۔ میں تے ویسے آکھ ریاں ساں کہ کل میں اوہ تقریر بڑے انہاک دے نال سن ریا ساں۔ اوندے وچ میاں صاحب نے اک لیڈر آف دی اپوزیشن نوں جس طریقے نال جواب دے رہے سن تے مینوں یاد آ ریا سی کہ پی ٹی وی تے اک ڈرامہ سیریل چلدا سی جانو جرمن اور اوہ جانو جرمن ڈرامے وچ اک مقابلہ ہو ریا ہوندا اے اور اک منصف ہوندا اے تے اوہ بیٹھا اوس مقابلے نوں ویکھ ریا ہوندا اے۔ اوہ مقابلہ انگریزی بولن دا ہوندا اے۔ ساڈے جیاں جیہڑا تھکیا جیا ہوندا اے تے اوہ انگریزی بولدا اے تے او گنتی اک دو تن توں لے کے اک سو تک سنا دیندا اے۔ دوسرا وچارہ پڑھا لکھیا ہوندا اے تے او باہر دے ملکوں آیا ہوندا اے تے اوہ بڑی انگریزی بولدا اے۔ اوس بندے داناں رمضان ہوندا اے۔ تے اوندے وچ ترائی اکھڑ اوس نے اردو دے بولے۔ Glass of milk نوں اوس نے گلاس آکھیا، تے اوس توں بعد جدوں اوس so cold آکھیا تے اوس منصف نے so پھڑ لیا تے اگوں cold کٹ دتا۔ منصف ہن مقابلے دا فیصلہ دے ریا اے کہ جتیا کون اے۔ اوس آکھیا کہ میں بڑے انہاک تے بڑے غور نال ایہہ ساری گفتگو سنی اے تے ایس مقابلے دے میں نتیجے تے پہنچیاں آں کہ

رمضان نے تین الفاظ، اک رمضان، اک گلاس تے اک سوایہہ اردو دے بولے نیں جبکہ جانو جرمن نے اک توں سو تک گنتی گن دتی لیکن اک لفظ وی اوہنے اردو وچ نئیں آکھیا لہٰذا ایہہ مقابلہ جانو جرمن جت گیا۔ اک پاسے لیڈر آف دی اپوزیشن کھلو کے figures پڑھ پڑھ کے اوندی جو نکل گئی اے تے دوجے پاسے جناب اونہوں فلاں ایہہ فلاں ایہہ کہہ کے اوہ تے بڑی serious گفتگو ہے ای ناں۔اونہدے تے کسی نوں وی اعتراض کوئی نئیں ۔ میرے لطیفیاں تے اقوال زریں تے بڑا اعتراض اے اور مقابلہ جیہڑا اے اوہ فیاض الحسن چوہان جت گیا اے۔

(اس مرحلہ پر معزز ممبران حزب اختلاف کی طرف سے ڈیسک بجائے گئے)

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی، چوہان صاحب! آپ کا نام میرے پاس لسٹ میں موجود ہے لہٰذا آپ بات کریں۔

**وزیر جیل خانہ جات** (جناب فیاض الحسن چوہان): جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** چوہان صاحب! نہیں۔ پوائنٹ آف آرڈر پر بات نہیں ہوگی بلکہ آپ budget speech کریں۔ اگر آپ بات نہیں کرنا چاہتے تو سردار اویس احمد خان لغاری بات کریں۔

**وزیر جیل خانہ جات** (جناب فیاض الحسن چوہان): جناب سپیکر! شاہ صاحب سے کہیں کہ یہ اس ایوان سے معافی مانگیں کیونکہ انہوں نے respectable citizen کو کمی کہا ہے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** چوہان صاحب! آپ تشریف رکھیں اور ماحول کو خراب نہ کریں۔ جی، سردار اویس احمد خان لغاری!

**سردار اویس احمد خان لغاری:** نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم، اما بعد اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ شکریہ۔ جناب سپیکر!

**وزیر جیل خانہ جات** (جناب فیاض الحسن چوہان): جناب سپیکر! میں شاہ صاحب کی بات پر ایوان سے واک آؤٹ کرتا ہوں اور جب تک شاہ صاحب معافی نہیں مانگیں گے میں واک آؤٹ پر ہوں۔

(اس مرحلہ پر وزیر جیل خانہ جات (جناب فیاض الحسن چوہان) واک آؤٹ کرتے ہوئے ایوان سے باہر تشریف لے گئے)

**جناب ڈپٹی سپیکر:** سردار صاحب! آپ continue کریں۔

**سردار اویس احمد خان لغاری:** جناب سپیکر! اگر میں باقی تمام مقررین کی طرح اپنی تقریر کے آغاز میں اس نئے ہاؤس پر تمام معزز ممبران کو، سپیکر جناب پرویز الٰہی صاحب کو۔۔۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** No crosstalk جی سردار صاحب!

**سردار اویس احمد خان لغاری:** آپ کے آفس کو، یہاں کے تمام سٹاف کو اس نئے ہاؤس کے اندر ہماری جو proceedings ہو رہی ہیں اس پر اگر مبارک باد نہ پیش کروں تو وہ نامناسب ہو گا اس لئے آپ سب کو بہت مبارک۔

**سید حسن مرتضیٰ:** جناب سپیکر! اگر آپ کی اجازت ہو تو میں چوہان صاحب کو لینے جاتا ہوں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شاہ صاحب! مخدوم عثمان صاحب بھی آپ کے ساتھ جائیں۔

(اس مرحلہ پر سید حسن مرتضیٰ، سید عثمان محمود اور سید علی حیدر گیلانی وزیر جیل خانہ جات (جناب فیاض الحسن چوہان) کو ایوان میں واپس لانے کے لئے تشریف لے گئے)

**سردار اویس احمد خان لغاری:** جناب سپیکر! کل ملک احمد خان صاحب نے جو تحریک استحقاق پیش کی اس کی بنیاد پر سپیکر صاحب کا جو ایک principle stance تھا، اس کے اندر پوری اسمبلی، اس کی متفقہ طور پر پاس کی ہوئی ایک قرارداد اور ایک قانون پر عمل در آمد نہ ہونے کا جو ایک stance لیا اس پر بھی جناب سپیکر صاحب کو خاص طور پر مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ یہ بات سامنے آئی اور اسے پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے ہم نے اسے push کیا۔

جناب سپیکر! آج سے دو تین دن پہلے جن حالات کے اندر وزیر خزانہ نے پنجاب اسمبلی کے اندر بجٹ پیش کیا وہ حالات کچھ ایسے ہیں کہ اس وقت فیڈرل حکومت سے آنے والی تمام وہ رقم جو اگلے سال کے اندر resources کی صورت میں آنی ہے، divisible pool کی form میں آنی ہے جو ہمیں NFC ایوارڈ کی وجہ سے صوبے کو آمدن ہونی ہے بد قسمتی سے وہ تمام رقوم ابھی تک IMF کی negotiations پر depend کر رہی ہیں۔ آئندہ چند مہینوں کے اندر یہ negotiations کون سا رخ لیں گی، وفاقی حکومت کے پاس کتنی collections ہوں گی اسے کتنے ٹیکسز کا نفاذ کرنا ہو گا، ان ٹیکسز کی بنیاد پر صوبوں کے لئے کتنے پیسوں کی بچت ہو گی۔ پھر وہ کتنے پیسے صوبوں تک منتقل ہو سکیں گے۔ اس وقت تمام چیزیں بہت liquid state کے اندر

ہیں۔ نا صرف فیڈرل حکومت کا جو بجٹ پیش کیا گیا اس کے سر پیر کا کچھ پتا نہیں چل رہا، trillions of rupees کا ایک deficit موجود ہے جن پر IMF کی negotiations کے بہت اثرات ہوں گے اور پھر اس کے صوبے کے resources پر بھی اثرات ہوں گے۔ تو بد قسمتی سے پاکستان میں پہلی دفعہ یہ بجٹ اس طریقے سے announce کیا گیا ہے کہ اس کے سر پیر اور مستقبل کا کچھ پتا نہیں چل رہا۔ بد قسمتی سے پچھلے دو سال سے ہماری شماریات کی جو کتاب رپورٹ ہوتی ہے اس کے اندر پاکستان کے unemployment اور غربت کے اعداد و شمار ہی نہیں دیئے گئے۔ یعنی آج عوام اور عوامی نمائندوں کو اس چیز کا علم ہی نہیں ہے کہ پاکستان کے اندر unemployment کہاں تک پہنچ چکی ہے اور پاکستان کے اندر غربت کی سطح کے نیچے مزید کتنے کروڑ لوگ دھکیلے جا چکے ہیں۔ باہر کی انٹرنیشنل ایجنسیز نے ، ورلڈ بنک، ADB اور مختلف اداروں نے پاکستان میں unemployment and poverty کی جو شماریات دی ہیں ان کے مطابق یہ figures خطرناک ہیں۔ مہنگائی کی وجہ سے مزید دو کروڑ لوگ غربت کی لائن سے نیچے دھکیلے جا چکے ہیں اور unemployment unprecedented levels تک پہنچ چکی ہے۔ بد قسمتی سے وزیر خزانہ نے ان حالات کے اندر بجٹ پیش کیا جس کا قائد حزب اختلاف نے دو اڑھائی گھنٹے لگا کر ہر figures کو discuss کیا اور آپ کے سامنے پیش کرنے کے ساتھ ساتھ اس ہاؤس کی توجہ اس طرف دلوائی اور انہوں نے ایک ایک figure کو آپ کے سامنے رکھا جس پر مزید figures کے اندر جا کر ہر چیز کو explain کرنا کل already ہو چکا ہوا ہے لیکن میں کوشش کروں گا کہ کل جو چیزیں رہ گئی ہیں ان کی طرف اس ہاؤس کی توجہ دلاؤں۔ جب قائد حزب اختلاف کی تقریر ہو گئی تو اس کے بعد ایک موصوف نے اٹھ کر تقریر کی اور انہوں نے اس تقریر کے اندر کوئی ایسی بات کی جو میں at the outset اس پر اپنا protest launch کرنا چاہوں گا اور وہ ہاؤس کے سامنے رکھنا چاہوں گا چونکہ یہ بذات خود آپ کے حلقے سے متعلقہ بات ہے اور جس ضلع کی بات کی اس ضلع سے اور معزز ممبران بھی اس وقت ایوان میں تشریف رکھتے ہیں۔ جب انہوں نے ماڈل ٹاؤن کے واقعہ پر تنقید کرتے ہوئے ہمارے اور ہماری گزشتہ حکومت پر تنقید کر رہے تھے تو جذبات میں آ کر ان کے دل کے اندر جو چھپی ہوئی بات تھی وہ سامنے آئی۔ ان کی اس بات پر میری سخت قسم کی reservations ہیں انہوں نے ایک تو یہ کہا کہ انصاف ضرور ہو گا اور انصاف دے کر رہیں گے،

ان کی حکومت آئے تین سال ہو چکے ہیں اب عوام آپ سے پوچھے گی کہ آپ نے تین سال انصاف کیوں نہیں کیا؟ اب انصاف کرنا آپ کا فرض ہے، تین سال سے حکومت کی باگ ڈور آپ کے ہاتھ میں ہے۔ آپ جو الزامات لگاتے ہیں اگر وہ ہیں تو کہاں ہیں؟ کس عدالت کے اندر ثابت کئے گئے اور انہوں نے جو خطرناک جملہ کہا کہ یہ ایک ماڈل ٹاؤن تھا یہ کوئی راجن پور کا جنگل نہیں تھا جہاں لوگ قتل ہو رہے تھے، کیوں، کیا راجن پور کے جنگل کے اندر انسان نہیں رہتے، راجن پور اور کوہ سلیمان کے پہاڑوں کے اندر انسان اور مسلمان نہیں رہتے، جب ان کے ہاتھ کٹ رہے ہوتے ہیں اور ویڈیوز پھیلائی جا رہی ہوتی ہیں تب آپ کے جذبات کہاں ہوتے ہیں اور کیا رحیم یار خان کے جنگلوں میں انسان نہیں رہتے تو آپ کو صرف لاہور کے ماڈل ٹاؤن میں انسان لگتے ہیں؟ انہوں نے الفاظ چاہے سوچ سمجھ کر ادا کئے یا جذبات کے اندر ادا کئے، براہ مہربانی ان الفاظ کو اسمبلی کی کارروائی سے حذف کرنا چاہیئے۔ ان الفاظ سے مختلف علاقوں کے اندر ایک sense of inferiority ہوتا ہے اور sense of deprivation ہوتا ہے یہ اسے feel کرتے ہیں اس لئے میں اس قسم کی discrimination کے against سخت قسم کی آواز اٹھاتے ہوئے ریکارڈ پر لانا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر! یہ بجٹ اس قسم کے حالات کے اندر بھی سامنے آ رہا ہے، یہاں بڑی strong rumors ہیں جن کے بارے میں مجھے نہیں پتا کہ درست ہیں یا نہیں لیکن خلق خدا کی زبان پر یہ بات ہے کہ جب پی ٹی آئی کے روح رواں، جب پی ٹی آئی کے شہنشاہ اپنی پرائیویٹ محفلوں میں بیٹھتے ہیں تو جب ان کے سامنے پنجاب کی چھوٹی موٹی کرپشن کی بات ہوتی ہے تو وہ کہتے ہیں کہ چھوٹی موٹی کرپشن کا کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ چھوٹی موٹی کرپشن ہوتی رہتی ہے۔ کیا آپ کو پتا ہے کہ چھوٹی موٹی کرپشن کیا ہوتی ہے؟ چھوٹی موٹی کرپشن یہ ہوتی ہے کہ کسی ایس۔ایچ۔او سے اس کی ٹرانسفر کروانے پر پیسے لینا، چھوٹی موٹی کرپشن یہ ہوتی ہے کہ اسسٹنٹ کمشنر، ڈی۔سی اور سیکرٹری کو پیسے لے کر لگانا۔ آپ کو پتا ہے کہ جو شخص اپنی ٹرانسفر کے لئے پیسے دیتا ہے اس کا خمیازہ کس کو بھگتنا پڑتا ہے؟ جس علاقے میں وہ تعینات ہوتا ہے وہاں کے لوگوں سے وہ پیسے وصول کرتا ہے۔ پہلے وہ اپنی investment پوری کرتا ہے اور پھر اپنے لئے پیسا بناتا ہے۔ چھوٹی موٹی کرپشن جس کو ignore کیا جا رہا وہ عوام کا بہت زیادہ نقصان کرتی ہے۔ اس کے علاوہ کرپشن کے بڑے

بڑے سکینڈل بھی سامنے آ رہے ہیں۔ رنگ روڈ راولپنڈی کا سکینڈل حال ہی میں آپ کے سامنے آیا ہے۔ اس چھوٹی موٹی کرپشن کا نقصان ہم ڈیرہ غازی خان اور راجن پور والوں سے پوچھیں۔ جب محکمہ ریلوے کی چیزیں فروخت ہو رہی ہوتی ہیں تو راجن پور کے غیور ایم۔این۔اے اس کے خلاف اُٹھ کر چیخیں مارتے ہیں۔ جب ایک چھوٹے سے علاقے میں بار بار ایس۔ایچ۔او تبدیل ہوتے ہیں تو پھر وہاں پر ہر پرچہ درج کروانے کے لئے پیسے لئے جا رہے ہوتے ہیں۔ آپ وزیر اعلیٰ کے ضلع اور ہمارے علاقے کے لوگوں سے پوچھیں کہ چھوٹی موٹی کرپشن کا ان کی زندگیوں پر کیا اثر پڑتا ہے؟ جب پٹواری کی نوکری کے لئے پیسے لئے جا چکے ہوتے ہیں اور اس بھرتی پر کسی عدالت کی طرف سے stay order جاری ہو جاتا ہے تو پھر پیسے دینے والے غریب لوگ کہتے ہیں کہ ہم نے جو پیسے دیئے تھے وہ واپس دیں لہذا چھوٹی موٹی کرپشن بہت زیادہ نقصان دہ ہے۔

جناب سپیکر! کل جناب حمزہ شہباز شریف نے بطور قائد حزب اختلاف بجٹ کے ایک ایک facts and figures پر بات کی ہے اور یہ ان کی quality of debate ہے۔ اس موجودہ حکومت کی کوئی باقاعدہ پالیسی ہمیں نظر نہیں آ رہی۔ بھائی! ہم نے جو کچھ بھی کیا تم نے کیا کیا ہے؟ پچھلے تین سالوں میں تم نے کیا کیا؟ صرف تم نے یہ کیا اور تم نے وہ کیا کی بات چل رہی ہے۔ حکومت میں رہ کر تم کیا کیا نہیں کہتے بلکہ یہ کہتے ہیں کہ ہاں یہ غلطیاں ہیں اور ہم ان کو ٹھیک کر رہے ہیں۔ حکومت کی طرف سے ہمیشہ policy debate کی جاتی ہے۔ حکومت اپنی پالیسیوں اور پروگراموں کے اُوپر بات کرتی ہے۔

جناب سپیکر! پچھلے سال معزز وزیر خزانہ نے اپنی بجٹ تقریر کرتے ہوئے کہا تھا کہ ہماری حکومت کی زبردست achievement ہے کہ ہم نے اس سال گندم کی record procurement کی ہے اور ان کی یہ بات on record ہے۔ وزیر خزانہ کی پچھلے سال کی تقریر کا یہ حصہ ہے۔ اس record wheat procurement کے بعد کیا ہوا؟ یہ آپ نے اور میں نے دیکھا اور بُھگتا ہے۔ آٹے کی قلت ہوئی اور پھر آٹے کا بحران پیدا ہوا۔ آپ نے اور میں نے یہ سب کچھ دیکھا۔

اسی طرح چینی کا بحران پیدا ہوا۔ ملک میں پہلے چینی موجود تھی لیکن اسے سستے داموں باہر فروخت کیا گیا اور پھر بعد میں مہنگے داموں چینی خریدی گئی، لوگوں کو چینی لینے کے لئے قطاروں

میں کھڑا کیا گیا اور ان کے انگوٹھوں پر نشانات لگائے گئے۔ یہ حکومت شوگر کین کی کون سی پالیسی لے کر آئی ہے؟ آپ Small and Medium Enterprises کی بات کرتے ہیں۔ آپ لوگوں کو روزگار مہیا کرنے کی بات کرتے ہیں جبکہ اصل حالات یہ ہیں کہ جن علاقوں میں شوگر ملز ہیں ان علاقوں یا اضلاع کے اندر لوگوں کو گڑ بنانے کی اجازت نہیں ہے۔ آپ کی policies کدھر ہیں؟ جس جس کی شوگر ملیں نہیں ہیں، چاہے وہ حزب اقتدار یا حزب اختلاف میں بیٹھے ہیں وہ اپنے دل کے اُوپر ہاتھ رکھ کر بتائیں کہ شوگر کین کی production والے علاقوں میں کیا کیا ظلم ہو رہا ہے؟ آپ کو ان علاقوں میں گڑ بنانے کی اجازت نہیں ہے۔ لوگوں کو permits کے ذریعے اجازت دی جاتی ہے۔ ایسا کیوں ہے، کیا یہ آزاد ملک نہیں ہے، کیا یہ Capitalist Society نہیں ہے، کیا یہاں پر ہر چیز open نہیں ہونی چاہئے اور کیا یہاں پر competition نہیں ہونا چاہئے؟ جو مل inefficient ہوگی وہ بند ہو جائے گی اور جو efficient ہوگی وہ اپنا کام جاری رکھے گی۔ گنّے کی قیمت میں حکومت کا کیا کمال ہے؟ جس سال گنّے کی پیداوار کم ہوتی ہے اس سال زمیندار کو قیمت زیادہ ملتی ہے اور جس سال گنّے کی پیداوار زیادہ ہوتی ہے اس سال زمیندار کو قیمت کم ملتی ہے۔ اس میں حکومت کا کوئی کمال نہیں ہے۔ موجودہ حکومت کی شوگر کین کے حوالے سے پالیسی کیا ہے؟ 30 نومبر کو شوگر ملیں چلانے کا اعلان کیا گیا ہے۔ جب تک ہم پرانی چیزوں اور فرسودہ نظام کو ختم نہیں کریں گے تو اس وقت تک صوبہ پنجاب اور پاکستان آگے نہیں بڑھے گا۔

جناب سپیکر! یہاں ایوان میں وزیر زراعت بیٹھے ہوئے ہیں۔ کل قائد حزب اختلاف نے ایگریکلچر کے اُوپر emergency declare کرنے کی demand کی ہے۔ وزیر زراعت اپنے دل پر ہاتھ رکھ کر بتائیں کہ کیا آج صوبہ پنجاب کے اندر agriculture emergency نافذ نہیں ہونی چاہئے؟ حکومت نے گندم کی قیمت بڑھا کر زمیندار کو پانچ سو روپے فی من کے حساب سے زیادہ رقم دی لیکن دوسری طرف کھاد، بیج، بجلی اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کرتے ہوئے زمیندار سے 800/-روپے واپس چھین لئے گئے ہیں۔ مجھے بتائیں کہ کیا گندم کاشت کرنے والا زمیندار آج خوشحال ہے یا بدحال ہے؟ اس کا جواب ان کے پاس ہے لیکن ان میں بولنے کی ہمت نہیں ہے۔ یہ اپنے لیڈر عمران خان کو کس طرح ناراض کریں اور اپنی غلطی کس طرح مان لیں؟ اس ایوان میں شعبہ

زراعت سے تعلق رکھنے والے بہت سے معزز ممبران بیٹھے ہوئے ہیں۔کسی کا رشتہ دار کاشت کار ہے، کوئی خود کاشت کار ہے، کوئی پچاس ایکڑ کا مالک ہے اور کوئی پانچ سو ایکڑ زمین کا مالک ہے۔ آپ ان سے پوچھیں کہ wheat کے اندر کیا returns ہیں؟ آپ خود زمیندار ہیں اور بخوبی جانتے ہیں کہ گندم کی cost میں -/800 روپے فی من کے حساب سے اضافہ ہوا ہے۔

جناب سپیکر! آپ نے فیشن ڈیزائنرز کا ٹیکس ختم کر دیا ہے، آپ نے architect کا ٹیکس ختم کر دیا ہے اور آپ نے بہت سے لوگوں کو ٹیکس کی مد میں رعایت دی ہے تو کیا پچاس ایکڑز تک کے زمین مالکان کے اُوپر ٹیکس ختم نہیں ہونا چاہئے؟ مجھے بتائیں کہ پچاس ایکڑ یا اس سے کم زمین رکھنے والے کاشت کاروں کا ٹیکس ختم نہیں ہونا چاہئے، ان کو tax free نہیں ہونا چاہئے اور اس کے اُوپر ٹیکس کیوں لگے؟ معزز وزیر خزانہ خود بھی agriculture background سے تعلق رکھتے ہیں تو انہوں نے اس حوالے سے وزیر اعلیٰ کے سامنے آواز کیوں بلند نہیں کی؟ وزیر اعلیٰ صاحب خود agriculture background سے تعلق رکھتے ہیں اور کیا وہ اپنا background بُھول گئے ہیں؟ ان کو بخوبی علم ہے کہ پچاس ایکڑ والا زمیندار کس طرح سفید پوشی کی زندگی گزار رہا ہے لہٰذا اس کو ٹیکس میں چھوٹ ضرور ملنی چاہئے۔

جناب سپیکر! انہوں نے ریسرچ کا بیڑہ غرق کر دیا ہے۔ پچھلے تین سالوں میں ریسرچ کے لئے پیسے مختص نہیں کئے گئے۔ اب سُنا ہے کہ کوئی agriculture expert وزیر اعظم کا ایڈوائزر بن گیا ہے۔ وہ نہ تو نیشنل فوڈ سکیورٹی کے وزیر کو پوچھتا ہے اور ہمارے صوبہ پنجاب کے وزیر زراعت کو تو وہ بالکل ہی نہیں پوچھتا ہو گا۔ سُنا ہے کہ وہ کسی کمپنی کا مالک ہوتا تھا اور آج کل وہ ایوب ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کے معاملات کو بھی دیکھ رہا ہے۔ یہ حکومت ایوب ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کے چار شعبہ جات کو ختم کر رہی ہے۔ اس بجٹ تقریر میں بھی اس طرف اشارہ دیا ہوا ہے کہ ہم ریسرچ کو privatize کر رہے ہیں۔ کیا آپ کو پتا ہے کہ کس کس ریسرچ کو یہ privatize کر رہے ہیں؟ یہ wheat, sugarcane, maize and rice کی ریسرچ کو privatize کر رہے ہیں۔ ہمارے ملک میں ان چاروں crops کا کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ پہلے ہی rice کا hybrid seed باہر سے import ہو رہا ہے۔ شوگر کین کی پیداوار پہلے ہی high achieve ہو رہی ہے۔ مکئی وغیرہ کا تو مسئلہ ہی نہیں ہے۔ اسی طرح climate change کے بعد گندم

کیgrowthکا جتناperiodہے اسgrowth periodکے اندر ہم گندم کی چالیس سے پچاس من فی ایکڑ پیداوار حاصل کر رہے ہیں۔ آپ انcropsکی ریسرچ کو کیوںprivatizeکر رہے ہیں، میں بتاؤں کہ اس سے کیا ہو گا؟اس سے ریسرچ اداروں سے وابستہ لوگ اپنی نوکریوں سے فارغ ہو جائیں گے۔ چلیں ان کو کہیں اور نوکریاں مل جائیں گی لیکن ریسرچ کوprivatizeکرنے سے ایک بہت بڑا نقصان ہو جائے گا۔ وہ ایڈوائزر صاحب کیا کرنے جا رہے ہیں؟ایوب ریسرچ انسٹی ٹیوٹ تقریباً 100سال پُرانا ادارہ ہے۔اس انسٹی ٹیوٹ کے اندر ہر varietyکیgenesموجود ہیں جن کوGermplasmکہتے ہیں۔اسGermplasmکا وہاں پر ایک پورا بنک اورreserveپڑا ہوا ہے وہ پرائیویٹ لوگوں کے ہاتھ میں چلا جائے گا اور وہ اسے کسی کمپنی کو فروخت کر دیں گے۔ ہمارے اس خطے میں اُگنے والی ہر سال کی فصل کا جو POLE Genesہے وہ آپ فروخت کرنے جا رہے ہیں۔ آپ کپاس کی ریسرچ کو کیوں privatize نہیں کر رہے ہیں؟ پنجاب سیڈ کارپوریشن خود ہی کپاس کا بیج بناتی ہے اور خود ہی منظور کرتی ہے۔ واہ کیا بات ہے۔اس کیstaple lengthکیrequirementاٹھائیس ملی میٹر رکھی ہوئی ہے جبکہ وہ خود24/24 ,26/26ملی میٹر والی چیزوں کو approveکر رہے ہیں تو وہ ان چیزوں سے complete disconnectedہے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** سردار صاحب! Wind upکریں۔ آپ کو15سے20منٹ ہو گئے ہیں۔

**سردار اویس احمد خان لغاری:** جناب سپیکر! ابھی تو میں نے شروع کیا ہے۔ میںfull speedسے اپنی بات مکمل کرنے کی کوشش کرتا ہوں۔

جناب سپیکر! جب یہ خود institutions بنا نہیں سکتے اور خود improve نہیں کر سکتے تو یہalreadyبنے ہوئےinstitutionsکو خراب کر رہے ہیں۔انہوں نے آتے ہی 56 companies کو ختم کر دیا۔ یہ انہیں خود بنائیں گے اور نہ رہنے دیں گے۔ انہوں نے Fort Munro Development Authority کو تباہ کر دیا، انہوں نے South Punjab Forest Company کو ختم کر کے اگلے دنcabinet meetingکےminutesمیں کہتے ہیں کہ ہم Public Private Partnership کے ذریعے درخت لگائیں گے۔ South

Punjab Forest Company کیا صرف private partnership کے تحت درخت لگا رہی تھی؟ ان کی باتوں اور کام میں contradiction ہے کچھ سمجھ نہیں آ رہی کہ انہوں نے کل کیا کرنا ہے اور یہ کل کیا کرتے ہیں؟ ان میں understanding نہیں ہے، vagueness and confusion ہے اور ان کو issues کی پہچان نہیں ہے۔ ہمیں Preventive Healthcare کی طرف آنا پڑے گا۔ کل جناب سپیکر نے بھی محترمہ وزیر صحت کی تعریف کی اور انہوں نے الحمداللہ بہت hard work کیا ہوا ہے لیکن اس وقت آپ کی penetration into the market کیا ہے؟ آپ لوگ proactively کہاں تک پہنچے ہیں؟ اس document کے اندر کسی نے Preventive Healthcare کی بات کی ہے؟ میں پچھلے سال بھی اس پر چیخا تھا کہ اس کو دیکھو۔ آپ تو کرونا کے اندر بھی Preventive Healthcare نہیں کر سکے۔ جب dengue fever آیا تھا تو میاں محمد شہباز شریف اُس کی prevention کے لئے ہر گھر تک پہنچا تھا اور prevention کے ذریعے ہی dengue کو کنٹرول کیا تھا۔ 22 کروڑ کی آبادی کے لئے آپ Health Ministry کی development کے لئے جتنا مرضی پیسا دے دیں جب تک آپ Preventive Healthcare کی طرف نہیں آئیں گے یہ نہیں ہو پائے گا۔ Preventive Healthcare میں سب سے بڑی چیز پینے کا صاف پانی ہوتا ہے۔ وزیر خزانہ نے تقریر کے پیرا نمبر 29 میں کہا ہے کہ ہم پنجاب کی صرف 16 تحصیلوں میں صاف پینے کے پانی کے لئے 86 ارب روپے کے پروگرام کا آغاز کر رہے ہیں لیکن ہم اُس 86 ارب روپے میں سے صرف 4 ارب روپے مختص کر رہے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ وہ صرف 16 تحصیلوں میں پینے کا صاف پانی نہ ہونے کی وجہ سے بیماریاں بہت زیادہ پھیلتی ہیں اُس کو یہ حکومت 20 سال میں پورا کرے گی اور وہ بھی صرف 16 تحصیلوں میں یہ کام ہو گا۔ واہ، واہ، واہ پاکستان تحریک انصاف کا pro-development کا کیا بجٹ ہے، سبحان اللہ۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! اب آپ population growth پر آ جائیں۔ میں نے پچھلی دفعہ اپنی تقریر کے اندر یہ عرض کی تھی کہ میں کوئی تقریر population growth کو mentioned کئے بغیر نہیں کروں گا لیکن اس بجٹ میں population growth کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ ان سے پوچھیں کہ انہوں نے population growth control کرنے کا کتنا فنڈ رکھا ہے؟ میں چیلنج کرتا ہوں کہ

آج پاکستان کا سب سے بڑا مسئلہ population کا growth rate ہے۔ آپ population کو sustain نہیں کر سکتے، چاہے وہ پاکستان تحریک انصاف ہو یا پاکستان مسلم لیگ (ن) ہو۔ اس population growth rate کے ساتھ آپ کا governance structure, crumble کر چکا ہوا ہے۔ آپ کی service delivery zero پر جا رہی ہے۔ آپ کا کوئی لوکل گورنمنٹ سسٹم ہو یا NGO's کا سسٹم ہو یا community organization کا infrastructure ہو، اس population growth کو کچھ بھی match نہیں کرے گا۔ ہم as a nation جس طرح nuclear program کے اوپر اکٹھے ہوئے تھے ہمیں بڑھتی ہوئی آبادی کو کنٹرول کرنے کے لئے اس کے اوپر policies بنانی پڑیں گی اور یہ policies بنانی چاہئیں۔

جناب سپیکر! اب بجٹ تقریر کے پیرا نمبر 33 کے اوپر آجائیں۔ یہ کہتے ہیں کہ ہم نے Billion Tree Tsunami Programme کے لئے اڑھائی ارب روپیہ رکھا ہے۔ ارے بھائی! South Punjab Forest Company میں بغیر اڑھائی ارب روپے کے تین سال پہلے پونے تین کروڑ درخت لگ چکے ہوتے۔ وہ اس وقت تین سال بڑھے ہوتے اُس کا نقصان کون برداشت کرے گا؟ اُس کا نقصان جنوبی پنجاب برداشت کر رہا ہے۔ میرا اور آپ کا پنجاب کا حصہ جنوبی پنجاب ہے جس کو صوبہ بننا تھا وہ حصہ climate change کا سب سے worst affected area وہ ہے۔ جنوبی پنجاب میں کپاس کی فصل ختم ہو گئی ہے کیونکہ وہاں پر climate change ہوا ہے، بیج کی حیثیت تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ اُس کو pigbol worm, whitefly and humidity کے کنٹرول کے اثرات سے بچانے کے لئے genes ڈالنے ہیں اور یہ climate change کا effect ہے۔ وہاں پر ہم نے درخت لگانے تھے لیکن کسی نے آکر کہا کہ اس کمپنی کو ختم کرو تو اُس کمپنی کو ختم کر دیا گیا۔ 3 کروڑ درخت جو مفت میں لگ رہے تھے وہ اب نہیں لگیں گے۔ اُس environmental damage کو یہ Billion Tree Tsunami والے کہاں سے پورا کریں گے اور اس کا جواب کون دے گا؟

جناب سپیکر! یہ آگے کہتے ہیں کہ ہم نے tourism کا بڑا effect کیا اور چھ جگہوں کا نام بتایا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے home district کے اندر ایک tourist destination ہے اُس کا نام Fort Munro ہے اُس کی Development Authority بنی تھی جس کو ختم کر

دیا گیا۔ وہاں پر چار گھنٹے سے زیادہ بجلی نہیں دیتے، وہاں کی پولیس کو revive نہیں کیا، بارڈر ملٹری پولیس کے اندر بڑے بڑے تمن دار اور سرداروں کے رشتہ داروں کو رسال دار بنا دیا لیکن سوار نہیں رکھے، دفع دار نہیں رکھے، نائب دفع دار نہیں رکھے، چپڑاسی نہیں رکھے، کلرک نہیں رکھے، پانی پلانے والے نہیں رکھے اور تمن دار سرداروں کو رسال دار بنا دیا۔ بس، یہ آپ کی reforms ہیں اور آپ کے پاس tourist destination کا یہ جواب ہے؟

جناب ڈپٹی سپیکر! آپ کا جنوبی پنجاب کا سیکرٹریٹ کہاں ہے؟ آپ کو تو notification نکالنا نہیں آتا۔ آپ نے تو دسمبر کے مہینے میں ایک notification نکالا، notification نمبر فلاں فلاں، فائل نمبر فلاں فلاں ...To Whom It May Concern پورا لکھا، پھر کہتے ہیں کہ او، او، او، او۔ غلطی ہو گئی، Typo error۔typo error پورے خط کے اندر دو لفظ کا typo error ہوتا ہے۔ وہ کیسا typo error ہے جو پورے notification جتنا لمبا ہو گیا؟ جنوبی پنجاب کا جو علیٰحدہ job quota تھا اُس کو آپ نے کہاں implement ہونے دیا ہے؟ آپ نے جنوبی پنجاب کی jobs ٪35 علیٰحدہ کر کے رکھی ہیں اور اس پر جنوبی پنجاب والے کیوں نہیں بولتے؟ کل جناب سپیکر اور ہم سب نے Rescue 1122 کے حوالے سے جس طرح زور لگایا۔ آپ بھی ہیں، جناب وزیر خزانہ بھی ہیں اور جنوبی پنجاب کا پورا محاذ ادھر بیٹھا ہوا ہے۔ آپ آج کھڑے ہوناں کہ ہم اُس وقت تک بجٹ پاس نہیں ہونے دیں گے جب تک جنوبی پنجاب صوبہ نہیں بنتا۔ میں دیکھوں گا کہ جنوبی پنجاب کس طرح سے صوبہ نہیں بنتا، دو دن میں جنوبی پنجاب صوبہ بن جائے گا۔ آپ جنوبی پنجاب کے لئے کیوں نہیں کھڑے ہوتے؟ آپ کی [**************] کی آوازیں کہاں گئیں؟ وہ لمبی لمبی شعر و شاعری کدھر ہے؟ اوہ سرائیکی دے شعر پڑھدے سن [*********************]

* بحکم جناب ڈپٹی سپیکر صفحہ نمبر 163 الفاظ کارروائی سے حذف کئے گئے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** سردار صاحب! بہت ٹائم ہو گیا ہے اس کو wind up کریں۔

**سردار اویس احمد خان لغاری:** جناب سپیکر! میں خالد واران صاحب کا ٹائم لے سکتا ہوں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** سردار صاحب! ان کا نام میرے پاس لسٹ میں نہیں ہے۔ سردار صاحب! last one minute. رانا شہباز صاحب! آپ تشریف رکھیں۔ جی، راجہ صاحب!

**وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی** (جناب محمد بشارت راجہ): جناب سپیکر! محترم سردار صاحب نے جذبات میں آ کر کہا ہے کہ یہ جنوبی پنجاب والے غدار ہیں اور یہ قاتل ہیں میری آپ سے استدعا ہے کہ یہ الفاظ حذف کر دیں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی، سردار صاحب کے ان الفاظ کو حذف کیا جاتا ہے۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جی، سردار اویس احمد خان لغاری!

**سردار اویس احمد خان لغاری:** جناب سپیکر! اگر محترم لاء منسٹر صاحب کسی دن اجازت دیں تو میرے حلقے پر پڑھی ہوئی جو تقریریں اور قصیدے تھے میں منسٹر صاحب کو سنانا چاہتا ہوں پھر آپ انصاف کریں گے۔ کہ مجھے کہنا چاہئے کہ نہیں کہنا چاہئے ۔آپ کی Provincial autonomy کو Finance Minister اور Finance Ministry سے trample کیا جا رہا ہے۔ Finance Minister صاحب تو ماشاءاللہ strong آدمی ہیں وہ ضرور for the interest of the province resist کرتے ہوں گے لیکن Finance Ministry کے جنجال میں سے اربوں روپے surrender کر کے واپس وفاق کو بھیجے جاتے ہیں کیوں؟ کیا ملتان، ڈیرہ غازی خان ، بہاولپور، رحیم یار خان، روجھان، مظفر گڑھ، لیہ، بہاول نگر اور راجن پور ان سب کو پیسے نہیں چاہئیں ؟ جب 110 ارب روپے وفاق کو واپس بھیجے جاتے ہیں تو جناب کے حلقے والوں کو بُرا نہیں لگتا ہے۔ ہمیں برا لگتا ہے کیا ہمارے سکولوں کو پیسوں کی ضرورت نہیں ہے ؟ رحیم یار خان میں بہت اچھی developments ہو چکی ہوں گی ہمارے اضلاع میں اتنی نہیں ہوئی۔ ہمیں فنڈز دیں ہمارا پیسا واپس وفاق کو کیوں دے رہے ہیں؟ خدارا ہمارا share ہمیں دیں۔ اس صوبہ کا share ہمیں چاہئے۔ پرائم منسٹر آف پاکستان irrespective وہ پی ٹی آئی کے ہیڈ ہیں کہ نہیں ۔یہ ایک constitutional position ہے۔ Prime Minister of Pakistan کو کوئی اختیار نہیں

ہے۔ میرے صوبہ کے Chief Executive کو آ کر dictate کرنے کا ان کو کوئی حق نہیں ہے۔ یہ ہمارا آئینی حق ہے یہ ہماری اسمبلی ہے ہماری اسمبلی کا چیف منسٹر ہے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** سردار صاحب! Please اس کو wind up کریں۔

**سردار اویس احمد خان لغاری:** جناب سپیکر! ہماری اسمبلی کے چیف منسٹر اپنے اختیارات استعمال کریں گے یہ اس کا constitutional right ہے۔ آپ براہ مہربانی وہ اپنے decisions ہمارے اوپر thrust نہ کریں۔ عمران خان صاحب نے پچھلے دنوں Canadian TV Channel کو Islamophobia پر ایک interview دیا ہے اس کے اندر انہوں نے hatred کی بات کی ہے اور کہا ہے کہ وہ لوگ جو اسلام کے خلاف یا معاشرے میں کسی بھی صورت میں hatred پھیلاتے ہیں وہ معاشروں کو ختم کرتے ہیں۔ ہمارا آج political معاشرہ polarization اور hatred کی مار سے پٹا ہوا ہے ہم لوگ کسی چیز پر اکٹھے بیٹھ کر بات نہیں کر سکتے چاہے فلسطین ہو، اسرائیل ہو، electoral reforms ہوں، جنوبی پنجاب ہو کچھ بھی ہو۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ سردار اویس احمد خان لغاری!

**سردار اویس احمد خان لغاری:** جناب سپیکر! بس ایک منٹ بات کروں گا۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی، سردار صاحب! آپ آخری بات کریں۔

**سردار اویس احمد خان لغاری:** جناب سپیکر! میں آخر میں صرف یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ میرے حلقے میں غازی یونیورسٹی ہے اس یونیورسٹی کے اندر M.Phil کے students ہیں وہ تمام students تمام لوازمات پورے کر چکے ہیں۔ ایک طرف تین سال گزرنے کے بعد اب ہمارا Higher Education کا بجٹ 18 ارب سے کم کر کے 15۔ارب روپے پر لے آئے ہیں۔ 3۔ارب روپے وہاں کے کم ہوئے غازی یونیورسٹی کا سٹاف وہ M.Phil کے students جو پاس ہو چکے ہیں ان سے 10000 روپے fee for degree کیوں مانگ رہا ہے؟ ان کو degrees کیوں نہیں دی جا رہیں؟ یہ وہاں کی youth کا اور students کا مطالبہ ہے کہ آپ کے سامنے اس بات کو ہم اٹھائیں تاکہ ان طلباء کو جو study complete کر چکے ہیں ان کو ان کی degrees مل جائیں

۔اگر میرے کسی بھی الفاظ سے یا جوش و جذبات سے کوئی گستاخی ہو گئی ہو تو میں اس کی ہاتھ باندھ کر معذرت چاہتا ہوں۔ شکریہ

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ سردار صاحب! جی، عمر تنویر بٹ صاحب! آپ بات کریں۔

**جناب عمر تنویر:** اَعوذ باللہ من الشیطن الرجیم۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان اور رحم کرنے والا ہے۔

جناب سپیکر! سب سے پہلے میں پنجاب اسمبلی کے اس نئے ایوان کی تکمیل پر آپ کو بہت بہت مبارک باد پیش کرتا ہوں چونکہ آج چودھری پرویزالٰہی صاحب یہاں موجود نہیں ہیں لیکن یہ ان کی determination تھی کہ انتہائی egoistic اور insecurity regime جس نے 16 سال اس منصوبہ کو تاخیر کا شکار رکھا انہوں نے اپنی مستقل مزاجی سے الحمد اللہ ہمیں یہ ایوان دیا ہے اور میں Chief Minister جناب سردار عثمان بزدار صاحب کا بھی خصوصی شکریہ ادا کرنا چاہوں گا کہ انہوں نے اس اسمبلی کی تکمیل کے لئے جو فنڈز required تھے انہیں بلا تاخیر جاری کیا اور آج ہم اس ایوان میں کھڑے ہو کر عوام کی امنگوں کی ترجمانی کر رہے ہیں۔ میں صرف ایک چیز بار بار سوچتا ہوں کہ کل جب اپوزیشن لیڈر یہاں کھڑے ہو کر تقریر کر رہے تھے تو ان کو [***********] کہ انہوں نے اسی منصوبہ کو روکنے کے لئے 16 سال بغض چودھری پرویزالٰہی میں انہوں نے اس منصوبہ کو روکا۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** میں ان الفاظ کو حذف کرتا ہوں۔

Order in the House آپ سب اپنی نشستوں پر تشریف رکھیں۔ میں نے ان الفاظ کو حذف کر دیا ہے۔ جی، بٹ صاحب!

**جناب عمر تنویر:** جناب سپیکر! کل اپوزیشن لیڈر صاحب نے ادھر کھڑے ہو کر بڑے جوش میں تقریر کی انہیں شاید خود بھی اپنی تقریر سمجھ نہیں آئی اور اسی طرح ہمیں بھی سمجھ نہیں آئی کیونکہ انہوں نے ریاضی کے figures کا گورکھ دھندہ ایوان کے سامنے پیش کرنے کی ایک ناکام کوشش

---

* بحکم جناب ڈپٹی سپیکر الفاظ کارروائی سے حذف کئے گئے۔

کی تو مجھے یہ لگا کہ شاید ان کی معاشی ٹیم یا جس ٹیم نے بھی ان کو بجٹ کی briefing دی ہے یا تو وہ ان کو صحیح طریقے سے سکھا نہیں سکے یا پھر انہوں نے کبھی ریاضی کے figures کو سمجھنے کی ان میں سمجھ ہی نہ تھی۔ اس میں ان کا قصور بھی نہیں ہے کیونکہ آج تک ان کو figure کا ایک ہی مطلب تھا ان کو کبھی ریاضی کے figures کا پتا ہی نہیں چلا تھا لہٰذا میری اپوزیشن کے تمام دوستوں سے یہ گزارش ہے کہ جتنے بھی آپ کی طرف سے ممبران تقریر کریں وہ آپ سب ایک بار مہربانی فرما کر بجٹ کو پڑھ لیں تاکہ دوبارہ آپ کو بھی شرمندگی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

جناب سپیکر! کل اپوزیشن لیڈر نے جمہوریت کے نام پر بڑی تقریر کی کہ اس سسکتی جمہوریت کو ہم نے کالی پٹیاں باندھ کر سہارا دیا ہم نے دھاندلی کو مان لیا تو کاش ایسا ہوتا کہ آپ بھی تھوڑا سا ہماری جمہوریت کے حسن کو سراہتے کہ ہم نے بھی ان لوگوں کو جن کی کرپشن کی داستانیں زبان زد عام اور سرے بازار ہیں ان کو یہاں کھڑے ہو کر اڑھائی گھنٹے بڑے حوصلے کے ساتھ سنا اور جس کے وہ دعوے دار تھے کہ وہ غریبوں کی امنگوں کے بڑے دعوے دار ہیں۔ ان کے ایک ترجمان نے یہاں پر ایک سوال اٹھایا کہ اس حکومت نے مزدور کی اجرت کم سے کم 20ہزار مقرر کی ہے جس کے اوپر انہوں نے اعتراض اٹھایا تو میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ آپ کے دور حکومت میں مزدور کی اجرت کیا تھی؟ ایک لحاظ سے ان کی بات بالکل درست ہے یہ بات کہنے میں یہ حق بجانب ہیں کیونکہ ان کے جتنے بھی ملازمین ہیں ان سب کی تنخواہ کو 20ہزار یا شاید 17ہزار ہی ہوگی لیکن ان کے اکاؤنٹوں میں اربوں کروڑوں کی TTs ضرور آتی ہیں۔ اس TT کے لفظ سے مجھے اپنے بچپن کی ایک بات یاد آگئی کہ جب بچپن میں گلی محلے میں ہم کھیلا کرتے تھے تو محلے کا ایک ایسا بچہ ہوتا تھا جو ساری چاچیوں اور ماسیوں کا بڑا favorite ہوتا تھا اس کا نام بھی TT ہوتا تھا اور وہ تمام ماسیوں اور چاچیوں کے لئے بازار سے سامان لایا کرتا تھا اور فرق صرف یہ تھا کہ وہ جب بھی سامان لے کر آتا تھا تو وہ اس میں سے اپنی TT کے طور پر پیسے کاٹتا تھا اور الزام دکان داروں پر لگاتا تھا کہ باہر مہنگائی ہے۔ آج فرق صرف اتنا ہے کہ یہ ملکی سطح کے TT ہیں انہوں نے جب بھی پاکستان کے لئے کوئی چیز لائی اس میں سے اپنی TT کاٹی اور اپنے ملازمین کے اکاؤنٹوں میں ڈالی اور ان ملازمین کو پتہ بھی نہیں ہوتا تھا۔ اپوزیشن لیڈر نے facts and figures کی بات کی میں بھی اب کچھ حقائق اس ایوان کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں Forbes Magazine جو کہ عالمی معیشت کا سب سے قابل

اعتماد source سمجھا جاتا ہے اور وہ اپنے جریدے میں کیا لکھتے ہیں کہ IMFاور World Bankنے پچھلے سال پیشین گوئی کی تھی کہ

(اس مرحلہ پر جناب چیئرمین میاں محمد شفیع کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

پاکستان کا GDP growth rate 1.3% سے 1.5 فیصد تک رہے گا لیکن پاکستان نے 4 فیصد تک growth rate حاصل کیا۔ ہم نے کم سے کم اجرت 20 ہزار روپے مقرر کر کے ان کو حیرانی میں مبتلا کر دیا جس کی ایک جھلک ہم نے اپوزیشن لیڈر کی باتوں اور آنکھوں میں بھی دیکھی کہ وہ بھی حیران تھے کہ یہ 4 فیصد growth rate کیسے حاصل کیا۔

جناب والا! آگے وہ لکھتا ہے کہ دنیا کے دو بڑے معاشی ملک امریکہ اور انڈیا کی معیشت کرونا کی وجہ سے تباہ ہو گئی لیکن پاکستان کی حکومت نے اپنی بہترین معاشی پالیسیوں کی بدولت نہ صرف کرونا جیسی وباء سے نجات حاصل کی بلکہ اپنی معیشت کو بھی سہارا دیا۔ اس کی مثال پوری دنیا میں نہیں ملتی یہ میں نہیں بول رہا بلکہ یہ Forbes والے بول رہے ہیں۔ یہ جا کر ان کو بتائیں کہ یہ جھوٹ ہے یا سچ ہے۔ ہم جب دوسرے end پر دیکھتے ہیں کہ ایک کمانڈر سیف گارڈ صاحب کرونا کے ٹائم میں اُترے اور انہوں نے آکر شور مچایا کہ جس طرح میں نے ڈینگی ختم کیا تھا اسی طرح میں کرونا ختم کروں گا لیکن دیکھنے میں یہ آیا ہے کہ اپنے محل میں ایک ٹی۔وی سکرین کے پیچھے بیٹھ کر بھاشن جھاڑتے رہے عملی طور پر انہوں نے کبھی کچھ نہیں کیا لیکن عمران خان نے الحمدللہ اس قوم کو اکٹھا کر کے اس کو حوصلہ دیا اور کرونا جیسی وباء سے نکال کر دکھایا۔

جناب چیئرمین! پھر وہ لکھتا ہے کہ پوری دنیا کی دس لاکھ کی آبادی یعنی ایک ملین کا جو cluster ہے اس میں ہر روز 62 نئے کیسز رپورٹ ہوتے ہیں۔ اللہ کی مہربانی سے پاکستان میں صرف 12 کیسز رپورٹ ہوتے ہیں۔ پاکستان کی سٹاک مارکیٹ آج بلند ترین سطح پر trade کر رہی ہے اور ریکارڈ بنا رہی ہے۔ یہ terminology اپوزیشن والوں کے لئے بہت ضروری ہے شاید آپ کو سمجھ نہ آئے public debt to GDP اور GDP growth کے ساتھ جتنے بھی ترقی پذیر ممالک ہیں ان کے قرضے کا 10 فیصد growth rate ہوا لیکن پاکستان کے بارے میں وہ لکھتا ہے کہ broadly unchanged رہا public debt to GDP ratio تین سال قبل اس ملک کا current account deficit 19 billion dollars چھوڑ کر گئے تھے۔ آج وہ 900 million dollars

foreign surplus ہے۔ آج الحمدللہ کوئی deficit پاکستان کا نہیں ہے۔ یہ 7-ارب ڈالرز پر reserves چھوڑ کر گئے تھے۔ آج 16-ارب ڈالرز پر ہیں۔ آپ Forbes کی website پر جائیں گے تو ان کو data مل جائے گا آپ اس کی tension نہ لیں جبکہ foreign exchange reserves آج 24-ارب ڈالرز ہیں۔ Forbes کا کہنا ہے کہ یہ کامیابی صرف اور صرف پاکستان کی بہترین معاشی پالیسیوں کا نتیجہ ہے جس میں ہر سال مزید بہتری دیکھنے کو ملے گی۔

جناب والا! اب ان کے زمانے کی معاشی ترقی کا اندازہ لگالیں۔ انہوں نے اس ملک کو ایک import oriented country بنا کر چھوڑ دیا۔ آپ کو آج سے تین سال پہلے دو قسم کے لوگ ملتے تھے اور وہ کون تھے ایک وہ لوگ جو چائنہ یا کسی اور ملک سے سامان import کرتے تھے اور پاکستان میں بیچتے تھے۔ آپ جس شخص سے پوچھتے تھے وہ سامان import کرتا تھا اور پاکستان میں بیچتا تھا۔ ان کے علاوہ دوسرے پراپرٹی ڈیلرز تھے۔ اگر انہوں نے روزگار کے نام پر سکیمیں دیں تو پیلی ٹیکسیاں دیں اور کہا کہ جاؤ ان پیلی ٹیکسیوں کو چلاؤ اور اپنا روزگار کماؤ۔ کیا اس طرح بھی قومیں بنی ہیں اور ان کی فلاح ہوئی ہے جبکہ پاکستان تحریک انصاف کی حکومت کی میں صرف ایک مثال اپوزیشن والوں کو دینا چاہتا ہوں کہ آج الحمدللہ پاکستان Amazon کے اوپر ایک seller کے طور پر رجسٹرڈ ہے۔ آج پاکستان Amazon کے ذریعے پوری دنیا کو اپنی products sale کر سکتا ہے۔ آج پاکستان دنیا کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بات کر سکتا ہے۔ آج جب CIA کا چیف پاکستان آتا ہے تو اس کو یہ جواب دیا جاتا ہے کہ تم Prime Minister سے نہیں مل سکتے تم اگر ملو گے تو اپنے ہم منصب سے ملو گے۔ وہ زمانہ چلا گیا جب وزیراعظم پرچی پکڑ کر کرسی پر بیٹھا ہوتا تھا اور ہاتھ جوڑ کر کہتا تھا کہ جناب ہماری بات سن لیں اور مان لیں۔ آج پاکستان کا ایک وقار ہے اور پاکستان اپنی بات خود کرنے کے قابل ہو چکا ہے۔

جناب سپیکر! لیڈر کی کوئی بھی تعریف اٹھا کر دیکھ لیں۔ آپ کو اس میں ایک چیز مشترک ملے گی کہ لیڈر نے ہمیشہ اپنی قوم کو جہالت کے اندھیروں سے نکالا اور شعور کی روشنی میں لے کر آیا لیکن اگر ہم ماضی کے سابق سیاسی چیمپئینز کو دیکھیں تو انہوں نے اپنے کارکنوں کو ماسوائے نعروں کے اور کچھ نہیں سکھایا کہ "میاں دے نعرے وجن گے، شیر آئے گا شیر آئے گا" ہم نے ابھی کل ہی دیکھا کہ وہ حضرت نازک جب سرخی پاؤڈر لگا کر اندر آئے تو انہوں نے پھر سے

شیر شیر کے نعرے لگانے شروع کر دیئے۔ یہی وہ سبق ہے جو انہوں نے اپنے کارکنوں کو سکھایا ہے۔ یہ عمران خان کا کمال ہے کہ آج اس ملک کا بچہ بچہ GDP growth, import, export، اس کے علاوہ current account deficit اور اس طرح کی تمام اصلاحات سے نا صرف واقف ہے بلکہ ان کو جانتا ہے۔ انشاء اللہ وہ وقت دور نہیں اور آنے والے وقت میں ان کے کارکن بھی بریانی کے بجائے کارکردگی کو ووٹ دیا کریں گے۔(نعرہ ہائے تحسین)

شاید ابھی شعور کی منزلیں تھوڑی سی دور ہیں۔ ابھی تو انہوں نے مہذب معاشرے میں صرف آنکھ کھولنا سیکھا ہے۔ انشاء اللہ عمران خان کے ایک یا دو ادوار اور رہے تو یہ باقی سب کچھ بھی سیکھ جائیں گے۔

جناب چیئرمین! اب میں اپوزیشن کے بنیادی issue کو ذرا address کرنا چاہتا ہوں اور اس کی ایک چھوٹی سی مثال دینا چاہتا ہوں کہ ایک بند دکان پر دو بزرگ تھڑے پر بیٹھے ہوئے تھے۔ وہ ہنس ہنس کر لوٹ پوٹ ہو رہے تھے تو راستے میں چلتے ہوئے ایک راہگیر نے ان سے پوچھا کہ جناب آپ کس بات پر اتنا خوش ہو رہے ہیں تو انہوں نے کہا کہ ہم نے پاکستان کے تمام مسائل کا حل ڈھونڈ لیا ہے۔ انہوں نے پوچھا کے مسائل کا کیا حل ڈھونڈا ہے تو انہوں نے کہا کہ تمام قوم کو اٹھا کر جیل میں ڈال دیا جائے اور اس کے ساتھ ایک 'کھوتے' کو بھی جیل میں ڈال دیا جائے۔ وہ راہگیر بڑا پریشان ہوا اس نے تجسّس کے مارے دونوں بزرگوں سے پوچھا کہ یہ بتائیں کہ 'کھوتے' کو جیل کے اندر کیوں ڈالنا ہے۔ اس پر ایک بزرگ ہنستے ہوئے دوسرے سے کہنے لگے کہ ویکھیا ای رحیمے میں تینوں آکھیا سی کہ قوم دا خیال کسے نے نہیں کرنا سارے 'کھوتے' دا ای پچھن گئے۔ اپوزیشن کا بھی یہی حال ہے۔ ان کو عوام کی کوئی پروا نہیں ہے صرف اور صرف اپنے لیڈر کی چوری بچانے کے لئے، ابو کی کرپشن بچانے کے لئے یہ یہاں پر آتے ہیں، واویلہ کرتے ہیں اور شور مچاتے ہیں۔ میری ان سے صرف ایک گزارش ہے کہ پنجاب حکومت نے ایک بہترین بجٹ پیش کیا ہے۔ میں وزیر اعلیٰ سردار عثمان بزدار صاحب اور مخدوم ہاشم جواں بخت صاحب کا انتہائی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے ایک بہترین بجٹ پیش کیا جس میں ہر شعبہ اور ہر سیکٹر کو پہلے سے زیادہ فنڈز جاری کئے۔ اب وقت بدل چکا ہے میری آپ سے گزارش ہے کہ آپ بھی اپنے لیڈروں کی چوری کو defend کرنا چھوڑیں اور عوام کی ترجمانی کرنا سیکھیں۔

جناب چیئرمین! میرا حلقہ راولپنڈی کینٹ ہے۔ یہ حلقہ ہمیشہ سے پنجاب اور وفاق کے درمیانping-pong ballکی طرحsuffer ہو تا رہا ہے۔اس حلقے کو کبھی وفاق سے فنڈز نہیں ملتے تھے اور کبھی پنجاب کی طرف سے نہیں ملتے تھے۔ آج میں سردار عثمان بزدار صاحب کا شکر گزار ہوں کہ جنہوں نے اس پر خصوصی شفقت کرتے ہوئے ہمیں ریکارڈ ترقیاتی فنڈز دیئے اور اس کے ساتھ ساتھ میرے حلقہ میں ایک سپورٹس کمپلیکس منظور کیا۔ میری اپوزیشن سے بھی گزارش ہے کہ ایک دفعہ بجٹ کو پڑھیں اور اس کے بعد تقریر کریں۔ بہت بہت شکریہ۔

**جناب چیئرمین:** جی، شکریہ۔ پیر اشرف رسول صاحب!

**جناب محمد اشرف رسول:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! میں پنجاب اسمبلی کی نئی عمارت بننے پر جناب سپیکر اور ہر اس ورکر جس نے ایک اینٹ بھی لگائی سب کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین! ابھی میرے ساتھی نے ہم پرdirect حملہ کیا ہے۔ میں یہی کہوں گا کہ:

آپ کہتے ہیں تو ٹھیک ہی کہتے ہوں گے
میرے اجداد نے تہذیب نہ سیکھی ہوگی
مفلسی حسِ لطافت کو مٹا دیتی ہے
بھوک آداب کے سانچوں میں نہیں ڈھل سکتی

جناب چیئرمین! 16 صفحوں کی جو بجٹ تقریر تھی۔ میں نے اس کو کئی مرتبہ پڑھا لیکن مجھے اس میں ایسی کوئی چیز نظر نہ آئی جو پنجاب کے 90 فیصد غریب عوام جو بھوک سے پریشان ہیں، جو مہنگائی سے پریشان ہیں، جو مجبور ہیں اور میرے وہ سرکاری ملازم بھائی جو مجبور ہیں ان کے بارے میں کچھ نہیں کہا گیا۔

آج سندھ کا بجٹ دیکھیں تو وہاں پر سرکاری ملازمین کی تنخواہیں 25 فیصد بڑھائی گئی ہیں لیکن آپ 25 فیصد کیوں نہیں بڑھاتے اور صرف 10 فیصد بڑھانے پر مجبور ہو گئے ہیں جبکہ actual پچھلے دَور سے 17 فیصد minus ہوئی ہیں۔ آپ غریبوں کا بڑا خیال کرتے ہیں لیکن اُن کے لئے کیا کیا ہے؟

جناب چیئرمین! میں ہیلتھ کے بارے میں کچھ نہیں کہوں گا کیونکہ ہیلتھ منسٹر صاحبہ بیمار ہیں لیکن اسمبلی میں دونوں طرف بیٹھے ہوئے تمام ایم پی ایز سے پوچھنا چاہوں گا کہ کوئی ایک بندہ اللہ کی قسم کھا کر کہے کہ آپ کو کبھی اسمبلی سے پوری دوائی ملی ہے تو میں سمجھوں گا کہ آپ نے ہیلتھ میں بڑا کارنامہ سرانجام دیا ہے۔ ہم تو خیر مزدور طبقے سے ایم پی اے بن کر آئے ہیں لیکن آپ اپنی کلاس کی دوائی پوری نہیں کر سکتے تو وہ غریب عوام جو رحیم یار خان، شیخوپورہ اور ملتان میں رہتی ہے اُن کی ادویات پوری اور اُن کے مسائل کیسے حل کریں گے؟ انہوں نے بات کی کہ ہمارے لیڈر نے بڑا کام کیا ہے اور کرپشن کے خاتمے کی بات کرتے ہیں لیکن میں آپ کو بتاتا ہوں کہ آپ نے Ravi Urban Development Authority (RUDA) بنائی ہے جس میں آپ monopolism پیدا کر رہے ہیں۔ آپ ایک بحریہ ٹاؤن نہیں بلکہ 9 بحریہ ٹاؤن مزید پیدا کر رہے ہیں جن کے نام میرے پاس موجود ہیں۔ میرا حلقہ جو دریائے راوی کے اُس طرف ہے اُس زمین کو آپ acquire کر رہے ہیں۔ اُس زرعی زمین کا 2 لاکھ روپے ٹھیکہ ہوتا تھا لیکن آپ ایک ایکڑ کے پیسے صرف اتنے دے رہے ہیں یعنی آپ ہماری زمینیں چھین رہے ہیں۔ اس کے علاوہ وہاں پر گاؤں موجود ہیں۔ اگر آپ نے پچھلی تاریخ پڑھی ہو تو پتا ہے کہ چک کیوں بنا کرتے تھے کیونکہ اُس وقت انگریزوں کے دَور میں جب لوگ غریب تھے تب اُن لوگوں کو زمینیں دی گئی تھیں تاکہ وہ انگریزوں اور ایسٹ انڈیا کے خلاف بغاوت نہ کریں۔ وہ زمینیں لی گئیں اور بعض families نے آباد کیں لیکن اس کے باوجود ہم نے اُن کے خلاف بغاوت کی۔ آج ایک اتھارٹی بنا کر ہم سے وہ زمینیں چھیننا چاہتے ہیں۔ آج LDA کے چیئرمین کو چیف منسٹر نے اپنی ساری powers دی ہوئی ہیں، کیا اُن کا عزیز اس میں involve نہیں ہے؟ اگر میں یہاں پر نام لوں تو بہت دُور تک بات جائے گی لیکن میں آپ کو کہہ رہا ہوں کہ پہلے ایک ملک ریاض ہوتا تھا اور میرے حلقے میں آپ نے 9 ملک ریاض پیدا کئے ہوئے ہیں۔ آپ سندھ میں دیکھ لیں کہ انہوں نے national issues پر آواز اٹھائی ہے۔ کیا آپ یہ کہتے ہیں کہ ہم RUDA کے مسئلے میں آواز اٹھا رہے ہیں لیکن میں یہ بات بتانا چاہتا ہوں کہ ابھی ہم خاموش ہیں لیکن اگر آپ نے ہماری زمینیں اس طرح سے چھیننے کی کوشش کی تو خدا کی قسم ہم آپ سے وہی سلوک کریں گے جو ایسٹ انڈیا کے ساتھ کیا تھا۔ ہم آپ اور ایسٹ انڈیا میں کوئی فرق نہیں سمجھتے۔ (نعرہ ہائے تحسین)

میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ ایشیا میں سب سے بڑی کرپشن ہونے والی ہے۔ میں رنگ روڈ راولپنڈی کی بات نہیں کروں گا جس پر وہ شخص کہتا تھا کہ میں پرسوں آ جاؤں گا لیکن وہ کہاں گیا ہے، اس میں جو افراد involve ہیں وہ کہاں ہیں؟ وہ منصوبہ تو 50 یا 100۔ارب روپے کا ہو گا لیکن RUDA میں کھربوں روپوں کا بجٹ involve ہو گا لیکن حد ہو گئی ہے کہ آپ سب یہاں خاموش بیٹھے ہوئے ہیں۔ آپ یہاں پر ترقی کی بات کرتے ہیں لیکن پہلے کرپشن تو روکیں۔ آپ بعد میں کیا کہیں گے کہ RUDA شہباز شریف یا اس سے پہلے چودھری پرویز الٰہی نے بنائی تھی؟ یہ آپ نے بنائی ہے اور اب اس حوالے سے کسی میں بات کرنے کی ہمت نہیں ہے۔ ہاؤس میں حکومتی بنچوں پر بیٹھے بہت سارے لوگوں کی زمینیں ہیں وہ بھی ہمارے ساتھ روتے ہیں۔ اُن کے بھائی اور رشتہ دار ہمارے ساتھ جلسے جلوسوں میں ہوتے ہیں لیکن وہ کہتے ہیں کہ ہم مجبور ہیں کیونکہ عمران خان کہتا ہے کہ میں اس بارے میں کوئی compromise نہیں کروں گا۔ ہم اپنی زمینوں کو اپنا وطن سمجھتے ہیں اور اس کی خاطر ہماری جانیں بھی جا سکتی ہیں۔ ہم نے ابھی violence شروع نہیں کیا لیکن خدا کے لئے ہمیں مجبور نہ کریں۔ جس طرح دہلی میں لوگ ٹریکٹر لے کر آ گئے تھے اور violence شروع کر دی اسی طرح RUDA کے لئے بھی احتجاج ہونے والا ہے۔ ہم لوگ ایسا نہیں چاہتے لیکن جب آپ ہماری زمینیں چھینیں گے، غلط سکیم میں acquire کریں گے اور monopoly قائم کریں گے تو پھر بہت بڑا ہنگامہ ہو گا جس کو آپ برداشت کر سکیں گے اور نہ ہی ہم لوگ برداشت کر سکتے ہیں۔

جناب چیئرمین! میں تعلیم کی طرف آتا ہوں کیونکہ تعلیم کے بارے میں بہت باتیں ہوتی ہیں۔ کرونا ابھی موجود ہے ورنہ مجھے پتا ہے کہ یہاں پر جواب دینے والے یہ بھی کہتے کہ کرونا بھی شہباز شریف لے کر آیا تھا لیکن شکر ہے کہ کرونا کی تاریخ کا آپ لوگوں کو پتا ہے جس کو آپ ہمارے کھاتے میں نہیں ڈال سکتے۔ کرونا میں اکثر پرائیویٹ تعلیمی ادارے بند ہو گئے ہیں۔ آپ کے 70 فیصد لوگوں کے بچے جو پرائیویٹ سکولوں میں پڑھتے ہیں وہ پرائیویٹ تعلیمی اداروں کی وجہ سے پڑھتے ہیں جبکہ بڑے بڑے تعلیمی ادارے جیسے بیکن ہاؤس اور LGS وغیرہ ہیں وہ کرونا کی وجہ سے قطعی متاثر نہیں ہوئے۔ ہمارے معزز اور قابل احترام منسٹر صاحب اُن کے ساتھ میٹنگ کرتے ہیں جو کرونا میں 100 فیصد فیسیں لیتے ہیں اور اُن کو کوئی نہیں روکتا لیکن باقی 90 فیصد وہ پرائیویٹ

سکول جو غریب حلقوں میں ہیں حتیٰ کہ لاہور کے پانچ ہزار پرائیویٹ سکول بند ہو چکے ہیں کیونکہ وہ کرائے کے مکانوں میں تھے اور اُن کے پاس اساتذہ کو دینے کے لئے تنخواہ نہیں تھی۔ آپ subsidies اور loans دینے کی بات کرتے ہیں لیکن مجھے بتائیں کہ وہ پرائیویٹ سکول جو کرائے کے مکان میں ہیں اور 70 فیصد بچوں کو تعلیم دے رہے ہیں اُن کے لئے آپ نے کون سی subsidy رکھی ہے؟ فنانس منسٹر صاحب اس issue پر غور کریں کہ 70 فیصد تعلیمی ادارے جو بچوں کو تعلیم دیتے ہیں وہ کہاں گئے؟ میں نے جن elite class سکولوں کا نام لیا ہے اُن کے اکاؤنٹ کے بارے میں بتا سکتا ہوں کہ سکیورٹی کی مد میں اُن کے اکاؤنٹ میں کھربوں روپے پڑے ہیں جس پر گورنمنٹ کا حق ہے لہٰذا حکومت ان سکولوں میں تقسیم کرے۔ یہ جیسے کہتے ہیں کہ ہم بڑے بڑوں کو ہاتھ ڈالیں گے لہٰذا یہ LGS اور بیکن ہاؤس جیسے بڑے بڑے سکولوں سے حساب لیں۔ جن سکولوں کے پاس unclaimed پیسے کھربوں روپے کے حساب سے پڑے ہیں اُن کا حساب کیوں نہیں لیتے؟ وہ اس لئے نہیں لیتے کیونکہ آپ کے پاؤں کٹ جاتے ہیں اور گھبراتے ہیں۔ آپ نے میرے اپوزیشن لیڈر پر تنقید کی اور آگے تک گئے لیکن اگر آپ آگے تک جائیں گے تو میرے پاس بھی تنقید کرنے کے لئے بہت باتیں ہیں۔ اللہ کا شکر ہے کہ ہمارے کسی لیڈر نے کبھی کسی کا ٹرسٹ اور گھر نہیں لوٹا، کسی کی چیز نہیں لوٹی اور کسی کی عزت کو نیلام نہیں ہونے دیا۔ مجھے اگر آپ کہیں گے تو میں اُس حد تک جاؤں گا کہ اسمبلی کا ماحول خراب ہو گا اس لئے بہتر ہے کہ سب اپنی حدود میں رہیں۔ اگر عزت کریں گے تو عزت کروائیں گے۔ اگر آپ ایک مکا ماریں گے تو ہم دو مکے ماریں گے۔ اب وقت بدل چکا ہے اس لئے میں آپ سے دوبارہ گزارش کروں گا کہ وہ پرائیویٹ سکول جو کرائے کی بلڈنگ میں ہیں، affiliated اور رجسٹرڈ ہیں اُن کو ایک یا دو ملین روپے بلاسود قرضہ دیا جائے۔ اس کے علاوہ وفاقی حکومت سے کہہ کر اُن کے بجلی کے بلوں کے ٹیرف کو domestic کرایا جائے۔

**جناب چیئرمین:** اب آپ پلیز wind up کریں۔

**جناب محمد اشرف رسول:** جناب چیئرمین! ابھی کتنے منٹ ہوئے ہیں؟ آپ کا یہ استحقاق ہے بے شک مجھے بات نہ کرنے دیں۔

**جناب چیئرمین:** تقریباً12 منٹ ہو گئے ہیں۔

**جناب محمد اشرف رسول:** جناب چیئرمین! میرے سے پہلے 25 منٹ بات ہوئی تھی لیکن میں اب ختم کر دیتا ہوں۔ مجھ میں اتنی جرات نہیں ہے کہ میں آپ سے لڑوں لیکن اتنی جرات ضرور ہے کہ RUDA والوں سے لڑ سکوں۔ میں اسمبلی کے floor پر on record کہتا ہوں کہ جب RUDA والے قبضہ لینے آئیں گے تو اُن کی جتنی لاشیں اٹھیں گی آپ مجھ پر پرچہ دیں گے۔ RUDA مردہ باد۔ پاکستان زندہ باد۔ (نعرہ ہائے تحسین)

**جناب چیئرمین:** جناب نوابزادہ وسیم خان بادوزئی!

**نوابزادہ وسیم خان بادوزئی:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! آپ کا بہت شکریہ۔ سب سے پہلے میں سپیکر پنجاب اسمبلی چودھری پرویز الٰہی صاحب کو مبارکباد پیش کرنا چاہوں گا کیونکہ آج جس عمارت میں ہم بیٹھے ہیں یہ انہی کے ذہن کی اختراع تھی۔ 2005 میں انہوں نے اس عمارت کا سنگِ بنیاد رکھا لیکن 16 سال بعد 2021 میں ہم آج یہاں پہنچے ہیں لہٰذا اس کا credit صرف اور صرف چودھری پرویز الٰہی صاحب کو ہی جاتا ہے۔ اگر یہ وقت پر مکمل ہوتا اور ذاتی عناد کو پس پشت رکھا جاتا تو یہ دو اڑھائی ارب روپے کا منصوبہ تھا۔ اگر یہ سوچا جاتا کہ یہ ایوان اُن ممبران کے لئے بن رہا ہے جن کا تعلق تمام سیاسی جماعتوں سے ہے اور انہوں نے ہی یہاں آکر اپنے علاقوں اور لوگوں کی نمائندگی کرنی ہے۔ صرف اس وجہ سے اس کو delay کیا گیا کیونکہ یہاں تختی چودھری پرویز الٰہی کی لگ جائے گی اور ساری دنیا جانتی ہے کہ یہ بلڈنگ کس نے تعمیر کروائی ہے لیکن اس کو پس پشت ڈال دیا گیا۔ بالکل same اسی طرح جیسے وزیر آباد کارڈیالوجی ہسپتال اور کئی منصوبے پس پشت ڈال دیئے گئے۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب چیئرمین! میں وزیر اعظم پاکستان جناب عمران خان صاحب، وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان خان بزدار، سپیکر پنجاب اسمبلی چودھری پرویز الٰہی صاحب، اپنے young فنانس منسٹر جو very energetic person ہیں اور اُن کی پوری ٹیم کو مبارکباد پیش کرنا چاہتا ہوں کہ جو بجٹ انہوں نے پیش کیا ہے وہ عوام دوست، متوازن اور خاص طور پر میں بحیثیت کسان کہوں گا کہ کسان دوست بجٹ ہے۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب چیئرمین! آپ نے اس دن وہ منظر ضرور دیکھا ہو گا سب دوست بھی موجود تھے۔ اس کو میڈیا پر بھی کوریج ملی جب وزیر خزانہ بجٹ پیش کر رہے تھے۔ لیڈر آف اپوزیشن اپنی جماعت کے ساتھ کھڑے ہو کر احتجاج کر رہے تھے تو یہ ان کا حق ہے لیکن جہاں پر سیٹیاں بجائی جا رہی تھی پلے کارڈز لے کر ممبران اندر آئے ہوئے تھے۔ جس طرح کا ماحول یہاں نظر آ رہا تھا۔ یقین کریں کہ دل دکھتا ہے، دل خون کے آنسو روتا ہے ہمارے لئے تاریخی دن تھا، ہم پہلے دن اس عمارت میں آئے تھے آپ کو یہ کام نہیں کرنا چاہئے تھا۔ لہٰذا میں بات کو آگے بڑھاتا ہوں کہ میں کسی سیاسی جماعت یا سیاسی شخصیت کے خلاف بات کرنا چاہتا ہوں اور نہ ہی یہ ہماری خاندانی روایات ہیں کہ میں کسی شخص کو تنقید کا نشانہ بناؤں میں صرف پالیسی کی بات کرنا چاہتا ہوں۔

جناب والا! یہاں پر اپوزیشن لیڈر کی تقریر سنی، ڈیڑھ گھنٹہ انہوں نے یہاں خطاب فرمایا۔ یہ کریڈٹ بھی چودھری پرویز الٰہی صاحب کو جاتا ہے کہ کل جنہوں نے یہاں پر ایسا ماحول مہیا کیا کہ جس کی مثال آپ یہ دیکھ سکتے ہیں کہ آج آپ کا پورا میڈیا اور پرنٹ میڈیا اس بات کو acknowledge کر رہا ہے، پورا پاکستان acknowledge کر رہا ہے کہ یہ وہ ہاؤس ہے یہ وہ ممبر ہیں جنہوں نے جمہوری روایات کی پاسداری کرتے ہوئے یہاں پر آپس میں امن و شانتی کے ساتھ کل کے اجلاس میں اپوزیشن لیڈر کی speech سنی۔

جناب چیئرمین! کل کی تقریر میں اگر وہ تجاویز پیش کرتے تو اچھا ہوتا لیکن وہ ایسا تھا کہ جیسے وہ اپنی تعریفوں کا سپاسنامہ پیش کر رہے تھے۔ انہوں نے یہاں پر بات کی ساؤتھ پنجاب کی کہ ساؤتھ پنجاب کو صوبہ بنانے کا وعدہ کیا تھا صوبہ نہیں بنا اور اس کے بعد وہاں پر سیکرٹریٹ بنا دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ جنوبی پنجاب صوبہ جو ہے وہ ایک بہت بڑا جھوٹ تھا۔ میری اتنی گزارش ہے کہ گزشتہ ادوار میں تو آپ کی حکومت تھی آپ اقتدار کے سنگھاسن پر بیٹھے تھے تو اس وقت اگر جنوبی پنجاب کے لوگوں سے ہمدردی تھی تو صوبہ بناتے۔ آج ادھر ہمارے ایک اور ارسطو جن کا تعلق بھی جنوبی پنجاب سے ہے۔ یہاں خطاب فرما کر گئے اور جنوبی پنجاب کا رونا روتے رہے۔ میں اتنا عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر جنوبی پنجاب کا اتنا درد تھا، جنوبی پنجاب کا آپ کو اتنا ہی احساس تھا تو خدارا اس وقت بنا کر جاتے جب آپ کے پاس دو تہائی اکثریت تھی آپ نے تو 126 ارب روپے وہاں سے اٹھا کر لاہور اورنج ٹرین اور دوسرے منصوبوں پر لگا دیئے۔

جناب چیئرمین! جنوبی پنجاب کا صوبہ پاکستان تحریک انصاف کا ایک انتخابی نعرہ تھا اور اس کے بعد ہوا کیا کہ ہمیں two third majority نہیں ملی ہمیں majority ملتی ہم صوبہ بناتے، لیکن ہم نے سیکر ٹریٹ بنایا اور یہ اس بات کا ثبوت ہے اس حکومت نے وہ بنیاد رکھ دی ہے جس کو کوئی مائی کا لعل واپس نہیں کر سکتا جو جنوبی پنجاب میں اس کو رول بیک کرے گا اس کی سیاست کا جنازہ نکل جائے گا۔ یہاں پر ابھی غدار جنوبی پنجاب کے نعرے کی آواز آ رہی تھی بہر حال میں بات نہیں کرنا چاہتا کیونکہ اس لفظ کو آپ نے پہلے بھی expunge کر دیا۔ لیکن میں بات ضرور کروں گا کہ آپ کا تو تعلق جنوبی پنجاب سے ہے آپ نے کبھی جنوبی پنجاب کے حق میں آواز اٹھائی جنوبی پنجاب کے لوگوں کی امنگوں کی ترجمانی کی بات کرتے ہیں۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب چیئرمین! افسوس تو اس چیز کا ہے کہ فورٹ منرو جیسا جنوبی پنجاب کا تفریحی مقام جو ہمارے جنوبی پنجاب کے لئے دوسرا امری ہے۔ یقین کیجئے وہ انہی کی وجہ سے پسماندہ حالت میں ہے۔ بہر حال میں اتنا عرض کروں گا کہ you fooled and hoodwinked the people of the South Punjab in the name of development. You intentionally kept them deprived and below the poverty line. It was the tenure of Chaudhary Parvez Elahi, where the people of South Punjab felt that there is somebody who can take care of their problems. it was Chaudhary Parvez Elahi, when the people of South Punjab felt protected and they realized that there is a sense of ownership but unfortunately the next tenure of my learned friends kept us in dark not in dark but the shades of darkness. So, it is an irony sir

کہ ہم بات کرتے ہیں یہاں پر حقوق کی، ہم اس ایوان میں کیوں آتے ہیں شور شرابہ کرنے یا غل غپاڑہ کرنے آتے ہیں یہ Tax Payer کا پیسا ہے یہ پیسا عام عوام کا ہے۔ یہ غریب عوام اپنا پیٹ کاٹ کر یہاں ممبران کی تنخواہیں بھر رہے ہیں ان کی مراعات بھر رہے ہیں اس کے بعد یہاں پر آکر یہ غل غپاڑہ ہو تو یہ کسی بھی اسمبلی کے فلور پر ہو تو وہ جمہوری روایات کی پاسداری نہیں ہے۔

میں گزارش یہ کرنا چاہتا ہوں قبلہ کہ صبر کر لیں۔ آپ کی بات سنی ہے اب ہماری بھی بات سن لیں کوئی مسئلہ نہیں ہے۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب چیئرمین! میں عرض یہ کر رہا تھا کہ میں یہاں جنوبی پنجاب کی آواز بن کر کھڑا ہوں کیونکہ میرا تعلق جنوبی پنجاب سے ہے اور اس کا کیس ہم پہلے بھی لڑتے تھے جب ہم ہاؤس سے باہر تھے یہاں آکر بھی آواز اٹھائی، اپنی پارٹی میں بھی آواز اٹھائی الحمد اللہ۔ آپ بات کرتے ہیں آپ نے کون سا وہاں پر ہسپتال بنایا۔ آپ نے وہاں پر کون سی یونیورسٹی بنائی۔ آپ نے تو ہمیں تحفہ دیا میٹرو کا، اس سفید ہاتھی کا جو آج بھی نقصان میں جا رہی ہے اس کی ملتان کو ضرورت ہی نہیں تھی۔ یہ بات کرتے تھے ناتجربہ کار وزیر اعلیٰ کی، کہ یہ تو ناتجربہ کار ہے تمہارا تجربہ کار نے کیا دیا اب سنو اس ناتجربہ کار کی۔ اس نے ملتان کو کیا دیا، اس نے نشتر 2 ہسپتال دیا، اس نے وہاں پر مدر اینڈ چائلڈ ہسپتال دیئے ، اس نے وہاں پر جنوبی پنجاب میں وہ کچھ دیا جو یقین کیجئے اس کی مثال ماضی میں نہیں ملتی۔ آپ نے یہاں پر کھڑے ہو کر صحت کی بات کی، میں آپ کو بتاتا ہوں صحت میں کیا کیا اسی ناتجربہ کار وزیر اعلیٰ نے 110 DHQ and THQ hospital revamp کرنے کی منظوری دی اور اسی دور میں ڈی جی خان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی بن رہا ہے۔ آپ نے تو وزیر آباد انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی صرف ذاتی عناد کی وجہ سے روک دیا تھا۔ اس کے علاوہ آگے چلیں۔ یہاں بات آئی کسانوں کی یہاں، بڑے لوگ باتیں کر کے گئے کسان مر گئے یہ ہو گیا وہ ہو گیا۔ آپ نے اپنے ادوار میں کسان کے لئے کیا کیا یہ تو آپ کی حکومت تھی جس نے ہمیشہ کسان کا خون چوسا۔ مجھے بتائیں آپ نے کسان کو کیا دیا، آپ کی تو کبھی farmer friendly پالیسی رہی ہی نہیں۔ ہمارے اسی دور میں 11 سو ارب روپے کی کسان کو profitability ہوئی ہے۔ آپ کی گندم، مکئی، گنا، چاول یہ وہ bumper crops ہوئی ہیں یہ کس وجہ سے ہوئی ہیں حکومتی اچھی پالیسیز کی وجہ سے ہوئی ہیں۔ کاٹن کی بات کر رہے تھے کہ کاٹن سیڈ decline کر گیا، کاٹن سیڈ اس لئے decline کر گیا کہ پچھلا دور آپ کا تھا۔ آپ نے کاٹن پر کیا کیا، آپ نے کاٹن پر کچھ نہیں کیا، اگر آپ نے کچھ کیا ہوتا تو یقین کیجئے پاکستان آج کاٹن ایکسپورٹ کر رہا ہوتا۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب چیئرمین! انہوں نے اداروں کو تباہ و برباد کر دیا جس ادارے کو کھول کر دیکھا اور جس ادارے میں گھسے تو پتہ چلا کہ وہاں کرپشن کی داستانیں ہیں۔ خدارا! کچھ سیکھتے اور کچھ کرتے تو

آج ہمیں یہاں کھڑے ہو کر بات کرنے کا موقع ہی نہ ملتا۔ لوگ بات کرتے ہیں کہ عمران خان اور تحریک انصاف کیوں اقتدار میں آئے اور کیوں لوگوں نے ایک تیسری قوت کی طرف دفعہ دیکھا؟ اس کی صرف ایک وجہ ہے کہ دو پارٹی سسٹم fail ہو چکا تھا they could not deliver جس کی وجہ سے لوگوں کو عمران خان کی طرف دیکھنا پڑا۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب چیئرمین! آپ UK میں چلے جائیں، برطانوی پارلیمنٹ کو Mother of Parliaments کہتے ہیں تو وہاں پر Two-Party System ہے۔ لاکھ سر پٹخ کر بھی کوئی تیسری پارٹی انہیں نہیں توڑ سکی۔ یہاں تیسری جماعت نے کیوں دو پارٹی نظام توڑ دیا؟ صرف اس لئے کہ آپ لوگوں کی نااہلی تھی، آپ کچھ deliver نہیں کر سکے تو لوگوں نے تیسری طاقت اور تیسری قوت کی طرف دیکھا۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب چیئرمین! میں آخر میں wind up کر رہا ہوں۔ یہاں پر اگر میں یہ بات کروں کہ ہمارے ملتان میں اس وقت نادر آباد فلائی اوور، مدنی فلائی اوور اور میرے حلقے میں Grass Mandi underpass کی منظوری دی ہے جس پر میں وزیر اعلیٰ پنجاب کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور یقین کیجئے کہ وہاں اس وقت ان چیزوں کی ضرورت تھی۔

جناب چیئرمین! میں تھوڑا سا اگر یہاں بتاؤں کہ ہمارا جو پچھلے سال کا ADP تھا اس سے اس سال کے ADP میں کیا فرق کیا ہے۔ ہم اپنے ADP کی بات کر رہے ہیں اور آپ کی بات نہیں کر رہے۔ صحت میں پچھلے ADP سے 30 فیصد زیادہ دیا گیا ہے۔ ایجوکیشن میں 12.9 فیصد زیادہ ہے۔ کنسٹرکشن میں 57.9 فیصد زیادہ ہے۔ آپ دیکھیں کہ rural economy میں 57 فیصد زیادہ ہے۔ لوکل گورنمنٹ 15.6 فیصد پچھلے ADP سے increase کیا ہے جس کی میں مبارکباد دینا چاہوں گا۔

جناب چیئرمین! آخر میں صرف میں چند تجاویز پیش کرنا چاہوں گا کہ ہمارے جتنے بھی سرکاری سکولز ہیں، اس دن آپ بھی شاید وہاں پر ہوں گے، سارے دوست تھے اور چودھری پرویز الٰہی صاحب نے بھی یہی بات کی تھی کہ تمام سکولز کو ہائر سیکنڈری کا درجہ automatically دیا جائے جو کہ وقت کی ضرورت ہے۔ آپ نے ایک اچھا بجٹ پیش کیا ہے جو کہ بہت متوازن بھی ہے لیکن ضرورت اس چیز کی ہے کہ آپ اس کی implementation,

utilization of fundsاس کا جو stipulated time frameہے اس میں اسے مکمل کیا جائے۔

تیسری گزارش یہ کروں گا کہ ہماری اسمبلی کے رولز آف پروسیجرز میں serious amendmentکی ضرورت ہے۔ انہیں بھی amendکیا جائے کیونکہ پوری دنیا بلکہ اپنے ہمسایہ ملک بھارت کو دیکھ لیں کہ وہاں پر جب بجٹ پیش کیا جاتا ہے تو اس کے بعد تقریباً ایک مہینہ کے لئے وہ کمیٹیوں کے پاس جاتا ہے جہاں پر کمیٹیوں میں discussہوتا ہے اور پھر deliberationsکے بعد ہاؤس میں آتا ہے۔ ہم یہاں پر دو چار دن بحث کے لئے دیتے ہیں اور پھر سیدھا کام آگے چلا جاتا ہے اور I don't know whyماضی کی روایات ہیں اور شاید ماضی کی حکومتیں ڈرتی تھیں کہ جس کی وجہ سے یہ ایک with in time frame Rules of Proceduresبنائے گئے۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب چیئرمین! اس کے علاوہ ہمیں پولیس ریفارمز کی بہت اشد ضرورت ہے جس پر ہمیں focusکرنا چاہئے۔ Finallyآپ نے دیکھا ہو گا کہ تمام ایم پی ایز میری اس بات سے اتفاق کریں گے کہ جب ہم کسی بھی وفاقی محکمہ میں کسی مسئلہ کے حل کے لئے جاتے ہیں تو وہاں پر ہماری سننے والا کوئی نہیں ہوتا اور یقین کریں کہ ایم این ایز صوبائی محکموں میں کسی کام کے لئے جب آتے ہیں اور وہ ایسے آتے ہیں کہ جیسے ان کے آنے کا حق ہے تو میری یہ گزارش ہے چونکہ لاء منسٹر صاحب یہاں بیٹھے ہیں تو میں ان کی وساطت سے اپنی حکومت کو یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ایم پی ایز کو بھی Federal Departmentsمیں shareکیا جائے۔ یقین کیجئے اس دن اگر یہاں راجہ صاحب نہ ہوتے، راجہ صاحب اور چودھری ظہیر صاحب دو ہی ہمارے seasonedاور پرانے پارلیمنٹیرینز ہیں جو یہاں پر بیٹھے ہیں جن کی وجہ سے اس دن ماحول خراب ہونے سے بچ گیا۔ انہی الفاظ کے ساتھ میں آپ تمام دوستوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور specially Chairکا شکریہ ادا کرتے ہوئے امید کرتا ہوں کہ آپ کی زیادہ سماع خراشی نہیں ہو گی۔ بہت شکریہ (نعرہ ہائے تحسین)

**جناب چیئرمین:** چودھری افتخار حسین چھچھر!

**چودھری افتخار حسین چھچھر:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ابتدا ہے رب جلیل کے بابرکت نام سے جو میرا، آپ کا اور ہم سب کا خالق ومالک ہے۔ لاکھوں کروڑوں درود وسلام اس پاک ہستی پر جو وجہ تخلیق کائنات ہیں۔ خاتم النبیین ﷺ ہیں اور اپنی، اپنے بچوں کی اور اپنے آباؤاجداد کی جان سے بھی پیارے ہیں۔

جناب چیئرمین! میں سب سے پہلے آپ کا شکریہ ادا کروں گا اس کے بعد چودھری پرویز الٰہی صاحب، ان کی ٹیم اور راجہ بشارت صاحب کو اس نئے ہال کی تعمیر مکمل ہونے پر مبارکباد پیش کروں گا کہ دیر آید درست آید بہر حال بہت مبارک ہو۔

جناب چیئرمین! میں تو سوچ رہا تھا کہ ہال نیا ہے اور یہاں پر ماحول بھی نیا ہو گا، گفتگو بھی نئی ہو گی اور کوئی creative بات چیت ہو گی لیکن اپوزیشن کے میرے جو بھائی ہیں اور حکومتی بنچز کے جو میرے بھائی ہیں، میں criticize نہیں کروں گا کیونکہ صرف 2 سے 5 منٹ آپ سے لوں گا۔ تھوڑی facts & figures پر بات کی جائے گی کہ 2013 میں جب پاکستان مسلم لیگ(ن) کو حکومت ملی تھی تو اس وقت اس ملک کا GDP تھا وہ میرے پاس 3.5 فیصد کے نزدیک تھا یہ میں 2013 کی بات کر رہا ہوں۔ جب 2018 میں پی ٹی آئی کو حکومت ملی تو اس وقت پاکستان کا GDP 5.8 فیصد تھا۔ 2018 سے لے کر آج تین سال ہو گئے اور پی ٹی آئی کی حکومت اپنا چوتھا بجٹ پیش کر رہی ہے۔

**محترمہ سیمابیہ طاہر:** جناب چیئرمین! چوتھا بجٹ نہیں بلکہ یہ تیسرا بجٹ ہے۔

**چودھری افتخار حسین چھچھر:** بھئی اپنے ریکارڈ کو درست کریں کیونکہ یہ چوتھا بجٹ ہے۔

**جناب چیئرمین:** جی، Order in the House، چھچھر صاحب! آپ صحیح فرما رہے ہیں کہ چوتھا بجٹ ہے۔

**چودھری افتخار حسین چھچھر:** جناب چیئرمین! ریکارڈ کی درستی کے لئے یہاں پر لکھے پڑھے facts & figures کو اُلٹ کر کے یہاں بیان کیا گیا۔ 18-2017 کے بجٹ میں ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی مد میں پاکستان مسلم لیگ(ن) کی حکومت نے 53 ارب روپے رکھے تھے۔ پی ٹی آئی کے سربراہ کنٹینر پر تھے یا کنٹینر سے نیچے تھے، آج اپنے second last بجٹ میں ایجوکیشن

ڈیپارٹمنٹ کے بجٹ میں 35۔ارب روپے ہیں جو اس وقت کے (ن) لیگ کے بجٹ سے کم ہے۔ میرے بھائی یہاں پر twist کر رہے تھے سپیشل ایجوکیشن جو کہ بہت اہم subject ہے اس کے لئے 18-2017 میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے اس مد میں ایک ارب روپے اس وقت رکھے تھے جو موجودہ حکومت نے کم کر کے 22-2021 میں 75 کروڑ روپے رکھے ہیں۔ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کے لئے 18-2017 میں 25۔ارب روپے تھے جبکہ آج موجودہ حکومت کے دور میں 17 ارب روپے رکھے ہیں۔ یہ کچھ ریکارڈ کی درستی کے لئے۔ اب کیا ہی مناسب ہوتا کہ اپوزیشن اور حکومتی بنچز پر میرے بھائی آج مل کر یہ بات کرتے کہ جو چینی 55 روپے فی کلوگرام سے 105 روپے فی کلوگرام ہو گئی ہے، آٹا 35 روپے فی کلوگرام سے بڑھ کر 75 روپے فی کلوگرام ہو گیا ہے، دال چنا 90 روپے فی کلوگرام سے 160 روپے فی کلوگرام ہو گئی ہے، گھی 188 روپے فی کلوگرام سے 260 روپے فی کلوگرام پر چلا گیا ہے، کوکنگ آئل 192 روپے فی کلوگرام سے 270 روپے فی کلوگرام پر چلا گیا ہے، چاول 85 روپے فی کلوگرام سے 170 روپے فی کلوگرام پر چلا گیا ہے، دال ماش 140 روپے فی کلوگرام سے 230 روپے فی کلوگرام پر چلی گئی ہے۔ مسور کی دال 130 روپے کلوگرام سے 160 روپے کلوگرام پر چلی گئی ہے، گوشت 850 سے 1500 روپے کلو پر چلا گیا ہے، بجلی کا ٹیرف 10 روپے سے بڑھ کر 22 روپے پر چلا گیا ہے، گیس کے بل ڈبل ہو گئے ہیں، تیل کے ریٹ بڑھ گئے اور ادویات کی قیمتیں ڈبل ہو گئی ہیں۔ مناسب ہوتا کہ ہم اس بجٹ میں مہنگائی کے اس issue کو address کرتے لیکن تین سال سے ایک ہی واویلا ہے کہ معیشت خراب، چور چور اور ڈاکو ڈاکو۔ میرے بھائی نے بات کی تو مجھے ایک بات یاد آ گئی۔ ایک خان صاحب کی شادی ہو گئی، شادی کے کچھ عرصہ بعد اس کی ٹانگ نیلی ہو گئی وہ ایک حکیم صاحب کے پاس چلا گیا اور کہا کہ میری ٹانگ نیلی ہو گئی۔ حکیم صاحب نے کہا کہ یہ خراب ہو گئی ہے اس کو کاٹنا پڑے گا۔ اس کی وہ ٹانگ کاٹ دی گئی اور کچھ عرصہ کے بعد اس کی دوسری ٹانگ نیلی ہونا شروع ہو گئی۔ وہ پھر دوبارہ حکیم صاحب کے پاس گیا تو حکیم صاحب نے کہا کہ یہ ٹانگ بھی کاٹنی پڑے گی لہٰذا وہ ٹانگ بھی کاٹ دی گئی اور اس کو عارضی ٹانگیں لگا دی گئیں۔ وہ عارضی ٹانگیں بھی نیلی ہونا شروع ہو گئیں وہ پھر حکیم صاحب کے پاس گیا تو حکیم صاحب نے کہا کہ آپ نے گھبرانا نہیں ہے۔ بس آپ نے گھبرانا نہیں ہے مجھے سمجھ آ گئی ہے کہ آپ کو اصل مرض کیا ہے۔ آپ کی دھوتی کا نیلا

رنگ اتر تا ہے۔ تین سال بعد پرائم منسٹر صاحب کہہ رہے ہیں جبکہ انہوں نے ملک کا بیڑہ غرق کر دیا ہے، غریب مر گیا ہے، مہنگائی نے آدمی کو دفن کر دیا ہے اور تین سال بعد وہ کہہ رہے ہیں کہ مجھے اب economy کی سمجھ آگئی ہے۔ میں اپنی بات کو مختصر کرتے ہوئے کہوں گا یہاں صمصام بخاری صاحب تشریف فرما ہیں یہ میرے لئے بہت قابل احترام ہیں میں سمجھتا تھا کہ ہمارے بڑے ہونے کے ناتے یہ ہمارے ڈسٹرکٹ کی نمائندگی کریں گے۔ پرائمری ایجوکیشن میں ڈسٹرکٹ اوکاڑہ کے لئے ایک بھی نئی سکیم نہیں ہے جبکہ وہ 26 لاکھ آبادی کا ضلع ہے۔ یہ ایک سکیم ثابت کر دیں میں ابھی resign دے دوں گا۔ میں کتاب لے کر آجاتا ہوں اس میں اوکاڑہ کے لئے ایک بھی نئی سکیم نہیں ہے۔ پرائمری ہیلتھ میں ایک بھی نئی سکیم شامل نہیں ہے، روڈ سیکٹر میں دو حلقے نکال کر کسی جگہ کوئی سکیم شامل نہیں ہے۔ 26 لاکھ آبادی کے ضلع کو totally ignore کیا گیا ہے۔ میں اس بجٹ کے بارے میں کیا بات کروں کہ جب ڈسٹرکٹ اوکاڑہ کے دو حلقوں کو چھوڑ کر اس میں کوئی سکیم نہیں رکھی گئی۔ ڈسٹرکٹ اوکاڑہ کا قصور صرف یہ ہے کہ ڈسٹرکٹ اوکاڑہ میں PML(N) نے clean sweep دی ہے۔ آج میں اللہ کو گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ یہ کچھ دیں یا نہ دیں next time بھی انشاءاللہ PML(N) ڈسٹرکٹ اوکاڑہ سے clean sweep کرے گی۔ یہ کوئی طریق کار نہیں ہے۔ میرے حلقے میں PTI کو 41 ہزار ووٹ ملا ہے اگر آپ نے ہمیں فنڈز نہیں دینے تو میں پوچھتا ہوں کہ ان 41 ہزار ووٹروں کا کیا قصور ہے جنہوں نے آپ پر اعتماد کیا ہے؟ اگر ڈویلپمنٹ کے فنڈز لینے کی شرط بے وفائی ہے، دغا ہے، دھوکا ہے اور اپنی پارٹی کے ساتھ cheating ہے جو کہ ہماری پارٹی کے چھ بندوں نے کیا ہے ان کو فنڈز دیئے گئے ہیں تو ایسے فنڈز پر میں لعنت بھیجتا ہوں۔ میں resign دینا accept کر لوں گا لیکن پارٹی کو cheat نہیں کروں گا۔

**محترمہ عائشہ نواز:** آپ resign کر دیں۔

**چودھری افتخار حسین چھچھر:** محترمہ! آپ دو منٹ حوصلہ کر لیں۔

**جناب چیئرمین:** آپ چیئر سے مخاطب ہوں۔ Order in the House

**چودھری افتخار حسین چھچھر:** جناب چیئرمین! موجودہ حکومت لوٹا فیکٹری بنانے کی بجائے ان issues پر دھیان دے۔ یہاں پر 2018 میں موجودہ حکومت کے سربراہ نے کیا وعدے کئے تھے۔ میں اپنے پاس سے کچھ نہیں کہوں گا انہوں نے کہا تھا کہ ہم 550 ڈیم بنائیں گے۔۔

**جناب چیئرمین:** پلیز، آپ wind up کیجئے۔

**چودھری افتخار حسین چھچھر:** جناب چیئرمین! انہوں نے کہا تھا کہ ایک کروڑ نوکریاں دیں گے، پچاس لاکھ نئے گھر بنائیں گے، پولیس اصلاحات کریں گے، 90 دنوں میں کرپشن ختم کریں گے، یکساں نظام تعلیم کریں گے، انصاف نظر آئے گا، وزیراعظم ہاؤس یونیورسٹی بنے گی، گورنر ہاؤس کی دیواریں گریں گی یہ بھی یونیورسٹی بنیں گی، جنوبی پنجاب کو صوبہ بنایا جائے گا اور ہم قرضہ نہیں لیں گے میں خودکشی کر لوں گا۔ اگر انہوں نے عوام پر ٹیکس لگا کر پیسا خرچ کرنا ہے تو پھر اس کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ یہ دعوے موجودہ حکومت کے سربراہ کے تھے۔ ان کا کوئی ایک وعدہ جو تین سال میں مکمل کیا ہو سوائے اس کے کہ political victimization، سیاسی مخالفین پر جھوٹے مقدمے، جھوٹ اور چور چور کے نعرے۔ میں اپنی بات کو wind up کرتے ہوئے آپ کے ذریعے اپنے بڑے بھائی پیر صمصام بخاری اور منسٹر اعجاز صاحب کو درخواست کروں گا کہ ضلع اوکاڑہ کا کوئی قصور نہیں ہے۔ خدارا اس پر رحم کریں آپ کا یہ آخری financial year ہے اس کے بعد آپ ایک بجٹ پیش کریں گے پھر election year آجائے گا۔ آپ کو وہاں سے ووٹ ملے ہیں لہٰذا ان کا خیال کریں۔ بہت شکریہ۔ پاکستان زندہ باد۔

**جناب چیئرمین:** شکریہ۔ جناب احسان الحق!

**جناب احسان الحق:** اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! میں سب سے پہلے چودھری پرویز الٰہی صاحب کو اس grand and prestigious اسمبلی کا آئیڈیا، اس کی ڈیزائننگ، سنگ بنیاد اور پھر اللہ تعالیٰ کی خاص رحمت سے انہی کے ہاتھوں اس کی تکمیل پر مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ آیات قرآنی اور احادیث مبارکہ کی خاص سلیکشن بھی چودھری صاحب کی اسلام دوستی اور خاتم النبیین حضور پاک ﷺ سے عقیدت اور محبت کا خاص مظہر ہے۔ میں اس موقع پر وزیراعلیٰ پنجاب جناب عثمان بزدار اور ان کی پوری ٹیم کو مبارک باد پیش کرتا ہوں

کہ انہوں نے بھی کمال مہربانی سے اپنے تمام تر وسائل مہیا کئے جس سے یہ اسمبلی پایہ تکمیل تک پہنچی۔

جناب چیئرمین! موجودہ بجٹ میں ہمارے وزیر خزانہ نے وسائل کا رخ جنوبی پنجاب کی طرف موڑنے کی کامیاب کوشش کی ہے لیکن ماضی کی طرح اس مرتبہ بھی بہاولپور کی تاریخی اہمیت کو پس پشت ڈالتے ہوئے اس کو بری طرح نظر انداز کیا گیا ہے۔ بہاولپور تاریخی طور پر ایک خود مختار ریاست تھی بلکہ اس کو1950 کی دہائی میں مکمل آئینی صوبے کی حیثیت حاصل تھی۔ قیام پاکستان کے وقت عزت مآب سر صادق محمد خان عباسی صاحب نے پنجاب اور سندھ کو connectivity فراہم کی اور پاکستان کی تکمیل کرتے ہوئے ریاست بہاولپور کو پاکستان کے ساتھ الحاق کرنے کا فیصلہ کیا لیکن اس ملک کو connectivity فراہم کرنے والے شہر کو گزشتہ دور حکومت میں بری طرح نظر انداز کیا گیا۔ اس کو موٹروے کے ساتھ منسلک نہ کرکے ہمیں main stream سے نکال دیا گیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ پچھلی حکومت کی ہمارے ساتھ نہ صرف نا انصافی بلکہ ایک مجرمانہ غفلت تھی۔ موجودہ فیڈرل گورنمنٹ نے بہاولپور کو موٹروے کے ساتھ منسلک کرنے کے لئے ایک روڈ کی تجویز دی ہے میں اس کے لئے انتہائی مشکور ہوں لیکن ہمیں چاہئے کہ بہاولپور کو ایکسپریس وے بنایا جائے تاکہ بہاولپور اس ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنا پورا کردار ادا کر سکے۔

جناب چیئرمین! اسی طرح ہیلتھ سیکٹر بہاولپور وکٹوریہ ہسپتال ایک تاریخی اہمیت کا حامل ہے۔ یہ عرصہ دراز تک نا صرف بہاولپور ڈویژن بلکہ سندھ کے دوردراز علاقوں کو بھی بہترین میڈیکل سہولیات مہیا کرتا رہا ہے لیکن اس بجٹ میں اس کو بھی بُری طرح نظر اندار کیا گیا ہے اور ایک بھی نیا پراجیکٹ بہاولپور وکٹوریا ہسپتال کے لئے نہیں شامل کیا گیا۔1122 کی سروسز ماشاءاللہ نہایت ایک اعلیٰ منصوبہ ہے جو انسانیت کی خدمت میں پیش پیش ہے لیکن کل بھی جو آپ کے سامنے حالات رہے ہیں اس کے لئے بھی فنڈز کا مختص نہ کیا جانا میرا خیال ہے کہ ایک لمحہ فکریہ ہے۔THQ ہسپتال یزمان پورے چولستان کے ایریا کو بھی cover کرتا ہے۔ یزمان رقبہ کے اعتبار سے ایک بہت بڑی وسیع و عریض تحصیل ہے اور آبادی کے لحاظ سے تقریباً پنجاب کی سب سے بڑی

تحصیل ہے اس میں یہ ایک ہی ہسپتال ہے تو میں اپنے فنانس منسٹر صاحب سے درخواست کرتا ہوں کہ revamping اور re-modeling کی سکیم میں یزمان THQ ہسپتال کو بھی شامل کیا جائے۔

جناب چیئرمین! ہمارا اسی طرح بہت بڑا بزنس activities کا سنٹر ٹیل والا ہے جہاں پر health facilities نہ ہونے کے برابر ہیں وہاں جو موجودہ health facilities ہیں ان کو اپ گریڈ کیا جائے۔ اس موقع پر میں انصاف ہیلتھ کارڈ فراہم کرنے پر وزیراعظم پاکستان جناب عمران خان صاحب کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں اور مجھے یقین ہے کہ ہیلتھ سیکٹر کی اتنی بڑی facility جدید ترقی یافتہ ممالک اور ویلفیئر اسٹیٹ میں بھی میسر نہیں ہے۔ اس پر میں عمران خان صاحب، ان کی ٹیم اور وزیراعلیٰ پنجاب کو خاص مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب چیئرمین! کسی بھی علاقے کی ترقی اور نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے کے لئے انڈسٹری کا کردار نہایت اہم ہے۔ بہاولپور میں بھی ایک انڈسٹریل اسٹیٹ قائم ہو چکی ہے لیکن اب اس کا ترقیاتی کام تقریباً بند ہے اور اس بجٹ میں بھی کوئی فنڈز نہیں رکھے گئے۔ وزیراعلیٰ پنجاب جناب سردار عثمان احمد خان بزدار، انڈسٹری منسٹر اور فنانس منسٹر سے درخواست ہے کہ اسے جلد مکمل کروایا جائے تاکہ بہاولپور میں بھی نئی نئی انڈسٹری لگے اور یہ ملک کی تعمیر اور ترقی میں اپنا کردار ادا کر سکے۔ Meat and milk production کے حوالے سے لائیو سٹاک کا شعبہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے اور اللہ کے فضل سے چولستان میں اس کا بے حد potential ہے اور بہاولپور میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے ایک Veterinary University قائم ہو چکی ہے۔ انشاءاللہ یہ یونیورسٹی لائیو سٹاک کے شعبہ میں جنوبی پنجاب کے لئے یقیناً ایک game changer ہو گی لیکن اس کے مالی حالات انتہائی مخدوش ہیں۔ پچھلی دفعہ 300 ملین روپے سے اس کی لیبارٹری کے لئے equipment لینا تھا وہ گورنمنٹ نے واپس لے لئے جو کہ ابھی تک واپس نہیں کئے اور نہ ہی اس بجٹ میں کوئی خاطر خواہ فنڈز اس کے لئے رکھے گئے ہیں۔ میں چونکہ اس وقت اس کے Syndicate کا ممبر بھی ہوں تو وہاں سٹاف کی تنخواہوں تک کے لئے فنڈز نہیں ہیں۔ اس کے لئے خاص اصلاح احوال کی درخواست ہے۔ ہم یہ بات بخوبی سمجھتے ہیں کہ اس دفعہ پانی کی شدید کمی ہے لیکن اس کمی کا رخ بہاولپور کی طرف موڑ دینا یہ بھی ہمارے ساتھ سراسر زیادتی ہے۔ تقریباً اس وقت جو faulty gauges ہیں اس کی وجہ سے ہمیں 1500 کیوسک پانی کی

shortages کا سامنا ہے۔ اس سلسلے میں آپ سے خصوصی درخواست ہے کہ آبپاشی منسٹر اور ہمارے فنانس منسٹر اس میں اپنا کردار ادا کریں۔

جناب چیئرمین! اس بجٹ میں ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ سکیم کا متعلقہ ضلع کے منتخب نمائندوں کی مشاورت سے شامل کئے جانا انتہائی اہمیت کا حامل ہے اور ہماری حکومت کی جمہوریت پسند سوچ کا بھی مظہر ہے لیکن اس شعبے میں بھی ہمیں جو فنڈز دیئے گئے تھے اور خاص طور پر میری ایک BVH بہاولپور کے لئے 6 کروڑ روپے کی سکیم تھی اس میں E&T وارڈ میں علیحدہ شعبہ بنایا جانا تھا لیکن وہ missing ہے میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ اس کو بھی شامل کیا جائے۔ اسی طرح پنجاب بیت المال کے لئے گزشتہ کئی سالوں سے فنڈز میں اضافہ نہیں کیا گیا۔ میں نے اسمبلی میں ایک resolution بھی پیش کی تھی۔ آپ سے درخواست ہے کہ اس مد میں بھی خاطر خواہ فنڈز کا اضافہ کیا جائے تاکہ اضلاع اور تحصیل لیول پر زیادہ سے زیادہ مستحقین کی معاونت اور مدد ہو سکے۔ انہی گزارشات پر آپ سے اجازت چاہتا ہوں اس توقع کے ساتھ کہ ان شاءاللہ تعالیٰ ہمارے منسٹر فنانس جو یہاں موجود ہیں ان گزارشات پر غور فرمائیں گے۔

آخر میں وزیر اعلیٰ پنجاب، فنانس منسٹر اور ان کی ٹیم کو اپنے وعدہ کی تکمیل کرتے ہوئے جنوبی پنجاب کے لئے علیحدہ ترقیاتی پیکج کا اعلان کرنے اور ایک خوبصورت ٹیکس فری بجٹ پیش کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اس خواہش کا بھی اظہار کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اس ٹیم کو مزید خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔ پاکستان پائندہ باد۔ (نعرہ ہائے تحسین)

**جناب چیئرمین:** سید صمصام علی بخاری!

**وزیر اشتمال املاک / جنگلی حیات و ماہی پروری** (سید صمصام علی شاہ بخاری): بِسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! آپ کا بہت شکریہ۔ میں نیا ہاؤس inaugurate ہونے پر سب سے پہلے پورے ایوان اور خصوصاً چودھری پرویز الٰہی کو مبارکباد دیتا ہوں۔ آج میرا ارادہ تھا کہ میں بجٹ related تقریر کروں اور سیاسی تقریر نہ کروں مگر شاید ہماری روایات کچھ اس قسم کی ہیں کہ میرے عزیز اور برخوردار نے ابھی دو تین دفعہ میرا نام لے کر کچھ سوالات کا جواب چاہا تو پھر بجٹ بجٹ بھی کریں گے، سیاسی تقریر بھی کریں اور mix and match کریں گے۔ انشاءاللہ تعالیٰ چھچھر صاحب آپ کو مایوسی نہیں ہو گی۔

جناب چیئرمین! میں گزارش کرنا چاہتا ہوں اور سب سے پہلے وزیر خزانہ مخدوم ہاشم جواں بخت اور وزیر اعلیٰ پنجاب کو مبارک باد پیش کرتا ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ ان مشکل حالات میں اتنا متوازن بجٹ دینا ایک جوئے شیر کا لانا تھا مگر انہوں نے وہ گزارے لائق نہیں دیا بلکہ زبردست کیا ہے اور جتنا ڈویلپمنٹ بجٹ enhance ہوا ہے اگر آپ year to year جائیں تو اتنی enhancement کبھی بجٹ میں ایک سال کے وقفے سے نہیں ہوئی۔ اس سے پہلے ایک چیز جو میرے بھائیوں کو اچھی نہیں لگی حالانکہ ان میں سے بھی زیادہ تر زمیندار ہیں مگر جب کسان کا نام آتا ہے تو ان کو بڑے مسائل پیدا ہو جاتے ہیں کیونکہ ان کا پارٹی میں جو ایک معاملہ ہے وہ کسان ان سے برداشت نہیں ہوتا اور ان کے معاملات ان سے برداشت نہیں ہوتے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس دفعہ زراعت ہو، لائیو سٹاک ہو، جنگلات ہو، C&W ہو آپ دیکھیں تو آپ کو development کی اس طرح hike نظر آئے گی جن کے ثمرات سے انشاءاللہ تعالیٰ پورا پنجاب مستفید ہو گا۔ میں بڑے ادب اور احترام سے دو تین چیزیں بتانا چاہوں گا تاکہ میرے بھائی اپنے ووٹرز کو بھی بتا سکیں۔ تقریباً ساڑھے آٹھ ہزار سکول پنجاب میں اپ گریڈ ہو رہے ہیں اور میں آپ کو گارنٹی کرتا ہوں کہ اوکاڑہ میں 500 سے زیادہ سکولز ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ ایک بھی نہیں تو میں استعفیٰ کا مطالبہ نہیں کروں گا مگر انشاءاللہ تعالیٰ 500 کے قریب سکولز ہیں جو وہاں پر اپ گریڈ ہو رہے ہیں۔ میرا specific ایک حلقہ نہیں ہونا چاہئے کیونکہ آپ کے تحفظات تھے تو میں اس لئے آپ کو عرض کرنا چاہتا ہوں۔ انہوں نے سڑکوں کی بات کی تو یہ یقیناً صحیح کہتے ہیں کہ ہم وہاں سے قومی اسمبلی کا ٹکٹ نہیں دے سکے۔ مگر صوبائی اسمبلی کے وہاں ٹکٹس تھے جہاں کی میرے عزیز بات کر رہے تھے تو ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ جہاں بصیر پور میں ان کا درِ دولت ہے وہاں ایک اتنی بڑی سڑک نکل رہی ہے کہ جس سے ان کا حویلی جانا اتنا آسان ہو گا وہ already approved ہے پتا نہیں ان کی نظر سے کیوں نہیں گزری؟ بہرحال میں ان کو بھجوا دوں گا۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب چیئرمین! میں دوسری گزارش اور کرنا چاہوں گا کہ ایک اور proposal جو اوکاڑہ ضلع کے اندر سے ہے اس کے بعد میں اوکاڑہ کی جان چھوڑ دوں گا کیونکہ مجھے as a minister پنجاب کی بات کرنی چاہئے اوکاڑہ کی نہیں کرنی چاہئے۔ مگر میں نے سوچا کہ میں اپنے بھائی کے تحفظات ذرا address کر لوں۔ اس میں ایک سی پیک کا منصوبہ ہے جو بہاولنگر کی طرف سے نکلے گا

اس سے ضلع پاکپتن شریف، بہاولنگر اور اوکاڑہ مستفید ہوں گے۔ وہ سید والا آکر پھر اُوچ شریف جائے گا تو ہم چونکہ اُوچ شریف کے ماننے والے ہیں تو ہمارے لئے اور خوشی کیا ہے کیونکہ ہم ذرا رائیونڈ کم جاتے ہیں اور اُوچ شریف زیادہ جاتے ہیں تو وہ انشاءاللہ تعالیٰ اُوچ شریف تک ایک سڑک جائے گی تو اس سڑک کا بہت زیادہ فائدہ بھی ان کو ملے گا۔ باقی میں گزارش کروں کہ وزیراعظم پاکستان کا جو وژن ہے میں generally بات کر رہا ہوں اور میں بڑے عزت اور احترام کا روادار ہوں this side of the divide اور یہ والی سائیڈ ہو میرے لئے تمام ایک ایک ممبر قابل احترام ہے، معزز، محترم اور محتشم ہے۔ میرا یقین کیجئے میں کسی کی ذات پر بات نہیں کرتا مگر آپ کو event سے تو بات کرنی پڑتی ہے۔ پھر تاریخ ایسی ظالم چیز ہے کہ کچھ نہ کچھ تو تاریخ کے اوراق پلٹنے پڑتے ہیں آپ جب تاریخ کا اوراق پلٹتے ہیں تو وہ ہمیشہ سنہری حروف میں نہیں ہوتی کہیں نہ کہیں کوئی چھینٹا ہوتا ہے، کہیں نہ کہیں کوئی problem ہوتی ہے تو ہمارے کچھ فاضل دوست اس طرح بات کرتے ہیں تو میں ان کی نذر ایک شعر کر سکتا ہوں کہ وہ کہتے ہیں:۔

اتنی نہ بڑھا پاکی داماں کی حکایت
دامن کو ذرا دیکھ ذرا بند قبا دیکھ

جناب چیئرمین! جس وقت کی میرے فاضل دوست بات کر رہے ہیں ہم بھی ادھر ہی تھے، ہم بھی اُس وقت دیکھتے تھے کہ کسان کے ساتھ کیا حال ہوتا تھا، ہم بھی دیکھتے تھے اُس وقت چھوٹے ملازمین کے ساتھ کیا حال ہوتا تھا، ہم بھی دیکھتے تھے کہ ان کے وزیروں کے طرف سے ان کو آدھا ہاتھ ملایا جاتا تھا اور پھر ہاتھ دُھویا جاتا تھا یہ ہم بھی دیکھتے تھے۔ ہم اُس طرح کی بات نہیں کرنا چاہتے، ہم اُس طرف نہیں جانا چاہتے کہ کیا ہے۔ میں صرف یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ آج کے دور میں اس کے علاوہ اگر میرے معزز دوست افتخار حسین صاحب کی کوئی اور بات ہو گی تو میں اور یہ بیٹھ جائیں گے میں انہیں پورے اوکاڑہ کی briefing دے دوں گا اب میں ذرا اور بات کرنا چاہوں گا۔

جناب چیئرمین! میں آپ سے یہ گزارش کرنا چاہوں گا کہ COVID کی situation تھی بعض چیزیں ایسی ہوتی ہیں کہ جس پر پوری قوم، پورے ملک کو تمام شہریوں کو ناز ہونا

چاہئے، پوری دنیا نے COVID پر آپ کے وزیر اعظم کی تعریف کی، پاکستان کی پالیسیز کی تعریف کی، lockdown کی صورت حال آپ کے سامنے ہے، انڈیا میں جو ہوا آپ کے سامنے ہوا لوگ بھوکے مرے، لوگ بیماری سے مرے، مولا کریم نے نبی رحمت کے صدقے ہمیں محفوظ رکھا، نبی پاک ﷺ کی آل کے صدقے ہمیں محفوظ رکھا اور ہمارا اُتنا نقصان نہیں ہوا جتنا نقصان مہذب دنیا کا یا first world کا بھی ہوا تو اس بات پر کوئی دو لفظ اچھے بھی کہہ دیتے۔ پاکستان کا ہی نام لے لیتے عمران خان صاحب کا نام مشکل ہے پاکستان کا نام لے کر کہتے اچھا کیا ہے۔ اس کے بعد کوئی بات کرتا ہے تو وزیر اعلیٰ کی کر دیتا ہے کہ وزیر اعلیٰ کو تجربہ نہیں ہے تو وزیر اعلیٰ صاحب کے ساتھ جن لوگوں نے کام کیا ہے یا وزیر اعلیٰ صاحب کے ساتھ جو لوگ کام کر رہے ہیں کبھی اُن سے بھی پوچھ لیں کہ اُن کا بھی کوئی اعتراض ہے یا وہ کچھ اور کہہ رہے ہیں، کم از کم accessible تو ہیں۔ ہم اُن کے ساتھ جا کر اپنی بات تو کر سکتے ہیں۔

جناب چیئرمین! دوسری انہوں نے ایک اور بات کی یہ کہتے ہیں کہ لوٹا کریسی تو بھائی اوکاڑہ میں تو یہ قرعہ میرے تے ہی پئے سکدا سی کہ کسے نوں دعوت دیاں، تے اَجے تک تے دعوت نیں دِتی شروع تہاڈے تو ہی ہواں گا جس دن کسے نوں دعوت دتی۔ ابھی تک تو میں نے کسی کو دعوت نہیں دی کہ بھائی آپ کسی دوسری سائڈ پر آئیں اور اگر میں نے یہ دعوت کسی کو دی تو پھر میں نے اپنے گھروں میں ہی جانا ہے اب افتخار حسین صاحب یہ تو نہیں کہیں گے کہ ان کا گھر میرا اپنا گھر نہیں ہے اس لئے آج تک تو وہاں کچھ ہوا نہیں۔ ہاں ہماری پالیسی کو دیکھ کر ہم سے کوئی دوست کام کرتا ہے آپ اوکاڑہ میں ماسوائے دو آدمیوں کے کسی مسلم لیگ (ن) والے کو کہہ دیں کہ وہ میرے پاس کبھی آیا ہو یا فون کیا ہو باقی تو دوست میرے پاس آئے ہی نہیں ہیں۔ وہ میرے مہربان ہیں اگر کوئی آیا ہے تو میں نے صرف look after کیا ہے۔ ہم بالکل اس طرح نہیں کرتے کہ ہم کام نہ کریں ان کے حلقے ہیں یہ وہاں سے elected members ہیں یہ کیوں نہ آئیں اور ہم کیوں نہ ان کے معاملات دیکھیں جو جائز ہیں۔ میں یہ گزارش کرنا چاہ رہا تھا کہ یہ جو بجٹ آیا ہے یہ COVID کے بعد نہیں آیا یہ enhance کیسے ہوا؟ آپ کی kitty میں کچھ ہو گا تو آپ بجٹ بڑا دیں گے اگر kitty میں کچھ ہے تو اس کا مطلب ہے پھر چوری نہیں ہوئی، پھر ڈاکا نہیں پڑا، پھر وہ پیسے ہمارے پاس تھے تو اُس کو بڑھا کر دیئے ہیں۔

جناب چیئرمین !اب ایگری کلچر میں جائیں ابھی ہمارے دوست دال، گوشت کا بھاؤ گنوا رہے تھے ہم زمیندار لوگ ہیں اور بھی زیادہ تر دوست زمیندار لوگ ہیں گندم کا ریٹ اُس وقت کیا تھا اور آج کیا ہے میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں ؟ چینی کے ریٹ کی بات ہوئی تو کماد کا شوگر کین کا ریٹ اُس وقت کیا تھا؟میرے بھائی میرے بارے میں جانتے ہیں میں sugarcane کا grower ہوں اور اگر میرے جیسا آدمی جس کی چلو کوئی بات سن لیتا ہے وہ منتیں کرتا تھا تین تین سال ہمارے اوکاڑہ میں دو شوگر ملیں ہیں کہ میرے اپنے ہی پیسے ہی دے دو تو کیا حال تھا؟ ہمارے جو کین کمشنر رہے ہیں وہ ہمارے ہی ضلع کے فرد ہیں یہ میرے فاضل دوست بھی جانتے ہیں بلکہ وہ ان کی قربت والے ہیں، آپ آج اُن سے پوچھ لیں کہ کس مل نے کتنے پیسے دینے تھے اور آج جو ہمارے بقایا جات پڑے ہوئے ہیں کیا وہ پانچ پانچ، چھ چھ، سات سات سال کے ہیں یا نہیں ہیں ؟میں نام نہیں لوں گا آپ کین کمشنر سے یہ detail منگوائیں اور منگوا کر یہاں پر اس ہاؤس کی سکرین کے اوپر چلوا دیں کہ کون کون سی مل نے کیا کیا واجبات دینے ہیں اور کب سے دینے ہیں اور اُس مل کا owner یا CO owner کون ہے دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائے گا۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب چیئرمین !وہاں ہمارے شیر گڑھ میں گودام ہیں وہاں پر گندم کی بوریاں جل جاتی تھیں ہزاروں کے حساب سے گندم کی بوریاں بالکل مٹی بن جاتیں تھیں آج آپ جا کر دیکھیں آپ کو فوڈ کے محکمے کی ایک شکایت نہیں ملے گی۔ میں نے سکولز کی بات کی، اب میں لائیوسٹاک کی بات کروں گا میں آج اپنی تقریر اُسی بات پر رکھتا ہوں جو ہمارے پینڈوؤں کے کام ہیں۔ مجھے پینڈو ہونے پر فخر ہے دیسی لوگوں پر فخر، میں بات ہی وہاں پر رکھتا ہوں باقی تو چلیں اور بڑی باتیں دیگر دوست کر لیں گے۔ میں بات ہی اُن ministries کی کروں گا جو agriculture related ہوں گی۔ میں گزارش کرتا ہوں جو لائیوسٹاک related ہوں گی آپ لائیوسٹاک میں دیکھیں تو لائیوسٹاک میں ہمیشہ لائیوسٹاک کا محکمہ صرف ایک وباء کے تدارک کا محکمہ بن کر رہے گیا تھا کبھی اُس میں research نہیں ہوتی تھی،اب جو ہم باہر سے semen's کی dosage import کرتے ہیں وہ کبھی نہیں ہوتی تھیں insemination کے لئے اب آپ غور کریں کہ وہ 1 لاکھ سے enhance کر کے 5 لاکھ کر دی گئی ہیں اور اُس میں Brazil کا نام زیادہ تر لوگوں نے نہیں سُنا ہو گا کیوں وہ South America میں ہے اور South America سے ہمارا واسطہ بڑا کم پڑتا ہے ۔وہاں پر ایک

breed ہے جس کو گیر یا GIR کہتے ہیں وہ پوری دنیا میں کیٹل کی hardiest breed ہے۔ یہ واحد حکومت ہے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جنہوں نے اُن کے ساتھ بھی MOU sign کر لیا ہے اور وہاں سے بھی ہم semen's import کر رہے ہیں وہ کس کے لئے ہے۔ دیکھیں وہ کوئی میرے جیسا زمیندار ہو گا، کوئی آپ جیساز میندار ہو گا، کوئی اِن جیساز میندار ہو گا تو وہ کوئی دو چار Friesian بھی لے سکتا ہے ،وہ کوئی اور بھی لے سکتا ہے ۔ آپ کسی سے پوچھ لیں کہ یہ دنیا کی hardiest breed ہے۔ ہمارا اور آپ کا علاقہ وہ ہے آپ خود دیکھیں کہ جو چولستانی ہیں اُس سے بھی یہ hardy ہے یہ صرف غریب لوگوں کے لئے 1 لاکھ dosage منگوائی جائیں گی جو اُن کو مفت دی جا ئیں گی اور ہم اُن کے لئے کیا کریں؟ جس گھر میں دو گائے بھی ایک غریب کے پاس ہو گی وہ کہاں سے کہاں جائے گا۔

جناب چیئر مین! اس کے بعد میں یہ گزارش کرتا ہوں کہ ہم موٹرویز کی بات کرتے ہیں تو موٹرویز ہونی چاہئیں مگر واٹرویز کی بات بھی تو ہونی چاہئے ،ڈیمز کی بات بھی تو ہونی چاہئیں ، we are a water stopped nation اور اس سیکٹر میں unfortunately خاکم بد ہن، صد بار خاکم بد ہن we are going down south پانی کے معاملے میں آپ ڈیمز دیکھیں، آپ کو پرائم منسٹر کی priority نظر آئے گی تو ڈیمز پر نظر آئے گی ۔ ہمارا irrigation minister بولے گا تو پانی پر بولے گا۔ آپ کو وزیر اعلیٰ صاحب کی بات نظر آئے گی تو ان چیزوں پر نظر آئے گی۔ پھر ایک تھوڑی سی اگلی situation create ہوئی تو پنجاب نے ہی یہ بتایا کہ ہمارا 32 فیصد شیئر کم ہوا اور باقی صوبوں،سندھ کا 17 فیصد شیئر کم ہوا۔ اس کے باوجود ہم نے پاکستان کو لے کر چلنا ہے، ہمیں تو صوبائیت کی لسانیت کی بات ہی نہیں کرنی، پاکستان ہے تو سب ہے۔ پہلی دفعہ وزیر اعظم پاکستان کی کوشش اور کاوش کے ساتھ صوفی ازم کا پروان چڑھ رہا ہے soft image of Pakistan آگے آ رہا ہے ,hardliner اور Kalashnikov armed لوگ اُن کا اسلام اب نہیں پھیل رہا، اب الحمد اللہ ایک soft image of Islam آگے آ رہا ہے۔ آپ دیکھیں پہلی دفعہ پاکستان کو جو مقام ملا کس لئے ملا ہے کہ آپ نے اولیائے کاملین کی بات کی ہے، آپ نے رواداری کی بات کی ہے، آپ نے مذہبی رواداری کی بات کی ہے، آپ نے ترکی کے ساتھ مل کر، سعودیہ عرب کے ساتھ چل کر جہاں بالکل پاکستان backbencher ہوتا تھا آج ہمارے

وزیر اعظم کی وجہ سے فرنٹ میں مسلم اُمہ میں آگیا ہے۔ جو آپ کا stand فلسطین اور کشمیر پر ہے اگر پچھلے 70 سالوں میں کبھی رہا ہے تو قائد کا وقت نکال کر مجھے بتا دیں؟ I am open to discussion جو stand آپ نے کشمیر پر لیا ہے یا جو stand آپ نے فلسطین پر لیا ہے۔ کون سی باتیں کرتے ہیں صرف بات یہ ہے کہ یہ جو نمبرز کی game ہے اور اُن کا جو figures کا اُتار چڑھاؤ ہے اُس سے بات نہیں چلتی ویسے یہ ماہر ہیں پھر مجھے ایک شعر یاد آگیا کہ:۔

دامن پہ کوئی چھینٹ نہ خنجر پہ کوئی داغ
تم قتل کرو ہو کہ کرامات کرو ہو

اُس میں یہ ضرور ماہر ہیں ماشاءاللہ مگر بات یہ ہے کہ یہ زبانی جمع خرچ کی بات نہیں ہے بات تو یہ ہے کہ یہاں پر کیا ہو رہا ہے۔ ایگری کلچر سیکٹر میں آپ جائیں تو ایگری کلچر منسٹر یہاں بیٹھے ہیں آپ ان سے پوچھیں research پچھلے 40 سال سے نہیں ہو رہی ابھی ان کا focus research پر ہے اور research ہو گی، اچھا بیج آئے گا اچھی ادویات ملیں گی اور ادویات کے حوالے سے آپ حضرات خود اس کے شکار رہتے ہیں کہ ہم دُوائی کوئی ڈالتے ہیں اثر کوئی ہوتا ہے۔ اُس چیز کو اگر ہم deal کریں گے تو آپ کی yield بڑھے گی۔ آپ دیکھیں چائنہ کی آبادی جب بہت بڑھی تو انہوں نے اپنی آبادی کو اپنی طاقت کے لئے استعمال کیا۔ آپ کو پالیسیز تبدیل کرنی پڑتی ہیں ہماری آبادی بھی ہمارے رقبے کے حجم کے حساب سے اور جو ہمارے وسائل ہیں اُس کے حساب سے بہت زیادہ ہیں ۔ مگر یہ پہلی حکومت ہے کہ ہم اپنی آبادی کو اور اپنے HR کو promote کر رہے ہیں اور یہی آبادی آپ پر بوجھ نہیں رہے گی۔ میں خدانخواستہ آبادی بڑھانے کو promote نہیں کر رہا بلکہ یہ کہہ رہا ہوں کہ آبادی کے مسائل کو سمجھنا چاہئے۔ آپ دیکھیں گے کہ جو آپ کی آبادی ہے وہ آپ کے لئے انشاءاللہ تعالیٰ سود مند ثابت ہو گی اور آپ کو اقوام عالم میں دنیا میں اس کا فائدہ ہو گا۔ یہ جو یونیورسل ہیلتھ کارڈ ہے کیا کوئی شخص یہ کہہ سکتا ہے کہ یہ مسلم لیگ(ن) کے ووٹر کو نہیں مل رہا یا کسی اور جماعت کے ووٹر سپورٹر کو یہ کارڈ نہیں مل رہا تو ہر شخص کو یہ ہیلتھ کارڈ ملنا ہے۔ اچھا بھلا سفید پوش آدمی اگر اس کے گھر میں بیماری آجائے تو اس کے گھر کا پورا بجٹ اڑ جاتا ہے اور یہ پوری دنیا میں

ہوتا ہے اور امریکہ میں بھی ایسا ہی ہوتا ہے۔ آپ کا ہیلتھ کارڈ blessing ہے کیا یہ ہمیں اوپر سے کسی نے بتایا تھا نہیں بلکہ یہ پرائم منسٹر کا vision ہے کہ سب سے پہلے انہوں نے ہیلتھ کا سوچا ہے۔

جناب چیئرمین !ابھی سکولز کی بات ہو رہی تھی تو ہمارا ایک remote area ہے اس remote area میں اب وزیر اعلیٰ صاحب کی مہربانی سے ہم ڈگری کالج بنانے جا رہے ہیں ، افتخار صاحب جانتے ہیں اور باقی بھی جو ساتھی اوکاڑہ سے تعلق رکھتے ہیں وہ جانتے ہوں گے کہ دریا پر ڈگری کالج بنایا جا رہا ہے تو یہ ڈگری کالج وہاں پر کیوں بن رہا ہے وہ اس لئے بن رہا ہے کہ وہاں پر 100 دیہات ہیں جن کی بچیاں رینالہ خورد تک یا اوکاڑہ تک آنے جانے کی وجہ سے تعلیم ہی چھوڑ دیتی تھیں لہٰذا ہم تعلیم کو لوگوں کی دہلیز تک پہنچا رہے ہیں۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب چیئرمین! میری بات تھوڑی لمبی ہو گئی کیونکہ کچھ باتیں ایسی تھیں جو کہ میں کہنا نہیں چاہتا تھا مگر میں آخر میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ انشاءاللہ تعالیٰ یہ حکومت وہ کام کرے گی جو عوام کے فائدہ کے لئے ہوں گے ، جو عوام کے لئے روزگار کے وسائل پیدا کرے گی۔ ہم وہ پراجیکٹ لے کر آئیں گے جو کہ عوام کے فائدے کے لئے ہوں گے ہم وہ پراجیکٹ نہیں لے کر آئیں گے جس میں چند مخصوص لوگوں کی جیب میں کمیشن جائے گا۔ اب کمیشن والی سیاست نہیں ہو گی بلکہ اب خدمت کی سیاست ہو گی۔ میں آپ کا، اس ایوان کا اور اپوزیشن کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ میری بات انہوں نے اطمینان کے ساتھ سن لی۔ میں اپنے تمام بھائیوں کے اور اپنے ضلع کے مسائل کے حل کے لئے حاضر ہوں یہ جو حکم کریں گے انشاءاللہ تعالیٰ ان کے ساتھ بیٹھ کر طے کریں گے۔ بہت شکریہ۔

**جناب چیئرمین:** جی، محمد کاظم پیرزادہ اپنی بات کریں۔

**چودھری افتخار حسین چھچھر:** جناب چیئرمین: پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب چیئرمین:** چھچھر صاحب! آپ اپنی سیٹ پر تشریف رکھیں۔ مہربانی۔ جی، کاظم پیرزادہ!

**جناب محمد کاظم پیرزادہ:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ۔ جناب چیئرمین! منسٹر صاحب نے بہت اچھی اور خوبصورت باتیں کی ہیں۔ منسٹر صاحب کی طرح میرا تعلق بھی زراعت سے ہے۔ میں زراعت سے منسلک حلقے کو ہی represent کرتا ہوں۔ الحمدللہ بہاولپور بہت زرخیز جگہ ہے۔ میں آپ

کی وساطت سے منسٹر صاحب کی توجہ اس طرف دلانا چاہتا ہوں کہ اس وقت مکئی کی فصل تیار ہے۔ جس طرح پہلے شوگر اور بعد میں گندم سکینڈل آیا ہے یہ ایک اور سکینڈل بننے جارہا ہے۔ الحمد للہ پاکستان کی مکئی اس وقت 5 سے 6 ممالک کو ایکسپورٹ ہو رہی ہے لیکن جیسے ہی فصل آئی ہے اور کاشتکار کی بات آئی ہے تو ہمارے مقامی ملز مالکان اور فیڈ ملز مالکان نے اس کے cartons بنا کر اس کا ریٹ گرا دیا ہے۔ اس کی ایکسپورٹ میں ایک نیا رخنہ یہ ڈالا گیا ہے کہ پنجاب سے جو لوگ ایکسپورٹر تھے ان پر ایک شرط عائد کر دی گئی ہے کہ وہ اس کا NOC لیں گے۔ جس طرح شوگر ملز مالکان ہمیشہ گنے کے کاشتکار کا استحصال کرتے ہیں اسی طرح cartel بنا کر مکئی کے کاشتکار کے ساتھ خدانخواستہ وہی سلوک کرنے کا پروگرام بنا رہے ہیں۔ اگر اس پر آج نوٹس نہیں لیا جائے گا تو شوگر کمیشن اور گندم کمیشن کی طرح آپ آنے والے دنوں میں دیکھیں گے کہ مکئی کمیشن بھی بنایا جائے گا۔ کاشتکار کا دل بہت بڑا ہوتا ہے اور الحمد للہ genetically کاشتکار کے رزق میں خداوند کریم نے اللہ کی تمام مخلوق کا رزق رکھا ہوا ہے۔ جہاں پر پرندوں اور کیڑے مکوڑوں ہر چیز کا رزق ہے۔ کاشتکار اپنی دھرتی ماں سے محبت رکھتا ہے لیکن اگر اس طرح سے اس کا استحصال کیا جائے تو یہ مناسب نہیں ہے۔ آپ نے دیکھا ہے کہ کچھ دیر پہلے حکومت نے گندم پر پابندی لگائی اور کہا کہ جو لوگ گندم ذخیرہ کر رہے ہیں ہم ان کے گوداموں پر چھاپے ماریں گے اور گندم حکومت قبضے میں لے کر غریب کو سستی گندم فراہم کرے گی۔ ہمیشہ غریب کے نام پر یہ سارے فراڈ ہوتے ہیں۔ آپ دیکھیں کہ کسی بڑے آدمی کی گندم پکڑی گئی ہے جو کاشتکار اپنی ضرورت کے لئے گندم رکھتا تھا وہ گندم پکڑی گئی، اس کاشتکار کی پگڑی اچھالی گئی، اس کی توہین کی گئی اور اس کا image خراب کیا گیا۔ مکئی کا جو internationally rate بنتا ہے وہ ریٹ اگر حکومت کاشتکار کو نہیں دلوا سکتی تو پھر یہ حکومت کی ناکامی ہی ہے اس کے سوا کچھ نہیں ہے۔

جناب چیئرمین! دوسری چیز پانی کی بات کی گئی تو میں نے پہلے بھی ہاؤس میں بات کی تھی کہ پانی کے لئے ہماری پچھلی گورنمنٹ کے دور میں میلسی سائفن کے مقام پر ہمارے دریاؤں کے بک جانے کے بعد SMB Link Canal سے ہمارے بہاولپور کو پانی دینے کے لئے ایک ٹیوب ڈال کر انتظام کیا گیا اور وہاں پر 1000 کیوسک پانی غالباً بڑھایا گیا۔ وہ پوری نہر تقریباً 70 فیصد ہمارے حلقے سے گزرتی ہے۔ میں نے پہلے بھی منسٹر صاحب سے گزارش کی کہ وہاں پر 70 کیوسک ٹوٹل پانی بنتا ہے جو کہ الٹا بہاول کینال جو کہ پرانا نواب صاحب کا تیار کردہ نہری نظام تھا اس میں

جاتا ہے لیکن اس پانی کو سختی سے بند کر دیا گیا ہے اور وہاں لوگوں کو وہ پانی نہیں دیا جا رہا۔ یہ بات نہیں کہ لوگ وہاں سے 70 کیوسک پانی لیتے تھے بات صرف ان لوگوں کی نہیں بلکہ ہماری زندگی اور موت کی بات ہے۔ ہمارے پاس sweet water zone اسی وجہ سے ہے کہ وہاں پر نہروں میں پانی رواں دواں ہے لیکن اب ہمارا وہاں پر پانی کڑوا ہو رہا ہے۔ اگر اس پانی کو کہیں پر manage کیا جائے اس وقت جو urbanization ہوئی ہے اس کے تحت ہمارے پاس excess water بھی ہے اور کہیں پر پانی کی کمی بھی ہے۔ آپ مجھے بتائیں کہ جو urbanization بننے کی وجہ، کالونیز بننے کی وجہ سے یا دوسری economic activities یعنی دکانیں، گھر اور انڈسٹریاں لگی ہیں ان کے لئے جو پانی چاہئے ہے وہ کہاں ہے لہٰذا 70 کیوسک پانی کافی نہیں ہے لیکن یہ اس خطے کی زندگی اور موت کا مسئلہ ہے۔

جناب چیئرمین! جب یہ گورنمنٹ آئی تو سب سے پہلے سونامی جو کہ ایک تباہی تھی انہوں نے کہا کہ ہم درختوں کا سونامی لائیں گے۔ بہاولپور کے اندر 66 لاکھ ایکڑ چولستان موجود ہے اس کے اندر 45 ہزار ایکڑ ایسا رقبہ ہے جہاں پر زیر زمین پانی میٹھا ہے تو وہاں پر یہ جنگلات لگائے جائیں۔ خدارا ایسے نہ کیا جائے کہ جیسے beautification کے نام پر ہمارے اے سی صاحبان اور ڈی سی صاحبان شہروں کا حال کرتے ہیں۔ وہاں پر وہاں کے indigenous plants لگائے جائیں جو کہ قدرت نے وہاں پر اُگائے تھے وہ پلانٹس قدرت نے کسی حکمت کی وجہ سے اُگائے تھے۔ خداوند کریم کہتا ہے کہ میں نے اس کائنات کو 6 ساعتوں میں حکمت کے ساتھ خلق کیا تو جو وہاں کے indigenous plant ہیں اس میں بھی کوئی حکمت پنہاں ہے۔ کم از کم ان درختوں کو ہی وہاں پر لگایا جائے۔ اگر conocarpus یا سفیدا لگایا جائے جو کہ پانی زیادہ consume کرتے ہیں ان کی بجائے وہ پلانٹس جو کہ قدرتی طور پر وہاں اگتے ہیں ان کو لگایا جائے گا کیونکہ وہ زیر زمین پانی کو صاف بھی کرتے ہیں۔ آپ کو بھی پتا ہے کہ اس وقت وہاں پر global warming ہے اگر 40 ڈگری سینٹی گریڈ سے آدھا سینٹی گریڈ بھی درجہ حرارت بڑھتا ہے تو وہ انسانوں اور ہر ذی روح کو محسوس کرواتا ہے۔ اس وقت آپ دیکھیں کہ تین چار دن پہلے بارشوں سے پہلے گرمی سے ہماری کتنی بری حالت تھی۔ اگر ہم وہاں پر درخت لگاتے ہیں اور وہاں پر ہم گرمی کی شدت کو کم کر سکتے ہیں جیسا کہ پوری دنیا کی مثالیں دی جاتی ہیں کہ پوری دنیا میں ایسا ہوتا ہے۔

جناب چیئرمین! دوسرا ہمارے وہاں پر farm to market سڑکیں بنناتھیں اور ان کا earthwork ہو چکا ہے وہاں پر پتھر وغیرہ سب کچھ ڈل چکے ہیں اب صرف blacktop ہونا ہے اب اس کے لئے اس مرتبہ بجٹ میں فنڈز رکھے گئے ہیں تو میں اس کے لئے وزیر خزانہ صاحب کا شکر گزار ہوں کہ ان کی توجہ اس طرف گئی لیکن جو مہنگائی کا سونامی آیا ہے مجھے نہیں لگتا کہ ان فنڈز سے وہ تمام سڑکیں مکمل ہو جائیں گی۔ میں آپ کے توسط سے جناب وزیر خزانہ سے گزارش کروں گا کہ کم از کم ان کو مکمل کرنے کے لئے جو فنڈز درکار ہیں وہ فنڈز اس کے لئے مختص کئے جائیں۔

آخر میں، میں یہ بھی تجویز دوں گا کہ ہمارے وزیراعظم نے کہا تھا کہ right person for right job لگاؤں گا۔ آپ دیکھیں کہ قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر کو جتنے دن آپ نے تقریر کروانے میں ضائع کروا دیئے ہیں اتنے دنوں میں تو وہ ایک انڈر پاس بنا دیتا تھا لہٰذا آپ اس کی قابلیت کو استعمال کریں نہ کہ آپ اس کی قابلیت کو روکیں۔ شکریہ

**جناب چیئرمین:** جی، جناب شہباز احمد اپنی بات کریں۔

**پارلیمانی سیکرٹری برائے لائیو سٹاک وڈیری ڈویلپمنٹ** (جناب شہباز احمد): جناب چیئرمین! میں سردار عثمان بُزدار صاحب، وزیر خزانہ ہاشم جواں بخت، وزیر قانون راجہ بشارت اور وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ کی تمام ٹیم کو اس محسن کسان کے ساتھ رحم کرنے والا اور ایم پی ایز کے لئے جو گرانٹس تھیں، جو حلقوں کی حالت تھی یہ ایسا بہترین بجٹ بنانے پر میں ان سب کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ (اس مرحلہ پر معزز ممبران حزب اقتدار کی طرف سے نعرہ ہائے تحسین)

سپیکر پنجاب اسمبلی چودھری پرویز الٰہی صاحب کا خواب، صوبہ پنجاب کی پنجاب اسمبلی جو کہ ایشیاء کی سب سے اچھی اسمبلی بنی ہے میں ان کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب جناب سردار عثمان احمد خان بُزدار جنہوں نے اس اسمبلی کو مکمل کرانے کے لئے فنڈز دیئے ہیں اگر یہ وزیر اعلیٰ نہ ہوتے تو اتنے فنڈز کوئی نہ دیتا میں اس کا credit جناب سردار عثمان احمد خان بُزدار کو بھی اتنا ہی دوں گا۔

جناب چیئرمین! قائد حزب اختلاف نے اپنی تقریر میں کہا کہ سنا ہے کہ پنجاب کی بیوروکریسی آفیسرز کی پوسٹنگ کے لئے پیسے لیتی ہے، میں انہیں چیلنج کرتا ہوں کہ وہ اسی اسمبلی میں

پڑ (میدان) لگالیں وہ استعفیٰ دے دیں یا پھر میں استعفیٰ دے دوں گا۔ ادھر پڑ لگ جائے گا تو پتا لگ جائے گا کہ کتنا دودھ اور کتنا پانی ہے۔ باتیں کرنی بڑی آسان ہیں، انہوں نے تو سنا ہے لیکن جو کچھ انہوں نے کیا ہے وہ پوری دنیا نے دیکھا ہے۔

نواز شریف صاحب پنجاب کے وزیر اعلیٰ رہے، وزیر اعظم پاکستان رہے، شہباز شریف صاحب وزیر اعلیٰ رہے لیکن ان کا علاج کرنے کے لئے ایک ہسپتال تک نہ بنوا سکے۔

میں وزیر اعلیٰ پنجاب جناب سردار عثمان احمد خان بُزدار کو ایک اور بات پر مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ وہ تین دن اسلام آباد رہ کر محنت کر کے پنجاب کا جو حصہ لیا ہے وہ پچھلے سال سے 102 فی صد زیادہ ہے جس سے 73 ارب روپے کی لاگت سے روڈ سیکٹرز میں پنجاب میں ترقی آئے گی اس کے لئے انہوں نے 39.5 ارب روپے مختص کر دیئے ہیں۔ یہاں سیالکوٹ سے بھائی بیٹھے ہیں انہوں نے سعودی عرب کے ارب دیکھے ہوں گے لیکن سیالکوٹ میں جو 17 ارب روپے سے یونیورسٹی بننے جا رہی ہے انہوں نے پہلی دفعہ یہ سنا ہے۔ فیصل آباد سے میرے بھائی بیٹھے ہیں جو فیصل آباد میں انڈسٹریل سٹی کا قیام ہے جو کہ معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے وہ بھی 3 ارب 78 کروڑے روپے کی لاگت سے تیار ہو رہا ہے۔ (قطع کلامیاں)

حوصلہ بھائی جان حوصلہ! کوئی مسئلہ نہیں ہے۔

**جناب چیئرمین:** جناب شہباز احمد! Address to the Chair

**پارلیمانی سیکرٹری برائے لائیو سٹاک و ڈیری ڈویلپمنٹ** (جناب شہباز احمد): جناب چیئرمین! میرا تعلق ایک زمیندار گھرانے سے ہے آپ کو بخوبی علم ہے کہ زراعت اور لائیو سٹاک پاکستان ایک زرعی ملک ہے جس کی دو تہائی آبادی بالواسطہ یا بلاواسطہ زراعت سے منسلک ہے زراعت کا کل GDP میں تقریباً 23 فی صد اشتراک ہے اس میں 230 فی صد اضافہ کیا گیا ہے۔

زراعت میں جدت لانے کے لئے 64۔ارب روپے کی لاگت سے نئے پروگرام کا آغاز کیا گیا ہے، ماڈل مارکیٹس کا قیام کیا گیا ہے، فصلوں کی پیداوار بڑھانے کے لئے زرعی مشینری کا فروغ کیا گیا ہے۔ گریٹر تھل کینال شروع کر دی گئی ہے۔ میرے بھائی گنے چاول گندم اور مکئی کی بات کر رہے تھے میں اس سلسلے میں بتاتا چلوں (قطع کلامیاں)

**جناب چیئرمین:** No crosstalk please.جی!

**پارلیمانی سیکرٹری برائے لائیو سٹاک و ڈیری ڈویلپمنٹ**(جناب شہباز احمد):جناب چیئرمین! اس دفعہ پنجاب میں جو گندم، چاول اور گنے کی فصل ہوئی ہے اس کی پچھلے بیس سالوں میں مثال نہیں ملتی اور یہ بات ریکارڈ پر ہے۔

**معزز ممبران حزب اختلاف:** سمجھ نہیں آ رہی۔

**پارلیمانی سیکرٹری برائے لائیو سٹاک و ڈیری ڈویلپمنٹ**(جناب شہباز احمد):میں تسانوں سمجھاناں۔

**جناب چیئرمین:** جی رانا صاحب! آپ اپنی بات جاری رکھیں۔

**پارلیمانی سیکرٹری برائے لائیو سٹاک و ڈیری ڈویلپمنٹ**(جناب شہباز احمد):جناب چیئرمین! لائیو سٹاک میں 9 سول ویٹرنری ہسپتال upgrade ہونے جا رہے ہیں، مویشیوں کی جنیاتی بہتری کے لئے باہر سے semens منگوائے جا رہے ہیں- قائد حزب اختلاف نے دعویٰ کیا ہے کہ سابقہ دور میں جنوبی پنجاب کے اضلاع کو پسماندہ نہیں چھوڑا میں آج ان سے گزارش کرتا ہوں کہ ایک وفد جنوبی پنجاب کے اضلاع میں بھیجیں اور ان کا موازنہ وسطی اور بالائی پنجاب سے کریں تو معلوم ہو جائے گا کہ وہاں کی عوام میں کس قدر احساس محرومی ہے۔

جناب چیئرمین! پی ٹی آئی نے جنوبی پنجاب کے سیکرٹریٹ کو functional کیا اور اس کے بجٹ میں 189 ارب روپے مختص کر دیئے ہیں۔

(اس مرحلہ پر معزز ممبران حزب اقتدار کی طرف سے نعرہ ہائے تحسین)

**ملک محمد وحید:** رانا صاحب غلط بیانی سے کام لے رہے ہیں-

**جناب چیئرمین:**No crosstalk please . This is not the way. No.جی، رانا صاحب! آپ continue کریں۔

**پارلیمانی سیکرٹری برائے لائیو سٹاک و ڈیری ڈویلپمنٹ**(جناب شہباز احمد):جناب چیئرمین!ان کی تو کوئی زرعی پالیسی ہی نہیں تھی، کپاس، گندم، گنے اور چاول کے لئے بیج بھی نہیں

تھے لیکن یہ کہہ رہے ہیں کہ ان کے دور میں فصلیں اچھی ہوئیں اگر اچھی ہوئی ہیں تو یہ خدا کا کرم ہے اس میں حکومت کا کوئی کمال نہیں ہے ہم اس نعمت خداوندی اور اس کرم کے شکر گزار ہیں۔ہم جناب عمران خان صاحب اور سردار عثمان بُزدار صاحب کے نظریہ جدوجہد کو عملی جامہ پہنانے پر کسان بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ سابقاادوار میں تو کسان کو اپنی فصل کی مناسب قیمت نہیں ملتی تھی جس وجہ سے کسان اپنے کھیتوں میں تیار فصلوں کو جلا دیا کرتے تھے لیکن آج گنا، گندم، کپاس اور چاول کی بہترین فصل اور ان کی مناسب قیمت کی وجہ سے کسانوں میں خوشحالی اور اعتماد کی لہر دوڑی ہے۔فصلوں کی پیداوار میں اضافے کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ اپوزیشن سے تعلق رکھنے والوں کے جو کارندے جعلی ادویات اور جعلی کھاد بیچ رہے تھے موجودہ حکومت نے ان کا ناطقہ بند کر دیا ہے۔

(اس مرحلہ پر معزز ممبران حزب اقتدار کی طرف سے نعرہ ہائے تحسین کہ رانا صاحب چھا گئے ہو)

جناب چیئرمین! ہماری حکومت نے مواصلات کا نظام بہتر بنانے کے لئے صوبہ بھر کی سڑکوں کی تعمیر و بحالی کے لئے 64.3 ارب روپے مختص کئے ہیں۔ضلعی ترقیاتی پروگرام کے تحت 32 ارب روپے مختص کئے ہیں اور 168 ارب روپے کی لاگت سے 1117 نئی سکیموں کا آغاز کر دیا ہے۔

(اس مرحلہ پر معزز ممبران حزب اقتدار کی طرف سے نعرہ ہائے تحسین)

جناب چیئرمین! ان کی کسمپرسی کا یہ مقام ہے کہ تین تین باریاں لینے والی شخصیات کے شایان شان یہاں کوئی ایک ایسا ہسپتال نہیں ہے جہاں وہ اپنا علاج کروا سکیں۔آج دنیا نے تسلیم کیا ہے کہ وزیراعظم پاکستان جناب عمران خان کی حکمت عملی نے کورونا جیسی وبا پر قابو پانے کے لئے جو اقدامات کئے ہیں وہ قابل ستائش ہیں اور بل گیٹس جیسی شخصیت نے پوری دنیا کو کورونا کے خلاف حکمت عملی پاکستان سے سیکھنے کا مشورہ دیا ہے۔

(اس مرحلہ پر معزز ممبران حزب اقتدار کی طرف سے نعرہ ہائے تحسین)

جناب چیئرمین! حکومت نے صحت کی مد میں 183 فی صد اضافہ کر کے 54 ارب روپے مختص کئے ہیں۔میرے اپوزیشن والے دوست جو صحت کے حوالے سے باتیں کر رہے تھے کہ علاج کے لئے پیسے نہیں اور غریب کدھر جائے گا۔آپ اپنا فکر کرو تم نے تو انگلینڈ چلے جانا ہے

لیکن یہاں غریب کا علاج مفت ہو گا، گیارہ کروڑ عوام کی ہیلتھ انشورنس ہو گی، تقریباً تین دہائیوں کے بعد لاہور میں ایک ہزار بیڈ کا ہسپتال بن رہا ہے تیس سالوں میں کوئی بڑا ہسپتال نہیں بن سکا۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! اس حکومت نے شعبہ تعلیم کے بجٹ میں 285 فیصد اضافہ کیا ہے جس کی وجہ سے صوبہ بھر کے تمام نوجوانوں کو بہترین تعلیم حاصل کرنے کے مواقع میسر ہوں گے۔ کوہسار یونیورسٹی مری میں باقاعدہ کلاسوں کا اجراء 10 مارچ 2021 کو ہو چکا ہے۔ (نعرہ ہائے تحسین)

**جناب چیئر مین:** رانا شہباز احمد صاحب! مہربانی کر کے wind up کر لیں۔

**ملک محمد وحید:** جناب چیئر مین! رانا شہباز احمد دیکھ کر پڑھ رہے ہیں اور اس کی اجازت نہیں ہے۔

**پارلیمانی سیکرٹری برائے لائیو سٹاک و ڈیری ڈویلپمنٹ** (جناب شہباز احمد): جناب چیئر مین! صرف دو صفحے رہ گئے ہیں۔ اس کے علاوہ یونیورسٹی آف بھکر، یونیورسٹی آف چکوال، بابا گورونانک یونیورسٹی ننکانہ صاحب اسی سال functional ہو رہی ہیں۔ اس کے علاوہ چار نئی یونیورسٹیاں بھی بنائی جا رہی ہیں۔

**جناب چیئر مین:** رانا شہباز احمد صاحب! آپ پڑھ کر تقریر نہیں کر سکتے۔ ان کاغذات کو نیچے رکھ دیں۔ آپ نے لکھا ہوا ہے کہ پانچ منٹ سے زیادہ بات نہیں کروں گا جبکہ اب آپ کو بات کرتے ہوئے 12 منٹ ہو چکے ہیں۔

**پارلیمانی سیکرٹری برائے لائیو سٹاک و ڈیری ڈویلپمنٹ** (جناب شہباز احمد): جناب چیئر مین! اگر کل قائد حزب اختلاف نے آنکھیں بند کر کے پڑھا ہے تو پھر میں بھی آنکھیں بند کر کے پڑھ دیتا ہوں۔ ایسی باتیں کرنے والوں کو شرم آنی چاہئے۔ میں امن و امان کا بھاشن دینے والوں کو بتاتا چلوں کہ آج پاکستان کا ہر شہری اپنے آپ کو سابقہ دور کی نسبت زیادہ محفوظ سمجھ رہا ہے۔ دہشت گردی کے واقعات میں واضح کمی آئی ہے۔ شاید وہ بُھول گئے ہیں کہ ماڈل ٹاؤن کا سانحہ انہی کے دور حکومت میں رونما ہوا تھا جہاں پر حاملہ عورتوں کے منہ میں گولیاں ماری گئی تھیں۔ قصور سے اغواء ہونے والی زینب کو انہی کے دور حکومت میں درندگی کا نشانہ بنایا گیا اور پھر اس کے بوڑھے باپ کو میڈیا کے سامنے جس طرح سے رُسوا کیا گیا اسے ساری دُنیا نے دیکھا ہے۔ ہماری حکومت امن و امان

کی صورت حال کو بہتر کرنے کے لئے پنجاب کے تمام اضلاع اور تحصیلوں میں ماڈل پولیس سٹیشن بنائے گی۔ پورے پنجاب میں تقریباً تمام تھانوں کو نئی گاڑیاں دی جائیں گی جس سے ملزمان کو پکڑنے میں آسانی ہو گی۔

**جناب چیئرمین:** رانا صاحب! اب آپ بس کریں اور wind up کر لیں۔

**پارلیمانی سیکرٹری برائے لائیو سٹاک وڈیری ڈویلپمنٹ**(جناب شہباز احمد): جناب چیئرمین! میں آخر میں زمینداروں کے حوالے سے بات کروں گا۔

**ملک محمد وحید:** جناب چیئرمین! ان کے دو صفحے کب پورے ہوں گے؟ یہ ساری تقریر پڑھ رہے ہیں۔

**جناب چیئرمین:** آپ مہربانی کر کے بیٹھ جائیں اور رانا صاحب کو اپنی بات مکمل کرنے دیں۔

**پارلیمانی سیکرٹری برائے لائیو سٹاک وڈیری ڈویلپمنٹ**( جناب شہباز احمد): جناب چیئرمین! میں اب جو بات کرنے لگا ہوں اس سے انہیں بڑی تکلیف ہو گی۔ ہماری حکومت نے اری گیشن کے بجٹ میں 176 فیصد اضافہ کیا ہے۔ آبپاشی زمینداروں کے لئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ مسلم لیگ(ن) کی سابق حکومت میں لاہور کا کوڑا اُٹھانے والی کمپنی LWMC کے لئے زیادہ بجٹ مختص کیا گیا جبکہ محکمہ اری گیشن کے لئے کم بجٹ رکھا گیا تھا۔ انہوں نے یہ زیادتی زمینداروں کے ساتھ کی تھی۔

جناب چیئرمین! میں وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ضلع جھنگ میں 25 کروڑ روپے کی لاگت سے Protection بند بنانے کا فیصلہ کیا ہے اور اس کے funds جاری کر دیئے گئے ہیں۔ پچھلے 20 سالوں میں یہ کام نہیں ہو سکا جو کہ ہماری حکومت کر رہی ہے۔

**جناب چیئرمین:** رانا شہباز احمد صاحب! wind up کر لیں۔

**پارلیمانی سیکرٹری برائے لائیو سٹاک و ڈیری ڈویلپمنٹ**(جناب شہباز احمد): جناب چیئرمین! ابھی تو میں نے سید حسن مرتضیٰ صاحب اور سردار اویس لغاری کے بارے میں بھی دو دو کلمات کہنے ہیں۔ سردار اویس لغاری صاحب اب بھی اپنے آپ کو صدر پاکستان کا بیٹا اور ایم این اے سمجھتے ہیں حالانکہ اب وہ ایم پی اے ہیں۔ وہ جب بھی بات کرتے ہیں تو وفاق کی بات کرتے ہیں

جبکہ ایم پی اے ہونے کی حیثیت سے انہیں صوبے کی بات کرنی چاہیئے۔ میں نے ان سے پوچھا کہ آپ ایسا کیوں کرتے ہیں؟ تو انہوں نے کہا کہ اب چونکہ ہماری نئی اسمبلی بن گئی ہے، یہ ہاؤس قومی اسمبلی کی طرز پر بنایا گیا ہے اور یہ ایشیا کی سب سے اچھی اسمبلی بن گئی ہے لہٰذا اب میں ایم پی اے رہ کر مطمئن ہوں۔ اسی طرح سید حسن مرتضیٰ کہہ رہے تھے کہ چنیوٹ میں کوئی ترقیاتی کام نہیں ہوا تو میں انہیں بتاتا چلوں کہ چنیوٹ سے فیصل آباد کی سڑک 115۔ارب روپے کی لاگت سے تعمیر ہو رہی ہے۔ یہ پہلی دفعہ ہوا ہے کہ Districts Development Fund میں چنیوٹ کو 7۔ارب روپے وزیر اعلیٰ پنجاب کی طرف سے دیئے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ تقریباً 125 کلومیٹر لمبائی کی کھیت سے منڈی تک کارپٹ روڈز بنانے کا پروگرام ہے۔ (نعرہ ہائے تحسین)

**جناب چیئرمین:** رانا شہباز صاحب! یہ تو اے۔ڈی۔پی کی سکیمیں ہیں۔ آپ یہ ہمیں کیوں پڑھ کر سُنا رہے ہیں؟ اب مہربانی کر کے wind up کر لیں۔

**پارلیمانی سیکرٹری برائے لائیو سٹاک وڈیری ڈویلپمنٹ (جناب شہباز احمد):** جناب چیئرمین! سید حسن مرتضیٰ صاحب اپنی بجٹ تقریر میں کہہ رہے تھے کہ موجودہ بجٹ میں چنیوٹ کو کچھ نہیں دیا گیا تو میں یہ انہیں بتا رہا ہوں۔

اب میں آخر میں کچھ تجاویز دینا چاہتا ہوں۔ میں وزیر اعلیٰ اور محکمہ سی اینڈ ڈبلیو سے گزارش کروں گا کہ احمد پور سیال کی ایک مظفر گڑھ روڈ جو کہ بلوچستان اور خیبر پختونخواہ کو ملاتی ہے۔ وہاں پر تین شوگر ملیں ہیں۔ اس سڑک کو اے۔ڈی۔پی میں شامل کر کے فوری طور پر بنایا جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی، انشاءاللہ۔

**پارلیمانی سیکرٹری برائے لائیو سٹاک وڈیری ڈویلپمنٹ (جناب شہباز احمد):** جناب چیئرمین! میں وزیر اعلیٰ پنجاب سے کہوں گا کہ محکمہ بلڈنگز میں لوٹ مار کا جو نظام رائج ہے اس کو ختم کریں۔ پچھلے 20 سالوں میں انہوں نے بہت زیادہ لوٹ مار کی ہے۔ میں وزیر اعلیٰ پنجاب اور وزیر خزانہ سے گزارش کروں گا کہ اس سسٹم کو تبدیل کریں۔ سابقہ حکومت کے دور میں ایک کمرہ 20 لاکھ روپے میں بن رہا تھا اور آج بھی وہ ایک کمرہ 15 لاکھ روپے میں بن رہا ہے تو میں گزارش کروں گا کہ اس لوٹ مار کی روک تھام کی جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی، بہت شکریہ۔ آپ تشریف رکھیں۔ اب محترمہ مہوش سلطانہ صاحبہ تقریر کریں گی۔

**محترمہ مہوش سلطانہ:** اعوذباللہ من الشیطٰن الرجیمO بسم اللہ الرحمٰن الرحیمO جناب چیئرمین! آپ کا بہت شکریہ کہ آپ نے مجھے بجٹ پر بات کرنے کا موقع دیا ہے۔ موجودہ حکومت نے اپنا یہ fourth budget پیش کیا ہے جس میں development کے لئے 560 ارب روپے کے رکھے گئے ہیں۔ شعبہ تعلیم کے ترقیاتی بجٹ میں 54 ارب روپے رکھے گئے ہیں۔ سکولز ایجوکیشن کے لئے 36 بلین روپے اور ہائر ایجوکیشن کے لئے 15 بلین روپے مختص کئے گئے ہیں۔

جناب چیئرمین! اس بجٹ میں بہت بڑے بڑے دعوے کئے گئے ہیں۔ اس میں کہا گیا کہ ہے 8 ہزار 360 پرائمری سکولوں کو upgrade کر کے ایلیمنٹری سکول کا درجہ دیا جائے گا۔ میں یہاں پر یہ کہنا چاہوں گی کہ گزشتہ سال جو سکول upgrade کئے گئے تھے ان میں سے کسی بھی سکول کو کوئی infrastructure دیا گیا اور نہ ہی کوئی SNE دی گئی ہے۔ میرے اپنے گاؤں چو آسیدن شاہ میں ایلیمنٹری سکول کو upgrade کر کے ہائی سکول کا درجہ دیا گیا تھا لیکن وہاں پر جو بچے 9th کلاس سے 10th کلاس میں گئے ہیں ان کے بیٹھنے کے لئے کلاس روم نہیں ہے اور وہ باہر بیٹھ کر تعلیم حاصل کرنے پر مجبور ہیں۔ میں نے دیکھا ہے کہ اس بجٹ میں مزید 19 یونیورسٹیاں بنانے کا کہا گیا ہے جو کہ آنے والے سال اور اس سے اگلے سال میں بنائی جائیں گی لیکن گزشتہ سال میں جو چھ یونیورسٹیاں بنائی گئی تھیں ان میں سے کسی بھی یونیورسٹی کی بلڈنگ یا infrastructure ابھی تک نہیں بنایا گیا۔ یہ یونیورسٹیاں کالجز میں بنائی گئی تھیں اور اس علاقے کو اُس کالج سے بھی محروم کر دیا گیا اور ابھی تک اس یونیورسٹی کا اپنا infrastructure بھی نہیں بنا ہے۔ گزشتہ سال میں سکول ٹیچرز کی کوئی بھرتی نہیں کی گئی جس کی وجہ سے SNEs کا بہت serious problem ہے اور جو 30 ہزار ٹیچرز ریٹائرڈ ہو گئے تھے ان کی اسامیاں بھی خالی پڑی ہوئی ہیں۔ ابھی میں بجٹ کی کتاب میں پڑھ رہی تھی کہ پورے پنجاب میں 86 نئے کالجز قائم کرنے کی تجویز ہے۔ میں یہ تجویز پیش کروں گی کہ اگر یہ کالج 4-years B.S(Honours) Programs کے تحت بنائے جائیں تو وہ ایچ۔ای۔سی کی requirement کو بھی پورا کریں تب بچوں کو تعلیم حاصل کرنے کی اچھی opportunity ملے گی۔

جناب چیئرمین!میں اپنے حلقہ کے مسائل کے بارے میں بھی کچھ چیزیںhighlight کرنا چاہوں گی۔ تحصیل چوآسیدن شاہ کے گاؤں وہالی کے گرلز اور بوائز سکول کو upgrade کیا جائے تاکہ وہاں کے بچوں کو تعلیم کی بہتر سہولتیں میسر آ سکے لیکن تمام infrastructure and SNE کے ساتھ یہ سکولupgrade کیا جائے۔ہمارے چوآسیدن شاہ میں ایک کیڈٹ کالج ہے جس کے لئے ڈیڑھ سو کینال جگہ چوآسیدن شاہ کے مقامی لوگوں نے free of costدی تھی۔میں یہ درخواست کروں گی اس کیڈٹ کالج میں مقامی لوگوں کے لئے jobs and admissionمیں کوٹہ مختص کیا جائے تاکہ وہ لوگ جنہوں نے کالج کے لئے contribute کیا ہے انہیں اس کا کچھ فائدہ ہو سکے۔

جناب چیئرمین!اسی طرح میرے حلقہ تحصیل چوآسیدن شاہ میں پانی کا بہت seriousمسئلہ ہمیشہ سے رہا ہے۔میں نے اسمبلی کے فلور پر پہلے بھی یہ issue raise کیا تھا کہ وہاں پر منی ڈیمز بنائے جائیں۔وہ ایک بارانی علاقہ ہے۔چوآسیدن شاہ میں، تحصیل آفس کے سامنے، گدھالا گارڈنز، کوہان ویلی، منہالہ اور بٹلی گاؤں میں بہت ساری ایسیsidesہیں کہ جہاں پر منی ڈیمز بنائے جاسکتے ہیں اگر وہاں پر یہ منی ڈیمز بنائے جائیں گے تو اس سےagricultureکو بھی فائدہ ہو گا اور water table up ہو گا تو لوگوں کو پینے کا پانی بھی میسر ہو گا۔میرے علاقے چوآسیدن شاہ میںRest House کے سامنے ایک پرانا باغ ہے اس کے علاوہ گدھالا گارڈن ایک historicalجگہ ہے وہ سو سال پرانے 100 ایکڑ پر مشتمل باغات تھے۔میں اس کے حوالے سے پہلے بھیon the floor of the House تجویز دے چکی ہوں کہ ان باغات کوrenovate کیا جائے اور گدھالا گارڈن کو Botanic Garden بنایا جائے۔ پچھلی حکومت میں اس کی feasibility بن چکی ہے اُس کو مکمل کیا جائے تو یہtourism کی ایک جگہ destination بن سکتی ہے۔ گزشتہ دور حکومت میں میاں محمد شہباز شریف صاحب نے چوآسیدن شاہ کے زمینداروں کے لئےprovision of waterکا ایک منصوبہapprove کیا تھا یہ منصوبہ لوکل زمینداروں کے لئے compensation تھا اور یہ Public Health Engineering کا منصوبہ تھا اس کے تحت سولر پینل کے ساتھ ٹربائنز لگائی گئی تھیں اورwater channelsبنائے گئے تھے تاکہ جن لوگوں کو پانی کی کمی کا مسئلہ ہے اُن تک پانی پہنچایا جا سکے لیکن وہ منصوبہ مکمل نہیں

ہو سکا ہے اور وہ water channels پورے نہیں ہوئے جس کی وجہ سے تمام زمین داروں کو پانی پہنچ نہیں پا رہا تو اس منصوبے کو بھی جلد سے جلد مکمل کیا جائے تا کہ تمام لوگ اس سے فائدہ اُٹھا سکیں اور اس سے تمام زمینداروں کی زراعت بہتر ہو۔

جناب چیئرمین! میرا تعلق راولپنڈی ڈویژن سے ہے وہ بارانی علاقہ ہے اور بارانی علاقوں میں agriculture کو organize کرنے کی بہت زیادہ ضرورت ہے اُس کے لئے ضروری ہے کہ local small markets کو organize کر کے بہتر کیا جائے تا کہ اس سے چھوٹے زمینداروں کا فائدہ ہو سکے۔ یہاں پر میں یہ تجویز بھی دینا چاہوں گی کہ بارانی علاقوں میں چھوٹے زمینداروں کے لئے agriculture insurance policy لائی جائے تا کہ جو فصل خشک سالی یا بیماری کی وجہ سے خراب ہو جاتی ہے تو چھوٹے زمین داروں کی کچھ compensation ہو سکے۔ بارانی علاقوں میں ضلع راولپنڈی، ضلع اٹک، جہلم اور چکوال کے علاقے شامل ہیں یہاں پر زیادہ تر لوگوں کا پیشہ کاشت کاری ہے اور وہ زیادہ تر چھوٹے کاشتکار ہیں۔ حکومت اگر اُن کی تھوڑی سی رہنمائی کرے اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے اُن کی مدد کی جائے تو وہاں پر آڑو، لوکاٹ اور بہت ساری سبزیاں بھی اُگائی جاسکتی ہیں۔ اس کے لئے تمام چھوٹے کاشت کاروں کی لسٹ بنالی جائے اور اُن کو اگر پانچ سال تک مفت بیج، کھاد اور ادویات مہیا کی جائیں گی تو وہ نہ صرف مضبوط ہوں گے بلکہ انشاءاللہ تعالٰی پنجاب کے revenue کے لئے بھی contribute کریں گے۔

جناب چیئرمین! اگر ہم مونگ پھلی کی فصل کی بات کریں تو چکوال اور تلہ گنگ کی سب سے اہم فصل مونگ پھلی ہے اور زمین داروں کے پورے سال کا دارومدار اُس ایک فصل پر ہوتا ہے لیکن اگر کسی وجہ سے خشک سالی ہو یا کوئی بیماری آجائے یا فصل کا ریٹ ٹھیک نہ ملے تو اُس کا پورا سال برباد ہو جاتا ہے۔ تو ان چھوٹے زمینداروں کو ہمارے محکمہ زراعت کی طرف جدید بنیادوں پر راہنمائی، تربیت اور ریسرچ کی ضرورت ہے تا کہ زمیندار بہتر طریقے سے اپنی فصل کی پیداوار بڑھا کر اپنا اور حکومت کا revenue بہتر کر سکیں۔

جناب چیئرمین! یہاں پر محترم وزیر خزانہ نے اپنی بجٹ تقریر میں نندنا فورٹ کا ذکر بھی کیا تھا لیکن میں نے بجٹ کے اندر tourism کا پورا portion دیکھا ہے اُس میں مجھے نندنا فورٹ کا کوئی بجٹ نظر نہیں آیا تو I would want کہ اگر وہ تھوڑا سا explain کر دیں گے کہ اُس کے

لئے کیا plan ہے اور اُس کو کس طرح سے develop کرنا ہے۔ ضلع جہلم اور چکوال میں بہت ساری historical sites ہیں جن میں املوٹ فورٹ، کٹاس راج، گندھالا گارڈن، چاہ ابدال، کھیالا فورٹ اور بہت ساری آبشاریں ہیں تو اگر ان کو بھی loop میں ڈال لیا جائے تو یہ ایک اچھی tourist destination بن سکتا ہے اور اس کا ایک پورا circle بن جائے گا اور اس سے بہت سارے tourists destinations develop ہو پائیں گے۔

جناب چیئرمین! میں آخر میں ایک اور تجویز دینا چاہوں گی۔ ہم اس نئی بلڈنگ میں shift ہو چکے ہیں تو جناب سپیکر اور اُن کی پوری ٹیم کا بہت شکریہ۔ ہماری اسمبلی کی جو پرانی بلڈنگ ہے وہ ایک بہت اچھی اور historical بلڈنگ ہے اور ایک history بھی ہے تو اگر ہم اُس کو پنجاب کا political history museum بنادیں گے تو وہ preserve بھی ہو جائے گی اور انشاء اللہ اس نئی بلڈنگ کے ساتھ ایک اچھا addition ہو گا۔ بہت بہت شکریہ۔

**جناب چیئرمین:** جی، شکریہ۔ صاحبزادہ محمد گزین عباسی!

**صاحبزادہ محمد گزین عباسی:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! آپ کا بہت شکریہ۔ I will try to make it short. کیونکہ میں کوئی چیز repeat نہیں کرنا چاہوں گا جو چیزیں میرے سے پہلے فاضل ممبران discuss کر چکے ہیں۔

جناب چیئرمین! میرا تعلق جنوبی پنجاب کے ضلع بہاولپور سے ہے، تحصیل احمد پور شرقیہ میرا گھر ہے اور میرا حلقہ تحصیل احمد پور شرقیہ شہر ہے۔ میں اس ایوان میں دوسری دفعہ منتخب ہو کر آیا ہوں۔ میرے سے پہلے میرے والد صاحب اس ایوان کے چار دفعہ ممبر رہے ہیں۔ اس بجٹ میں ہم لوگوں کو جو ترقیاتی پیکج دیا گیا ہے اُس کی مثال نہیں ملتی۔ میرے حلقے کے اندر 1.7 ارب روپے کے منصوبے دیئے گئے ہیں۔ آج تک اتنا پیسا ایک پسماندہ حلقہ میں کبھی نہیں لگا۔ میں کچھ باتیں یہاں پر کرنا چاہوں گا کہ پنجاب حکومت کے سرکاری ملازمین کوئی دس لاکھ کے قریب ہیں۔ حزب اختلاف تو کہتی ہے کہ ملازمین کی صرف 10٪ تنخواہ بڑھائی گئی ہے۔ میں اُنہیں تھوڑی سی details بتانا چاہوں گا۔ دس لاکھ ملازمین میں سے اڑھائی لاکھ ملازمین کا pay structure بہت اچھا ہے لیکن باقی ساڑھے سات لاکھ ملازمین کو اس بجٹ میں مزید allowance 25٪ دیا گیا ہے

تو اب وہ 10٪ اور اس 25٪ کو plus کیا جاتا ہے تو اُن کی تنخواہ میں 35٪ کا اضافہ ہو گیا ہے۔
(نعرہ ہائے تحسین)

جناب چیئرمین! اس بجٹ میں Universal Health Insurance Program شروع کیا گیا جس کے اوپر بہت بات کی گئی اور دوسرا District Development Program شروع کیا جا رہا ہے جس کے بارے میں آج تک کسی حکومت نے نہیں سوچا۔ جنوبی پنجاب کو پہلے بھی فنڈز دیئے جاتے تھے لیکن وہ فنڈز کبھی اورنج ٹرین اور کبھی میٹرو بس پر خرچ کرنے کے لئے واپس لے لئے جاتے تھے۔ اس سال کا ہمارا ترقیاتی بجٹ 560 ارب روپے کا ہے اور یہ 3rd year/4th year budget ہے تو اگر آپ اس کا موازنہ سابقہ حکومت کے 3rd year/4th year budget کے ساتھ کریں تو ان کا 400 ارب روپے تھا اور ہمارا 560 ارب روپے کا بجٹ ہے جو 160 ارب روپے کا اضافہ ہے۔ ان لوگوں کا آخری بجٹ 640 ارب روپے کا تھا اور جب ہم اپنی حکومت چھوڑ کر جائیں گے تو انشاءاللہ ہم 1000 ارب روپے کا بجٹ دے کر جائیں گے۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب چیئرمین! میں یہاں پر اریگیشن کے حوالے سے ایک بہت اہم بات کرنا چاہوں گا۔ میرا ضلع ایک زرعی ضلع ہے اور پورے پنجاب کا ٹیل میرے حلقے میں آ کر ختم ہوتا ہے۔ کل میرے فاضل بھائی ڈاکٹر افضل صاحب نے تقریر کی۔ ہمارے ضلع میں نہری نظام کے دو سسٹم ہیں۔ ایک احمد پور سسٹم ہے اور ایک Desert Branch System ہے۔ جب اس ملک کے غداروں نے ہمارا دریا انڈیا کو بیچ دیا تو ہمارے لئے CJ لنک بنائی گئی تھی، CJ لنک سے پانی ہمارا SMD لنک میں آتا تھا، SMD لنک سے ہمارا پانی میلسی سائفن سے ہوتا ہوا لال سوہانرا پر ہمارا پانی آتا تھا وہاں سے دو نہروں میں divide ہوتا ہے۔ اس بجٹ کے اندر remodeling of SMD لنک اینڈ میلسی سائفن دی گئی ہے یہ 4 ارب روپے کا منصوبہ ہے۔ آپ کے توسط سے میں فنانس منسٹر سے یہ گزارش کرنا چاہوں گا کہ جی اس پراجیکٹ کے لئے پیسے بہت کم رکھے گئے ہیں اگر ہو سکے تو اس میں پیسے بڑھائے جائیں کیونکہ یہ ہمارے ضلع کے لوگوں کا پانی کا مسئلہ ہے۔

جناب چیئرمین! ایگریکلچرل منسٹر یہاں پر تشریف فرما ہیں ہمارا ضلع پنجاب میں سب سے زیادہ کپاس کی پیداوار دیتا ہے، سب سے زیادہ گندم کی پیداوار دیتا ہے آپ کو چاہئے کہ کاٹن ریسرچ کے اوپر ایمرجنسی نافذ کر دیں۔ Because cotton is the backbone of our country and

the highest foreign exchange you get from the export of cotton made products۔ کل میں اپوزیشن لیڈر صاحب کی تقریر سن رہا تھا انہوں نے ہر بات کے بعد ہر دو جملوں کے بعد ہماری حکومت کو جھوٹا کہا کہ ہم بار بار جھوٹ بولتے ہیں۔ میں یہ یاد دلانا چاہتا ہوں کہ آپ نے اپنی تقریر میں سچ تو کوئی بولا نہیں لیکن میں نے آپ کا بہت بڑا جھوٹ پکڑ لیا ہے کل یہ بات آن ریکارڈ ہے اور یہ میں چیلنج بھی کر سکتا ہوں وہ یہ کہ کل انہوں نے بولا کہ ہمارے دور حکومت میں ہم کپاس کا بیج مفت فراہم کرتے تھے ادھر ہم سارے زمیندار بیٹھے ہیں آدھے سے زیادہ اسمبلی ممبرز کا تعلق کاشتکار گھرانوں سے ہے اور ہمیں کوئی بتائے کہ کپاس کا بیج کب مفت ملا ہے؟ کبھی بھی نہیں ملا۔ فلور آف دی ہاؤس پر جھوٹ بول کر چلے گئے۔ صرف تقریریں کرنا، شور شرابہ کرنا یہ تو ہر کوئی کر سکتا ہے لیکن صحیح بات پر عمل کرنا بہت کم لوگ کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین! میں آخر میں اپنے وزیراعلیٰ صاحب کا، فنانس منسٹر صاحب کا اور ان کی پوری ٹیم کا انتہائی دل سے مشکور ہوں کہ جنہوں نے ہمارے جنوبی پنجاب کا ڈویلپمنٹ کے لحاظ سے خصوصی خیال رکھا ہے اور آج تک اس طریقے کا بجٹ ہم لوگوں کو نہیں ملا۔ بہت مہربانی شکریہ۔

**جناب چیئرمین:** جی، محترمہ بشریٰ بٹ! آپ بات کریں۔

**محترمہ بشریٰ انجم بٹ:** بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ Thank you Mr. Speaker! for giving me this opportunity to address this honourable house. ہر سال کی طرح کوشش یہی ہوگی کہ میری تقریر مختصر رہے۔ I will be focusing basically on Education and the budget allocated for Education. If I look at the numbers they look pretty impressive the problem is not with the numbers but with the policies recently we face a global pandemic and the whole world has realized that the life will never be the same again. We have to focus on online education unfortunately I am unable to see a policy regarding online education اگر ہم بات کریں online education کی اور پتا لگے کہ ہمارے internet کی

prices بھی increase کر گئی ہیں تو how supportive are we towards this plan again I have some reservations when it comes to single national curriculum. We are facing a situation where out of school children have increased immensely. پچھلے دور حکومت میں ہمیں یہ بہت بڑی مشکل تھی to increase the enrollment rate اگر آج ہم single national curriculum کی بات کرتے ہیں تو it is an experiment in fact it's a failed experiment which was adopted by India our neighbour and then they decided that it is failed اگر آج ہم ان کی کتابوں کو دیکھیں تو the textbook boards have increased the prices of the books جو بچے پہلے ہیں سکول نہیں جا سکتے وہ جب یہ نئی کتابیں ہی نہیں خرید سکتے تو ان پر کیا بیتے گی having said that time, money and resources is being spent on this experiment جس کو impose کیا جا رہا ہے اور having said that even after the 18th amendment Punjab being independent is being forced to imposed this single national curriculum اگر آج ہم بات کرتے ہیں upgradation کی تو پرائمری سکول سے ایلیمنٹری سکول is not upgradation ہمارے سکولوں میں toilets نہیں ہیں ، ہمارے سکولوں میں دیواریں نہیں ہیں اور ہمارے سکول میں basic facilities نہیں ہے that is upgradation تو بات میں یہ کرنا چاہتی ہوں کہ I have no issue with the increase numbers in the budget to allocated for education. I have my reservations when it comes to educational policies اگر آگے بات کریں تو پچھلے بجٹ میں 6 universities were announced in the money bill اور اس بار سات کی گئی ہیں Universities are not made overnight ان چھ universities کی بھی ابھی کوئی foundation نظر نہیں آ رہی and we are looking at another one. I hope there is some serious planning going on اگر ہم بھٹے کے سکولوں کے بچوں کی بات کریں تو پچھلے اجلاس during the proceedings I asked a question

Pakistan is being criticize فنڈز موجود نہیں ہیں why they are not funded? آپ کسی بھی for bonded labor internationally conference میں چلے جائیں تو پاکستان کو bonded labor کے لئے majorly criticize کیا جاتا ہے اور ہمارے دور حکومت میں شہباز شریف صاحب نے ان بچوں کو نہ صرف bonded labor سے free کروایا بلکہ ان کو سکولوں میں بھی ڈالا ان کو and due to non-availability of funds stipend ان بچوں کو واپس ان بھٹوں پر جانا پڑا اس حکومت نے ان بچوں کو bonded labor سے نکالنے کے لئے کوئی planning نہیں کی ہے moving forward I would say if we look at PEF and PEMA آج تو number vise بتا رہے ہیں کہ اس کو بہت زیادہ fund دیا جا رہا ہے but having said that it was made controversial وہاں بھی funding روک دی گئی ہے So, what I am trying to says the numbers shows a different story altogether policies are controversial and depicts another story altogether. I am in a position where I am not criticizing I am just trying to tell the government that the intension may be at the right place but the policies do not match them so, my suggestion would be please match the policies to the numbers. Thank you very much.

**جناب چیئرمین:** جی، محترمہ سبین گل خان! آپ بات کریں۔

**محترمہ سبین گل خان:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ۔ جناب چیئرمین! سب سے پہلے میں جناب سپیکر چودھری پرویز الٰہی صاحب کا شکریہ ادا کروں گی اور مبارکباد پیش کروں گی کہ اتنی خوبصورت اسمبلی کو مکمل کروایا اور اس میں بیٹھنے کا موقعہ دیا اور اس کے بعد میں چیف منسٹر جناب عثمان بزدار صاحب کا اور ہمارے وزیر قانون اور ہمارے فنانس منسٹر ہیں ان سب کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ انہوں نے اتنا اچھا عوام دوست اور ٹیکس فری بجٹ پیش کیا۔

جناب چیئرمین !میرا تعلق جنوبی پنجاب سے ہے اور مجھے اس پر فخر ہے۔ میرا خیال ہے کہ پچھلے تین سالوں سے جنوبی پنجاب کے لوگوں کو پہلی بار فخر محسوس ہوا ہے اور پہلی بار ہمیں یہ محسوس ہوا ہے کہ جنوبی پنجاب کی عوام تیسری دنیا کی عوام نہیں ہے۔ میں شکریہ ادا کرتی ہوں عثمان بُزدار صاحب کا، فنانس منسٹر کا کہ انہوں نے جنوبی پنجاب کا ایک علیحدہ ترقیاتی بجٹ اور پروگرام مرتب کیا اور اس کی ایک علیحدہ کتاب بھی ہمیں دی ہے۔

**جناب چیئرمین:** اجلاس کا وقت ایک گھنٹہ بڑھایا جاتا ہے۔

**محترمہ سبین گل خان:** جناب چیئرمین ! اس بات پر بھی شکریہ ادا کروں گی کہ ان کی باتیں صرف باتیں ہی نہیں تھیں کل میں نے اپوزیشن لیڈر کی بات سنی وہ جنوبی پنجاب کا درد دکھا رہے تھے کہ ان کے دل میں کتنا درد تھا اور وہ بات کر رہے تھے کہ پی ٹی آئی نے جنوبی پنجاب صوبے کی بات کی اور وہ سیکرٹریٹ تک رہ گیا تو میں ان کو یہ یاد دلانا چاہوں گی کہ جب ان کی جماعت اکثریت میں تھی تو اس وقت انہوں نے جنوبی پنجاب کے صوبہ کی آواز اٹھائی اور نہ اس کی حق میں بولے۔ آج ان کو جنوبی پنجاب کے صوبے کا درد نظر آ گیا ہے۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب چیئرمین! ہماری گورنمنٹ نے جو وعدہ کیا ہے تو یہ انشاء اللہ وعدہ نبھائے گی۔ ہماری گورنمنٹ نے جنوبی پنجاب کے لوگوں کو علیٰحدہ شناخت دی ہے۔

جناب چیئرمین! ایک خواہش تھی کہ religious tourism کو promote کیا جائے۔ اس حوالے سے میں نے اس بجٹ میں دیکھا ہے کہ فنانس منسٹر صاحب نے اس کا علیحدہ بجٹ رکھا ہے۔ اس پر میں ان کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔

جناب چیئرمین! ابھی میرے محترم ممبر جن کا تعلق اپوزیشن کی طرف سے ہے وہ ہمارے ایک ممبر کی بات کو اُلٹا رنگ دے رہے تھے اور ماڈل ٹاؤن کے واقعے کو راجن پور سے ملا رہے تھے۔ میں یہاں وضاحت کرنا چاہتی ہوں کہ انہوں نے یہ کہا تھا کہ آپ کے دور میں جنوبی پنجاب میں ڈیرہ غازی خان میں راجن پور کے علاقے کے لوگوں کو انسان نہیں سمجھا جاتا تھا اور اندھیر نگری تھی جہاں قانون نہیں پہنچتا تھا۔ ماڈل ٹاؤن جہاں آپ کا اپنا گھر بھی تھا جہاں ہر چیز بھی میسر تھی وہاں بھی آپ انصاف نہیں کر سکے۔ آج ان کی بات کو اُلٹا رنگ دینے کی کوشش کی جا رہی

تھی۔ خدارا! اپنے ضمیر کو جھنجھوڑیں اور سچ بولنا سیکھیں۔ آپ اگر کسی بات کا جواب نہیں دے سکتے تو اس کا غلط مطلب نہ نکالیں۔

جناب چیئرمین! سکولوں کو اپ گریڈ کیا جا رہا ہے۔ یہ بہت اچھی کاوش ہے۔ میری ایک تجویز ہے کہ پرائمری سکولوں کو جو اپ گریڈ کیا جا رہا ہے تو اس کو forever کر دیا جائے اور یہ announce کر دیا جائے کیونکہ وہاں بچیوں کی تعلیم کا بہت issue رہتا ہے۔ سکول بہت دور دور ہیں جس کی وجہ سے بچیاں اپنی تعلیم کو جاری نہیں رکھ سکتیں۔ ہماری حکومت کی یہ اچھی کاوش ہے کہ ہم ان سکولوں کو اپ گریڈ کر لیں لیکن ان کو مستقل بنیادوں پر کیا جائے۔

جناب چیئرمین! میری وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بُزدار، فنانس منسٹر اور لاء منسٹر سے آپ کے اور اس پلیٹ فارم کے توسط سے گزارش اور تجویز ہے کہ (ن) لیگ کے دور میں گورنمنٹ ڈگری کالج کچہری روڈ ملتان کو یونیورسٹی کا درجہ دے دیا گیا، بچیوں کا تعلیم کے حوالے سے پہلے ہی بُرا حال ہے اور جب سے اس کالج کو یونیورسٹی کا درجہ دیا گیا ہے تو سستی تعلیم وہاں سے ختم ہو گئی ہے جس کی وجہ سے بچیوں کا drop out ratio بہت زیادہ بڑھ گیا۔ یونیورسٹی کی علیٰحدہ نئی عمارت بھی بن گئی ہے اس لئے آپ کے توسط سے میری وزیر اعلیٰ پنجاب، فنانس منسٹر اور لاء منسٹر سے درخواست ہو گی کہ گورنمنٹ ڈگری کالج کچہری روڈ ملتان کی پرانی شناخت کو بحال کیا جائے۔ اس کے ساتھ ہی وومن یونیورسٹی ملتان کو نئے کیمپس کے لئے زمین کی ضرورت ہے۔ اس کے لئے بھی اس بجٹ میں فنڈز رکھا جائے تاکہ ہماری بچیاں اعلیٰ تعلیم حاصل کر سکیں۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب چیئرمین! میں ایک بار پھر اپنے وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بُزدار جن کا تعلق جنوبی پنجاب سے ہے ہمیں اس پر فخر ہے، ہمارے وزیر خزانہ کا تعلق بھی جنوبی پنجاب سے ہے ہمیں اس پر بھی فخر ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عمران خان اور سردار عثمان بُزدار کی سربراہی میں ہمارا جنوبی پنجاب کا صوبہ ضرور بنے گا۔ اس کے سیکرٹریٹ کا آغاز ہو چکا ہے اور جنوبی پنجاب کے عوام کو سانس لینے کا موقع ملا ہے۔ انہیں احساس ہوا ہے کہ وہ تیسری دنیا کے باسی نہیں ہیں بلکہ اب ان کی بات سنی جاتی ہے۔ آپ دیکھیں گے کہ ہم اپنے تمام وعدے پورے کریں گے۔ میں ایک مرتبہ پھر سردار عثمان بُزدار صاحب کا بہت شکریہ ادا کرتی ہوں۔

**جناب چیئرمین:** جی، شکریہ۔ محترمہ صبا صادق!

**محترمہ صبا صادق:** اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئر مین! بہت شکریہ کہ آپ نے مجھے بات کرنے کا موقع دیا۔ میں بھی دیگر معزز ممبران کی طرح سب سے پہلے میں چودھری پرویز الٰہی صاحب کو مبارکباد دوں گی کہ انہوں نے پنجاب اسمبلی کا خوبصورت ہاؤس بنوا کر پنجاب کی تاریخ میں اضافہ کیا۔ ان کی محنت اور dedication آج مکمل ہوئی اس پر میں انہیں مبارکباد پیش کرتی ہوں۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب چیئر مین! بجٹ کے حوالے سے بات ہو رہی ہے۔ ہمارے فنانس منسٹر بھی یہاں بیٹھے ہیں۔ میں نے دیکھا ہے کہ وہ توجہ کے ساتھ point note کر رہے ہیں۔ میں ان کے اس gesture کو appreciate کرتی ہوں کہ انہوں نے ہمارے کچھ ممبران کے points کو note کیا۔ میری خواہش ہو گی کہ اس ایوان میں جو اچھی باتیں کی جا رہی ہیں، کاش حکومت ان پر اسی طرح من و عن عملدرآمد کرنے کے لئے کوشش کرے۔ اس کے لئے بجٹ مختص کرے اور اس بجٹ کو آگے استعمال بھی کیا جائے۔

جناب چیئر مین! الحمدللہ، اللہ کی مہربانی کے بعد میری پارٹی لیڈرشپ کی وجہ سے میری اس اسمبلی میں چوتھی ٹرم ہے۔ ہم نے بہت بجٹ دیکھے ہیں۔ یہ پاکستان تحریک انصاف کی حکومت کا تیسرا بجٹ ہے۔ میں ان سے گزارش کروں گی کہ ابھی PTI کی جانب سے ممبر بات کر رہے تھے کہ کل ہمارے لیڈر آف اپوزیشن نے جو بجٹ پر تقریر کی اس پر انہوں نے جو remarks دیئے مجھے اس پر بالکل اعتراض بھی ہے۔ میں گزارش کروں گی کہ ہمیں اس ایوان میں وہ بات کرنی چاہئے جس کا ہم آگے جا کر جواب بھی دے سکیں۔ اگر لیڈر آف اپوزیشن نے بہت ساری چیزیں point out کی ہیں تو ان کو انہیں note کرنا چاہئے اور ان کی تصحیح کرنی چاہئے ناکہ بعد میں ممبران ان کو criticize کریں۔ میں اس لئے آپ سے گزارش کروں گی کہ ابھی دو تین دن بجٹ پر بحث کے ہیں۔ اگر آپ چیئر کر رہے ہوں یا جناب سپیکر یا جناب ڈپٹی سپیکر ہاؤس کو چیئر کر رہے ہوں تو جو کوئی ایسے الفاظ ہمارے لیڈر آف اپوزیشن کے لئے استعمال کرے تو ان کو کارروائی سے حذف کر دیا جائے۔

جناب چیئر مین! اس ایوان کا بہت تقدس ہے اور تقدس اس حوالے سے ہے کہ ہم عوام کی امیدوں اور ان کے مسائل کے حل کے لئے ان سے وعدہ کر کے یہاں تک پہنچے ہیں۔ ہمیں اللہ

تعالیٰ دیکھ رہا ہے کہ ہم یہاں آ کر کیا perform کر رہے ہیں۔ ہمیں کچھ چیزوں کا حساب تو یہیں دینا پڑے گا اور بہت ساری چیزوں کا حساب ہمیں اللہ تعالیٰ کو بھی دینا پڑے گا۔ چودھری پرویز الٰہی صاحب نے کل یہاں برملا ناراضگی کا اظہار کیا کہ وہ چیزیں جو مفاد عامہ کی ہیں ان پر فوری طور پر عملدرآمد کرایا جائے جیسے ریسکیو1122 کی قانون سازی ہوئی تھی اور اس کے رولز بننے تھے۔ جناب سپیکر نے اس پر گورنمنٹ کو بار بار یاددہانی کرائی اور کل اس معاملہ کو سپیشل کمیٹی کے حوالے کیا۔ ہمارے دور حکومت میں بے شمار مفاد عامہ کے قوانین بنے جس سے غریبوں کا فائدہ ہوا۔ میری معزز ممبر ساتھی محترمہ بشریٰ بات کر رہی تھیں کہ ہمارے دور میں بھٹہ مزدور کے بچے کو سکول کا راستہ دکھایا گیا۔ اس پر نہ صرف قانون سازی کی گئی، قانون بن جاتے ہیں اور قوانین پر عملدرآمد کرانا بہت بڑی ذمہ داری ہوتی ہے۔ اس کو پورا کرنے کے لئے میں خود ان میٹنگز کا حصہ رہی ہوں۔ اس سے کسی elite class کو فائدہ نہیں ہوا، کسی حکمران کو فائدہ نہیں ہوا فائدہ اس بچے کو ہوا ہے جو سردی گرمی میں ننگی کھال کے ساتھ محنت کرتا تھا۔ میں نے اپنی آنکھوں سے ان بچوں کو سردی کی ٹھنڈ اور گرمیوں کی تپتی دھوپ میں دیکھا ہے۔ آپ یقین کریں ان کی کھال لکڑی بن گئی ہے کہ ان کو ٹھنڈ لگتی ہے اور نہ گرمی لگتی ہے۔ ان کو نا صرف سکول کا راستہ دکھایا بلکہ ان کو کتابیں، بستے، وظائف اور ہر چیز دی۔ آپ نے اس کو آج کسی قسم کے بجٹ سے بھی محروم رکھا ہے۔ میں سمجھتی ہوں کہ ہمارے صوبے کی آنے والی نسل کے ساتھ یہ بہت بڑی زیادتی ہے۔

جناب چیئرمین! اسی طرح میں نے ایک واقعہ ایسا دیکھا۔ میں خود اس پروگرام میں وزیر اعلیٰ کے ساتھ شریک تھی کہ راجن پور کے ایک نان بائی کا بچہ تھا۔ ہمارے فنانس منسٹر کا تعلق بھی جنوبی پنجاب سے ہے وہاں نان بائی کے بچے نے top کیا جو وہاں تندور پر نان اور روٹی لگاتا تھا۔ اس بچے کو میں نے خود لاہور ایئرپورٹ سے ایک وفد کے ساتھ روانہ کیا اور اس کو جرمنی، انگلینڈ اور ترکی کی یونیورسٹیوں کا دورہ کرایا گیا کیونکہ اس کا حق بنتا تھا وہ topper تھا۔ وہ پروگرام کسی elite class کے بچے کے لئے نہیں تھا۔ وہ ان بچوں کے لئے تھا جو اپنی محنت سے بورڈ اور یونیورسٹیوں میں top کرتے تھے اور ہمارے خادم اعلیٰ پنجاب شہباز شریف نے ان کو یہ مواقع فراہم کئے لہٰذا ان چیزوں کو ہمیں آگے لے جا کر مزید پھیلانا چاہئے تھا لیکن آج وہ سب پروگرام بند ہیں۔ ہم کب تک سیاست کی نذر کر کے ایک دوسرے کو انتقامی کارروائیوں کا ذمہ دار ٹھہراتے رہیں گے؟ میں

خاموشی سے ایوان کی کارروائی ہمیشہ سے دیکھ رہی ہوں اور مجھے اس بات کی سمجھ نہیں آتی کہ ہم ایک دوسرے پر طعنہ زنی کیوں کر رہے ہیں اور ہمیں اورنج ٹرین کے اوپر طعنہ زنی کر کے کیا ملے گا؟ خدا کی قسم میں اُن pillars کو دیکھتی ہوں جس پر ہماری قوم کا پیسا لگا ہے۔ آج اگر اورنج ٹرین چل رہی ہے تو اُس پر آپ نے اور میں نے بھی سفر کرنا ہے۔ ہم criticize ضرور کرتے ہیں لیکن اگر آپ انگلینڈ اور ترکی جاتے ہیں تو وہاں کوئی گاڑی استعمال نہیں کرتا بلکہ ہم بڑے شوق سے underground سفر کرتے ہیں یا over ground جاتے ہیں۔ اگر یہ سسٹم ہمارے ملک میں آیا تھا تو اس کو rollback کیوں کر دیا گیا؟

جناب چیئرمین! آپ بھی گواہ ہیں اور ہم سب یہاں پر گواہ ہیں کہ رات کے دو یا تین بجے لاہور کی سڑکیں پانی کے ساتھ wash ہو رہی ہوتی تھیں۔ اب آپ دیکھیں کہ لاہور میں کوڑا تعفن کے کیا حالات ہو گئے ہیں کیونکہ کوڑا اٹھانے والا کوئی نہیں ہے۔ آپ نے تمام ترکش کمپنیوں کو واپس بھیج دیا اور ساتھ بین الاقوامی سطح پر اُن کی ناراضگی علیحدہ سے لی۔ Likewise Chinese projects تھے جن کو آپ نے ختم کر دیا۔ میں آپ سے گزارش کروں گی کہ کیا ایسا ہو سکتا ہے کہ فنانس منسٹر صاحب مفاد عامہ کے تمام projects اور پروگرام کو جاری کریں جس میں ایک عام بندے کی سہولت ہو اور ہمارے صوبے کا بھی فائدہ ہو لہٰذا خدا کے لئے ان چیزوں میں سے باہر نکلئے۔ اب ہمیں اوپر جانا ہے اور ہمیں اپنی چیزوں کو بہتر کرنا ہے۔ آج آپ کی term ہے اور الیکشن میں کتنا ٹائم رہ گیا ہے اس کا اللہ کو بہتر پتا ہے لیکن کل اِنشاء اللہ وہی آئے گا جس نے عوام کی خدمت کی ہے اور وہی ووٹ لے گا جو عوام کی pulse پر ہاتھ رکھے گا۔

**(اذانِ مغرب)**

**جناب چیئرمین:** جی، محترمہ!

**محترمہ صبا صادق:** جناب چیئرمین! میں بات کر رہی تھی کہ COVID-19 کی pandemic نے پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لیا ہے اور یقیناً پاکستان کی economy بھی بہت بُری طرح سے متاثر ہوئی ہے اور بے روزگاری بھی بڑھی ہے۔ آپ برسر اقتدار ہیں اس لئے میرا دوسرا سوال یہ ہے کہ آپ نے وعدہ کیا تھا کہ لوگوں کو روزگار ملے گا۔ اس pandemic کی وجہ سے لوگ ویسے ہی بے

روزگار ہو گئے ہیں لیکن اوپر سے مہنگائی کا طوفان برپا ہو گیا ہے۔ پنجاب کے شہری اور ایک خاتونِ خانہ ہونے کے ناتے میرا یہ سوال ہے کہ آٹا، چینی، بجلی اور پٹرول جیسی چار چیزوں کی قیمتیں جس صوبے اور ملک میں بڑھ جائیں تو سوچیں وہاں مہنگائی کا کیا حال ہو گا حالانکہ لوگوں کی استطاعت ہی نہیں ہے؟ میرے پاس کل ایک سکیورٹی گارڈ آیا جو ہمارے علاقے کا یا کسی دوسرے علاقے کا تھا اور اسی طرح سب کے پاس غریب بے روزگار لوگ آتے ہیں۔ وہ آدمی اپنے بیٹے کے کاغذ میرے پاس لے کر آیا اور جب میں نے اُس کی ڈگری دیکھی تو اُس نے صحافت میں ماسٹر کیا ہوا تھا نیز وہ اپنی یونیورسٹی کا silver medalist بھی تھا۔ وہ کہہ رہا تھا کہ کوئی بھی نوکری دلوا دیں چاہے سکیورٹی گارڈ ہی کی ہو یا کسی بنک میں چپڑاسی کی نوکری لے دیں، اُس وقت میری آنکھوں میں پانی آ گیا اور کہا کہ یا اللہ اس بچے کا نصیب اچھا کرنا اور اس حکومت کو اتنی توفیق دینا کہ جس نے ایک کروڑ نوکریوں کا وعدہ کیا تھا وہ پورا کر سکے تا کہ لوگوں کو روزگار ملے۔ افسوس اس چیز کا ہے کہ ہم نے وعدہ کر کے لوگوں کو سہانے خواب دکھائے اور لوگوں سے ووٹ لینے کے لئے 100 دن کا وعدہ کیا لیکن اُن میں سے ایک بھی وعدہ پورا نہیں ہوا۔

جناب چیئرمین! چونکہ تمام ممبران کا ٹائم ہے اور باقی ممبران نے بھی بات کرنی ہے اس لئے میں خواتین اور بچوں کے حوالے سے دو منٹ کے لئے تھوڑا emphasis کروں گی۔ ہمارے دورِ حکومت میں ملتان میں Women Crisis Centre بنا، خواتین کے لئے کمیشن بنا اور اسی طرح بچوں کے لئے دن رات کام ہوئے لہٰذا میں فنانس منسٹر سے درخواست کروں گی کہ ہمارے دَور میں چائلڈ پروٹیکشن بیورو کی ڈویلپمنٹ کی سات سکیمیں پوری ہو چکی تھیں اُن کی طرف توجہ دیجئے کیونکہ آج ان Bureaus پر کوئی کام نہیں ہو رہا حالانکہ بچوں کا معاملہ ایسا معاملہ ہے جو ہمارا future ہیں۔ آپ کسی سڑک، گلی، جگہ یا چوراہے پر چلے جائیں تو آپ کو ایسے معصوم بچے بھیک مانگتے ہوئے نظر آئیں گے حالانکہ اِن کی protection کے لئے وہ ادارے بنے تھے۔ اس کے علاوہ میں آپ کی وساطت سے منسٹر صاحب سے یہ درخواست کروں گی کہ ہمارے دَور میں چیف منسٹر پنجاب شہباز شریف نے Annual Development Budget میں چائلڈ پروٹیکشن یونٹس ہر ضلع میں allocate کروائے تھے جس کے بعد اُن کا کوئی پتا نہیں کہ وہ کدھر گئے؟ ان یونٹس کی وجہ سے ہونا یہ تھا کہ کسی بچے کے ساتھ اگر جنسی یا جسمانی تشدد ہوتا یا کسی اور قسم کا

violence ہوتا تو اس یونٹ نے فوری طور پر اس بچے کو relief پہنچانا تھا لہٰذا آپ سے درخواست ہے کہ مخالفت برائے مخالفت کرنے کی بجائے ہم اُن معصوم لوگوں کو مدد فراہم کریں جو ہماری مدد کے منتظر ہیں، نہ کہ ہم پچھلی حکومت کے اوپر سارا ملبہ ڈال دیں اور ملبہ ڈال کر بھی کہیں کہ پچھلی حکومت میں کام نہیں ہوا حالانکہ بے انتہا کام ہوا ہے۔ مجھے پنجاب کی ایک سڑک بتادیں جو ان تین سالوں میں نئی بنی ہوئی ہو لیکن ہم الحمدللہ بڑے فخر سے کہہ سکتے ہیں۔۔۔

**جناب چیئرمین:** پلیز wind up کر دیں۔

**محترمہ صبا صادق:** جناب چیئرمین! ہم فخر سے کہہ سکتے ہیں کہ ہماری قیادت نے صوبہ پنجاب کے لئے دن رات کام کیا اور اللہ کا شکر ہے کہ ہم اللہ کے ہاں سرخرو ہیں، ہماری قیادت سرخرو ہے اور اِنشاءاللہ ہم اسی طرح سے دن رات محنت کریں گے۔ بہت شکریہ (نعرہ ہائے تحسین)

**جناب چیئرمین:** شکریہ۔ محترمہ ساجدہ بیگم!

**محترمہ ساجدہ بیگم:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! آپ کا شکریہ کہ آپ نے مجھے اس بجٹ سیشن میں بات کرنے کا موقع دیا۔ میں سب سے پہلے سپیکر پنجاب اسمبلی چودھری پرویز الٰہی صاحب کو مبارکباد دینا چاہتی ہوں کہ اُن کی بدولت آج ہم اتنی خوبصورت اسمبلی میں موجود ہیں۔ میں نے جتنا سپیکر صاحب کو سمجھا ہے میرے خیال میں سب لوگوں نے یہاں پر اسمبلی بلڈنگ اور ایوان بننے پر اُن کو مبارکباد دی ہے لیکن اُن کی سوچ کو دیکھا جائے تو میں یہ سمجھتی ہوں کہ وہ تمام پارلیمنٹیرین جب اسمبلی کی سیڑھیوں پر چڑھتے ہیں تب اگر یہ ارادہ کرلیں کہ وہ غریب عوام جن سے ووٹ لے کر آتے ہیں، اُن کے اور اپنے علاقوں کے مسائل اپنے دِل میں رکھ کر ایوان میں آئیں اور اُن پر بات کریں تو بہت بہتر ہوگا، بجائے اس کے کہ ہم اپنے اپنے لیڈر کے گُن گائیں۔ میرے خیال میں اس کی ہمیں ضرورت نہیں ہے لہٰذا ہمیں اپنے لیڈر کے وژن کو آگے بڑھانے اور اپنے حلقوں کے مسائل کو حل کروانے کی ضرورت ہے۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب چیئرمین! میں اپنے وزیر اعلیٰ پنجاب عثمان بُزدار صاحب، وزیر خزانہ اور معاشی ٹیم کو پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا بجٹ پیش کرنے پر مبارکباد پیش کرتی ہوں۔ تعلیم، صحت، زراعت یا جتنے بھی figures یہاں discuss کئے گئے ہیں اُن پر نہیں جانا چاہتی لیکن اگر وزیر

خزانہ یہاں پر موجود ہیں تو میں صرف دو باتیں کرنا چاہتی ہوں۔ پہلی بات یہ ہے کہ پہلے ہمارا بجٹ 360۔ارب روپے کا تھا لیکن only 26 percent utilize ہوا۔ اگر وہ 100 فیصد utilize ہو جاتا تو اس سال ہمارے کام کافی حد تک complete ہو چکے ہوتے اور ہمارا پنجاب ترقی کی منزلوں پر بہت آگے جا چکا ہوتا۔ اس وقت ہمارا جتنا بھی بجٹ ہے اگر ensure کریں کہ آپ نے 100 فیصد utilize کروانا ہے تو پنجاب ترقی کی بلندیوں پر جا سکتا ہے لہٰذا وقت پورا ہونے سے پہلے یہ پورا 100 فیصد بجٹ ضرور استعمال ہونا چاہئے۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب چیئرمین! دوسری بات یہ کہ ہمارے ایم پی ایز کو ترقیاتی سکیمیں دی جاتی ہیں جن کے حوالے سے میری observation ہے کیونکہ ہوتا یہ ہے کہ جس دن ان کی سکیم announce ہوتی ہے تب ایک فوٹو سیشن میڈیا پر آجاتا ہے لیکن اُس کے بعد کسی کو نہیں پتا ہوتا کہ روڈ پر کیا ہو رہا ہے۔ ترقیاتی کاموں میں مٹیریل اور کوالٹی پر بالکل compromise نہیں ہونا چاہئے کیونکہ پاکستان ایک غریب ملک ہے اور ان کے ٹیکسوں کے پیسوں سے یہ roads بنائے جاتے ہیں۔ حالیہ میرے ضلع میں ایک روڈ بنا تو یقین کریں کہ ایک ہفتے کے اندر سڑک سے بجری اڑ اڑ کر گاڑی کو لگنے لگ گئی۔ عوام کا پیسا حرام کا نہیں ہوتا لہٰذا تمام ایم پی ایز کو چاہئے کہ اُن کو جو بھی بجٹ دیا جاتا ہے اُس کو انتہائی ایمانداری کے ساتھ خرچ کیا جائے اور عوام کا پیسا عوام پر ہی خرچ کیا جائے۔ شکریہ(نعرہ ہائے تحسین)

**جناب چیئرمین:** محترمہ سنبل ملک حسین!

**محترمہ سنبل مالک حسین:** جناب چیئرمین! اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم۔بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ سب سے پہلے تو میں آپ کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ آپ نے مجھے اس بجٹ پر بولنے کا موقع دیا۔ میں اپنی بات کا آغاز اس شعر سے کروں گی۔

میر کیا سادہ ہے بیمار ہوئے جس کے سبب
اُسی عطار کے لڑکے سے دوا لیتے ہیں

بجٹ پر بات تو بہت ہو چکی لیکن میں یہ کہنا چاہوں گی کہ یہ جو پنجاب کا بجٹ ہے یہ وفاق کے بجٹ کی طرح الفاظ کا گورکھ دھندا ہے۔ اس بجٹ میں جیسے وفاق میں figures کو ادھر اُدھر کر کے بجٹ

پیش کیا گیا صوبائی اسمبلی پنجاب میں بھی یہی کچھ کیا گیا اور یہی مذاق عوام کے ساتھ کیا گیا۔ آج حکومت کو تین سال ہو چکے ہیں لیکن یہ حکومت کا تیسرا بجٹ ہے۔ مجھے انتہائی افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آج میرا ملک اور میرا صوبہ پنجاب وہاں پر بھی مجھے کھڑا نظر نہیں آتا جہاں پر اسے میرے قائدین اور ہر دلعزیز لیڈر میاں محمد نواز شریف صاحب اور میاں شہباز شریف صاحب چھوڑ کر گئے تھے۔ مجھے انتہائی افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ پنجاب کے صوبے کے ساتھ انتہائی مذاق کیا گیا ہے۔ ایک زرخیز صوبہ 10 کروڑ عوام کا صوبہ جس کے ساتھ بجٹ کی صورت میں یہ بہت گھناؤنا مذاق کیا گیا ہے۔ 2013 میں جب ہمارے قائدین میاں محمد نواز شریف صاحب کو الیکشن کے بعد حکومت ملی تھی تو تب 18,12 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ تھی اور دہشت گردی کا بازار گرم تھا۔ دہشت گردی عروج پر تھی اور GDP انہیں 2.8 پر ملی تھی لیکن پھر بھی انہوں نے ان باتوں کا واویلا نہیں مچایا تھا انہیں صرف ملک کی ترقی کی ضرورت تھی اور انہوں نے اپنے ملک کی ترقی کے لئے دن رات کام کیا اور ہمارے ملک پاکستان کی GDP کو وہ پانچ سالوں کے عرصے میں 5.8 پر لے کر آئے جس کا آج اتنا بُرا حال ہے کہ GDP growth وہ منفی پر آچکی ہے۔ جب ہمارے Prime Minister کو 2013 میں یہ صوبہ ملا تھا تو انہوں نے آکر یہ نہیں کہا تھا کہ میں Prime Minister House اور Governor's House کو یونیورسٹی بناؤں گا اور نہ ہی انہوں نے عوام سے کوئی ایسا وعدہ کیا تھا۔ عوام سے انہوں نے بڑے اچھے وعدے کئے تھے اور وہ ان وعدوں کے بل بوتے پر اور اپنے ملک کی ترقی پر اس بات کو لے کر چلے تھے، نہ کہ انہوں نے کٹے، وچھے، مرغیاں اور انڈوں کے اوپر سیاست کی تھی بس ان کے ذہن میں یہی تھا کہ اپنے ملک پاکستان کو ترقی کی راہ پر لے کر جانا ہے۔ ہماری حکومت نے لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کیا، دہشت گردی کا خاتمہ کیا، منفی GDP کو 5.8 فی صد پر لے کر گئے۔ ملک کے اندر ترقی کی سڑکوں کا جال بچھایا، اورنج ٹرین اور میٹرو بس کی سہولت غریب عوام کو فراہم کی۔ جس کے لئے حکومت طعنے دیتی ہے آج اس پر جب غریب آدمی سفر کرتا ہے تو وہ دعائیں دیتا ہے۔ اگر یہ منصوبے تحریک انصاف کی گورنمنٹ بھی لے کر آئے تو یہ پاکستان کے لئے ہے صوبہ پنجاب کے لئے ہے۔ ہم ان صوبوں پر تنقید نہیں کریں گے بلکہ اس کو appreciate کریں گے، کیونکہ یہ پاکستان کے لئے اور پنجاب کی ترقی کا ایک حصہ ہے کیونکہ سڑکوں سے ہی قومیں ترقی کرتی ہیں، یہ کہا جاتا تھا کہ جی سڑکوں سے کون سی ترقی ہوتی

ہے۔ آج آپ پنجاب کی سڑکوں کا حال دیکھیں جو ایک گھنٹے کا سفر تھا وہ پانچ پانچ گھنٹوں کا ہو گیا ہے۔ کوئی بھی سڑک پاکستان کی یالاہور کی نظر نہیں آتی جہاں کھڈے نہ کھودے گئے ہوں۔ اس کے بعد باتیں تو سب نے بہت کی ہیں۔اب میں صحت کی طرف آؤں گی صحت کا یہ حال ہے کہ میاں شہباز شریف کے دور حکومت میں صوبہ پنجاب میں کینسر کے مریضوں کو کینسر کی دوائیں مفت ملتی تھیں، تھیلیسمیا کی دوائیں مفت ملتی تھیں، بلڈ پریشر کی دوائیں مفت ملتی تھیں، شوگر کی دوائیں مفت ملتی تھیں اب یہ دوائیں موجود نہیں ہیں۔ میں recently یہاں پر ایک چھوٹا سا واقعہ شیئر کرنا چاہوں گی یہ میرا خود کا ایک واقعہ ہے تھیلیسمیا کی دوائی چاہیے تھی ایک بچہ میرے پاس آیا جو چلڈرن ہسپتال سے اس کو نہیں ملی اور بازار میں سے مجھے اس کو پرچیز کر کے لانا پڑی یہ پاکستانیوں کا حال ہے۔

**جناب چیئرمین:** please wind-up کریں۔

**محترمہ سنبل مالک حسین:** جناب چیئرمین! سب نے بات کی ہے کم از کم مجھے بھی 10 منٹ بات کرنے کا موقع دیں۔

**جناب چیئرمین:** 12 منٹ ہو گئے ہیں۔

**محترمہ سنبل مالک حسین:** جناب چیئرمین! 12 منٹ ابھی نہیں ہوئے میں ٹائم دیکھ رہی ہوں مجھے پلیز بات کرنے کا موقع دیں۔ اس کے علاوہ یہ کہا جاتا ہے جی کہ صحت کارڈ دیا گیا لوگوں کو۔ جس کے اوپر ساڑھے سات لاکھ روپے کا علاج ہو گا۔ لیکن افسوس کے ساتھ میں کہتی ہوں اس کی میں eye witness ہوں کہ لوگ صحت کارڈ ہسپتال میں لے کر جاتے ہیں تو علاج نہیں ہوتا، لوگ ہمارے پاس پوچھنے آتے ہیں کہ اس کو کیسے utilizes کرنا ہے۔ میں ایک بات یہاں پر یہ بھی کہنا چاہوں گی کہ یہ جو صحت کارڈ دیئے گئے ہیں اس کا data collect کیا جائے اور پتہ کیا جائے کہ یہ کتنے کارڈز زندہ لوگوں کو دیئے گئے اور کتنے کارڈ مرے ہوئے لوگوں کو دیئے گئے۔ اس میں خود eye witness ہوں اس کا ثبوت میں خود دوں گی۔ اس کے بعد بجٹ میں یہ کہا گیا گندم وافر مقدار میں موجود ہے، زراعت کی فصل بہت اچھی ہوئی ہے، اگر گندم، چینی، گنا سب کچھ وافر مقدار میں پاکستان کو ملا ہے تو پھر آٹا مہنگا کیوں ہے، چینی گھی مہنگا کیوں ہے، پٹرول مہنگا کیوں ہے؟

اگر یہ سب چیزیں اتنی آسانی سے availableہیں حکومت کے پاس تو عوام کو ریلیف چاہئے۔عام بندے کو ریلیف چاہئے کھانے پینے کی چیزوں پر اشیاء خوردونوش پر نہ کہ انہیں دوسری چیزوں پر سبسڈی چاہئے۔ تعلیم کے لئے جو بجٹ رکھا گیا ہے وہ انتہائی نامناسب ہے۔ ہم پڑھا لکھا پاکستان دیکھنا چاہتے ہیں، ایجوکیشن اور صحت پر بہت زیادہ کام کرنے کی ضرورت ہے اس لئے ان دونوں شعبوں کو بہتر سے بہتر بجٹ فراہم کیا جائے۔

آخر میں یہ کہنا چاہوں گی کہ عمران خان صاحب کا یہ وژن تھا کہ خوشحال پاکستان۔لاء اینڈ آرڈر کی جو صورتحال ہے وہ انتہائی تشویشناک ہے جبکہ ان کی تمام policiesجو ہیں وہ ملک کی ترقی کے لئے نہیں ہیں۔پاکستان مسلم لیگ کی تمام policies عوام دوست policies تھی مزدور خوش تھا، کسان خوش تھا اور عام آدمی بھی خوش تھا۔ حکومت کا دعویٰ تھا free تعلیم، free علاج، پٹرول 40روپے فی لٹر، گیس، بجلی سستی، ایک کروڑ نوکریاں، 50لاکھ مفت گھر، 22وزراپر مشتمل کابینہ، ایمنسٹی نہیں دوں گا، امریکہ کی غلامی نہیں کروں گا، پروٹوکول ختم، سائیکل عام ہو گی، بھیک نہیں مانگوں گا جیسے دعوے کئے گئے تھے اور اقتدار میں آنے سے پہلے یہ سب خواب عوام کو دکھائے گئے جس پر میں یہ کہنے پر مجبور ہوں:۔

شرم آتی نہیں ایسے حکمرانوں کو
اقتدار میں آتے ہی عوام کو بھلا دیتے ہیں

جناب چیئرمین! میں یہ کہتی ہوں کہ جیسے میرے قائد میاں محمد شہباز شریف نے وفاق میں اپنی بجٹ تقریر کے دوران کہا کہ "عوام کی جیب خالی ہے تو سمجھیں یہ بجٹ جعلی ہے"۔پاکستان مسلم لیگ(ن) زندہ باد، میاں محمد نواز شریف زندہ باد۔

**جناب چیئرمین:** محترمہ شاہدہ احمد!

**محترمہ شاہدہ احمد:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ الحمدللہ رب العالمین۔ شکریہ، جناب چیئرمین کہ آپ نے مجھے بجٹ 22-2021پر بات کرنے کا موقع دیا۔ سب سے پہلے میں اپنے وزیراعظم جناب عمران خان، وزیراعلیٰ جناب عثمان احمد خان بُزدار، وزیر خزانہ جناب ہاشم جواں بخت کا شکریہ ادا

کرتی ہوں اور انہیں مبارکباد پیش کرتی ہوں کہ انہوں نے ایسے مشکل حالات میں بہترین بجٹ پیش کیا۔

جناب چیئرمین! شکریہ ادا کرتی ہوں اور مبارکباد دیتی ہوں جناب سپیکر چودھری پرویز الہیٰ صاحب کو جنہوں نے ہمیں اس بہترین اسمبلی ہال میں بیٹھنے کا موقع فراہم کیا اور ساتھ میں RESCUE 1122 کے سروس سٹرکچر کی طرف وہ جارہے ہیں جس پر میں انہیں بہت مبارکباد پیش کرتی ہوں۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب چیئرمین! جس وقت پاکستان تحریک انصاف نے اس ملک کی باگ ڈور سنبھالی تو اس وقت یہ ملک بہت زیادہ خسارے میں جارہا تھا اور پوری دنیا کی طرح اس غریب ملک میں بھی "کورونا" کی وباء آئی تو اس وباء کو سنبھالنا ایک دلیر لیڈر کا ہی کام تھا۔ پوری دنیا کی نظر پاکستان پر تھی کہ پاکستان ایسے حالات میں کیا کرے گا۔ اللہ کا شکر ہے کہ ایسے مشکل وقت میں ہمارے لیڈر جناب عمران خان صاحب نے اس ملک کی باگ ڈور کو سنبھالا اور ان مشکل حالات سے پاکستان کو نکالا جس کی مثال پوری دنیا دیتی ہے۔

جناب چیئرمین! ان حالات میں "احساس پروگرام" کے تحت پنجاب کے ہر گھر میں 12 ہزار روپے کی امداد دینا، صحت کارڈ کا اجراء اور اب سب سے بڑھ کر "کسان کارڈ" ہے۔ یہ کسان کارڈ ہمارے اس کسان کو بہت فائدہ دے گا جس کو ہم ایک غریب کسان کہتے ہیں۔ اس کسان کو اس سے سبسڈی ملے گی اور آپ دیکھیں گے کہ پاکستان کا دبا ہوا کسان کس طریقے سے خود کو اوپر اٹھائے گا۔

جناب چیئرمین! "سارا پنجاب ہمارا پنجاب" کے وژن کو لے کر 36 اضلاع کے لئے یہ بجٹ بنایا گیا ہے جس میں ہماری یہ کامیابی ہے کہ پنجاب کے کسی بھی ضلع کو بھی ignore نہیں کیا گیا۔ میرا تعلق خانیوال سے ہے اور میرا حلقہ PP-209 ہے جو کہ خانیوال ضلع کا نہایت ہی پسماندہ ترین علاقہ ہے۔ آج میں اس کی آواز بنوں گی کیونکہ سابقا کسی بھی حکومت نے آج تک اس علاقے کو کوئی فائدہ نہیں دیا اور بدقسمتی سے اس دفعہ بھی اس حلقے کو ignore کیا گیا۔

جناب چیئرمین! وہاں سے منتخب ہونے والے لوگ تو یہ کہہ کر نکل جائیں گے کہ ہم اپوزیشن میں تھے اور ہمیں کوئی فنڈز نہیں ملے لیکن میں اپنے اس حلقے میں پاکستان تحریک انصاف کا

وہ ترانہ لے کر نہیں جا سکوں گی "روک سکو تو روک لو تبدیلی آئی رے" ۔ اگر ہم نے اس حلقے کو اب بھی ignore کیا تو میں اس جگہ پر دوبارہ جانے کے قابل نہیں رہوں گی۔ میری آپ سے گزارش ہے کہ آپ مہربانی کر کے PP-209 جہانیاں کے حلقے پر نظر ثانی کیجئے کیونکہ وہاں پر کچی پکی سے لے کر نواں چوک تک 11 کلومیٹر کی ایک سڑک نہایت خراب ہو چکی ہے اور اس سڑک کو اگر دوبارہ نہیں بنا سکتے تو کم از کم اسے repair کروا دیجئے تاکہ وہاں کی عوام یہ کہہ سکے کہ پاکستان تحریک انصاف نے ان کے ساتھ انصاف کیا ہے۔

جناب چیئرمین! میں آج اس پلیٹ فارم سے آپ کے سامنے اس عورت کی بات کروں گی جو ہماری پسی ہوئی عورت ہے یعنی جو ہمارے کھیتوں میں کام کرتی ہے اور جو سڑکوں پر روڑی کوٹتی ہے۔ ہم نے اس بجٹ میں اس عورت کے لئے کوئی ایسی نئی چیز نہیں پیش کی جس سے وہ عورت خود کو secure سمجھے۔ بھارت میں اس عورت کو رجسٹرڈ کیا گیا ہے اور اس کے بعد اسے کام provide کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ میں request کروں گی کہ اس طرف دیکھا جائے اور اس پسی ہوئی مضبوط عورت کو اوپر اٹھانے اور انہیں ہمت دلوانے کے لئے ہمیں اپنا کردار ادا کرنا چاہئے جو ہمارے معاشرے میں 40 فیصد آبادی کا حصہ ہے اور وہ کھیتوں میں کام کرتی ہے۔

جناب چیئرمین! میں آخر میں آپ کا شکریہ ادا کروں گی کہ آپ نے مجھے یہاں پر آج بولنے کا موقع دیا۔ میں ایک بہت ہی اہم issue کو point out کروں گی کہ خانیوال میں "صنعت زار" کے لئے میں نے آج request کی تھی جہاں پر ایک display center بنا ہوا ہے جس کا مقصد یہ تھا کہ وہاں پر صنعت زار کی مصنوعات ہی کو رکھا جائے گا تاکہ لوگ انہیں خرید سکیں لیکن بدقسمتی سے 2/3 سال پہلے یہ صنعت زار ایک پرائیویٹ فرم کو دے دیا گیا جو کہ اپنی پرائیویٹ چیزوں کو فروخت کر رہے ہیں اور وہاں پر قبضہ کر کے بیٹھے ہیں۔

جناب چیئرمین! حکومت کی اس جگہ کو خالی کروانا ہمارے لئے ایک بہت بڑا چیلنج ہے کیونکہ میں اس کی چیئرپرسن ہوں اور میں اپنے ضلع میں اس مقصد کے لئے جتنی لڑائی لڑ سکتی تھی وہ لڑی ہے لیکن میں آج مجبور ہو کر اسمبلی کے پلیٹ فارم سے آواز اٹھا رہی ہوں کہ اس جگہ کو بازیاب کروانا ہمارے لئے بہت بڑا چیلنج ہے لہذا میری request ہو گی کہ خانیوال میں صنعت زار کے display center کو جلد از جلد پرائیویٹ لوگوں پر مشتمل مافیا سے آزاد کروایا جائے۔ شکریہ

**جناب چیئرمین:** محترمہ ذکیہ خان!

**محترمہ ذکیہ خان:** اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! COVID-19 دنیا کے لئے ایک shock تھا، وہ بھی بہت بڑا shock تھا جو کہ فلسطین میں ہوا اور کشمیر میں بھی ہونے والا ظلم بہت بڑا shock تھا۔ جیسے کہتے ہیں کہ یہ دو سال بہت تکلیف دہ گزرے ہیں خاص طور پر COVID-19 کے دوران ہمارے کشمیری بھائیوں کے ساتھ جو ظلم ہو رہا ہے اور انہیں جو "لاک ڈاؤن کیا گیا ہے، جو فلسطین میں ہوا ہے اور غزہ میں ہمارے جو بچے بے گھر ہوئے ہیں ان کے متعلق سوچ کر ہم سب کو بہت تکلیف ہوتی ہے اور ہم اس مشکل وقت میں ان کے ساتھ ہیں۔

جناب چیئرمین! میں اس اسمبلی ہال کی تعمیر مکمل ہونے پر میں مبارکباد دیتی ہوں it’s a very beautiful Hall and very specious and I am great full to the Speaker and to his team for having made it possible for us to shift in at this budget period. Secondly I would like to say کہ اس COVID میں آپ کو اور ہم سب کو احساس ہوا کہ ہم نے sustain کیا۔ ہمیں Agriculture سے food security ملی جبکہ agriculture ہماری econom کی backbone ہے اور ہماری food security بھی ہے جسے آگے بڑھانا ہمارا priority No 1 ہونا چاہئے۔ اس کو بڑھانے کے لئے ہمیں basic چیزوں کے اوپر نظر رکھنی پڑے گی۔ Basics چیزیں یہ ہیں کہ جیسے آپ کی Universities ہیں جن میں agriculture Universities میں ابھی تک گندم اور کاٹن پر کوئی seriously research نہیں ہو رہی اور جتنے بھی ہمارے seeds ہیں انہیں fungus لگ چکا ہے اور rust لگ چکا ہے۔ ہماری yields کمزور ہیں کیونکہ high yield seed ہمارے پاس نہیں ہیں تو ہمیں اس کے اوپر توجہ دینی چاہئے اور Universities کو بھی we should give them proper funding, enough funding to do research on the seed, the quality of the seeds so that we can move forward in agriculture. Until and unless we don’t do that تو فرٹیلائزر اور دوسری چیزیں دینے کا کوئی فائدہ نہیں ہو گا جب تک ہماری quality of seed ہی

ٹھیک نہیں ہو گی۔ ہم Import seeds کرتے ہیں جس پر بہت foreign exchange ضائع ہو تا ہے۔ اب بہت وقت گزر گیا ہے اور اب ہم لو گوں کو self sufficient ہونا چاہئے، اپنا seed ہونا چاہئے، اپنا سب کچھ ہم پیدا کریں، پیداوار بڑھائیں اور بجائے ہم dependent ہوں کبھی ایک international company پر کبھی دوسری پر۔ I think it's time we should pull up our socks as they say and start working seriously on the agriculture department and on its variety of seeds

دوسرا میں آپ سے یہ کہوں گی کہ آپ کے Sugar Mill Act 2021 میں ایک amendment آئی ہے وہ It is not pro amendment for the farmers. It is more for the Sugar mill. پہلے sugarcane کی کرشنگ 10 نومبر کو شروع ہوتی تھی اب وہ کہہ رہے ہیں کہ کرشنگ 30 نومبر کو شروع ہو گی۔ اس سے grower کو بہت نقصان ہو گا۔

دوسرا وہ یہ کہہ رہے ہیں کہ grower کو پیسا فوراً نہیں ملے گا بلکہ جون تک ملے گا۔ چھوٹا کسان ہو یا بڑا کسان ہو انہوں نے اپنی فصل پر پیسا لگایا ہو تا ہے اگر ان کو پیسا وقت پر نہیں دیا جائے گا تو They will be deprived of the money that they really deserve to get on time

تیسری بات یہ ہے کہ شوگر کین کمشنر ایسے ہوتے تھے جو مل مالکان اور کسان کی صلح صفائی کروا کر کام کرواتے تھے لیکن اب وہ بھی ختم ہو گیا ہے۔ So there are not going to be anymore Commissioners who will settled the dispute between the grower and the mill owners. So that is also gone off پاکستان میں ایک انٹر نیشنل سوسائٹی GAP ہے جو کسانوں کو سرٹیفکیٹ دیتی ہے کہ ان کے فروٹ اچھے ہیں۔ they certify that this is good quality and it can be exported. So we can export our fruits all our Goods outside Pakistan and get a certificate from this international group of people وہ یہ سرٹیفکیٹ دیتے ہیں کہ آپ اپنے fruits کو ایکسپورٹ کر سکتے ہیں۔ اس طریقے سے آپ کے فروٹ کی قیمتیں اچھی رہیں گی، آپ فروٹ کو ایکسپورٹ کر سکیں گے اور کچھ ضائع بھی نہیں ہو گا۔

**MR. CHAIRMAN:** Madam! What is the name of that group?

**MRS. ZAKIA KHAN:** Mr. Chairman! That group is called GAP which means (Good Agriculture Practice). They give certificate to farmers where they can export the goods outside the country.
ایک قسم کا ٹھپہ لگ جاتا ہے کہ یہ اچھی کوالٹی کی اشیاء ہیں، خراب چیزیں باہر نہیں جارہی ہیں بلکہ اچھی کوالٹی کی چیزیں باہر جارہی ہیں۔ میں یہ بھی کہوں گی کہ Bhutan is a small country. It is not a big country انہوں نے بہت چھوٹے چھوٹے ڈیمز بنائے ہیں اس لئے ان کو کبھی بھی پانی کی کمی محسوس نہیں ہوئی۔ وہ اپنا پانی استعمال بھی کرتے ہیں and that small country also provides electricity to India. So you can imagine if you are well organized how much you can do yourself be self-sufficient and even export میں آج بھی کہوں گی اور کہتی رہوں گی ہم تو اس دنیا سے چلے جائیں گے کیونکہ ہم عمر کے اس حصے میں آ گئے ہیں کہ کالاباغ ڈیم ایک حسرت بن کر رہ گیا ہے۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب چیئرمین! اگر آپ کے پاس کالاباغ ڈیم ہوتا تو آج آپ کو پانی کی تکلیف تھی نہ بجلی کی تکلیف تھی۔ آپ کی گندم کی پیداوار اتنی زیادہ ہوتی تھی کہ آپ ایکسپورٹ کر سکتے تھے اور کسی کے محتاج نہ ہوتے۔ تمام صوبوں کو مل کر یہ فیصلہ کرنا چاہئے تھا مگر ایسا نہیں ہو رہا ہے۔ میں پھر بھی دعا کرتی رہوں گی کہ کالاباغ ڈیم بنے تاکہ اس ملک کی بچت ہو سکے اور یہ کامیابی اور ترقی کی طرف جائے۔

جناب چیئرمین! میں population پر بات کروں گی It is the main issue اس پر وہاں سے بھی بہت بات ہوئی ہم نے بھی بہت باتیں کی ہیں all the ladies sitting here they all very concerned those sitting across وہ بھی ہماری بیٹیاں، بہنیں ہیں اور ہم بھی اسی پاکستان کے ہیں وہ علیحدہ ہیں نہ ہم علیحدہ ہیں۔ اس issue پر all together علماء اور سکالرز بھی ہمارے ساتھ ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ spacing ہونی چاہئے اور وقفے کے بعد بچہ ہونا چاہئے کیونکہ یہ ماں کی صحت کے لئے بہت ضروری ہے۔ اس سے child mortality rate بھی بہت بڑھتا ہے and even the mothers die in child birth if they have children one after the other and if they don't have that spacing. میں یہ کہوں گی کہ پاپولیشن

پر بہت زیادہ فنڈنگ ہونی چاہئے لیکن جو اس وقت فنڈنگ ہے وہ فی کس آدھا ڈالر بھی نہیں بنتا۔ اس کے اوپر ہمیں بہت توجہ دینی چاہئے۔ چیف منسٹر پنجاب نے ابھی تک کسی ٹاسک فورس کی میٹنگ نہیں کی۔ He should have more meetings, he should focus on population and control because this is something اگر آپ اس پر کنٹرول نہیں کریں گے تو آپ کی سب چیزیں کم ہو جائیں گی۔ آپ ہسپتال پورے نہیں کر پائیں گے، ایجوکیشن پوری نہیں ہو گی، food shortage ہو گی and everything you will be lagging behind. They have Countries like Turkey, Indonesia, Iran and Bangladesh. gone far ahead اگر آپ ان کو چیک کریں تو وہ پاپولیشن اور بہت سی دوسری چیزوں میں ہم سے بہت آگے نکل چکے ہیں اور ہم پیچھے رہ گئے ہیں۔ اگر ہم بھی اس طرف توجہ دیں تو ہم بھی یہ کر سکتے ہیں اور یہ women empowerment کے ساتھ ہو گا when a girl child is educated when there is education for all and this women empowerment then you will able to face this issue کیونکہ آپ اکیلے ایسا نہیں کر سکتے۔ میں ہیلتھ منسٹر یاسمین راشد صاحبہ کو کہوں گی کہ آپ اپنے ہسپتالوں میں بھی اس کی تھوڑی responsibility لیں۔ آپ کے پاس LHVs ہیں ہمارے وقت میں ان کی تعداد 48000 تھی اب تو اس سے بھی بڑھ گئی ہو گی۔ اگر وہ بھی حصہ لیں اور اس پر کام کریں تو پاپولیشن پر بہت کچھ ہو سکتا ہے۔ I think it is high time that we should focus on it and the Chief Minister Punjab and your Government should take a lot of attention to this big issue that we are facing.

جناب چیئرمین! اب میں environment پر بات کرنا چاہوں گی۔ جب ہماری گورنمنٹ کا آخری دن تھا It was the last day of our government and I remember ہماری میٹنگ ہو رہی تھی میاں شہباز شریف نے مجھے بھی بلایا تھا because at that time I was Minister for environment تو انہوں نے کہا کہ ہمیں environment کے لئے 275 ملین ڈالرز کا loan ملا ہے۔ میرے خیال میں ہمیں وہ قرضہ one percent or two percent مارک اپ پر دیا گیا تھا۔ Environment is

to monitor the اس ڈیپارٹمنٹ کا بنیادی کام یہ ہے کہ very important department air quality and the water pollution that is the main duty but it is a very جیسے کہتے ہیں کہ connected with all departments environment. It is آپ کے پاس پیسا ہے۔ ایک اور باڈی بنی ہے vast issue which can be resolved تین سال called SPIU (Special Planning and Implementation Unit) گزر گئے لیکن وہ پیسا استعمال نہیں ہوا۔ اب بھی ٹائم ہے اس پیسے کو استعمال کریں، اس باڈی کو form کریں اور hiring کریں۔ وہ loan پانچ سال کے لئے تھا اور اب تین سال گزر گئے ہیں۔ ورلڈ بنک نے مزید دو سال آپ کو دے دیئے کہ It should go to 2025. Use that money utilize it because you have the money یہ بھی نہیں کہا جا سکتا کہ ہمارے پاس پیسا نہیں ہے اب پیسا بھی ہے لیکن اس کو استعمال نہیں کیا جارہا ہے لہٰذا اس کو استعمال کریں۔ وزیر اعلیٰ صاحب population اور environment پر زیادہ توجہ دیں because these are very serious issue with the country plus Punjab basically.

**MR CHAIRMAN:** Madam, It is request to wind up please.

**MRS ZAKIA KHAN:** I will just wind up please I am requesting you give me just a minute or two more and then I am winding up

جناب چیئرمین! میں دوسری بات یہ کہوں گی کہ یہ بہت ہو چکا نواز شریف، شہباز شریف، پچھلی حکومت نے یہ کر دیا اور پچھلی حکومت نے وہ کر دیا۔ I am seriously saying اب تو آپ تین سال آگے ہو گئے ہیں اور ابھی بھی آپ پچھلی حکومت کا ہی کہتے رہتے ہیں leave this and move forward. آپ سپیڈ دکھائیں اور اپنے کاموں میں سپیڈ رکھیں۔ اپنے issues کو seriously لیں۔ میں مثال کے طور پر کہتی ہوں بقول آپ کے کہ آپ لوگ کہتے ہیں کہ ہماری گورنمنٹ بالکل فضول تھی مگر وہ عوام سے پوچھیں کہ ہم فضول تھے یا نہیں تھے۔ مگر بات یہ ہے کہ آپ اس کو چھوڑیں اور اپنے کاموں میں جائیں آگے move forward, take the country into a progressive state and secondly آپ کا بجٹ اچھا یا بُرا میں نہیں کہوں گی whether it is good or bad but یہ ضرور کہوں گی کہ even you

I am اتنی مہنگائی ہو گئی ہے کہ آپ غریب کو ایک طرف رکھیں۔ میرے جیسے غریب بھی know affected with it. I tell you ہم جو سودا ایک ہزار کا منگواتے تھے اب وہی چیز دو ہزار روپے کی آتی ہے اور جو چیز ایک سو کی ہوتی تھی وہی چیز تین سو روپے کی ہو گئی۔ آپ کی جو بنیادی ضروریات ہیں جیسے چینی، آٹا اور پٹرول مہنگا ہو گیا ہے۔ بجٹ میں حکومت غریب عوام کی نبض پر ہاتھ رکھتی ہے اور دیکھتی ہے کہ میری عوام جس نے مجھے ووٹ دیا، جس نے آپ کو یہ حکومت دی، آپ کے سر پر اتنی عزت دی تو اس کا ہم کیا کریں گے۔ اس حوالے سے میں یہ کہوں گی کہ بہت بُرے حالات ہیں۔ انڈیا میں farmers نے protest کیا ہے، خدا کے واسطے آپ بھی farmers کا خیال کریں کیونکہ وہ آپ کی ریڑھ کی ہڈی ہیں rural areas 70٪ of those people آپ کی spine ہیں اس spine کا خیال کریں۔ خدانخواستہ آپ کی ریڑھ کی ہڈی ٹوٹی تو کتنا نقصان ہو گا؟ اللہ نہ کرے ایسا ہو۔ مہنگائی اتنی زیادہ ہے کہ غریب اب کیا کر سکتا ہے۔ مگر Tell your Government they have to take care of the poor man and move forward and once again I would say there is a lull before the storm. Be very careful Chairman Sahib! یہ نواز شریف اور شہباز شریف فوبیا چھوڑ دیں۔ Personal seductiveness کو چھوڑیں آگے بڑھیں، پاکستان کو آگے لے کر چلنا ہے ہم نے پیچھے لے کر نہیں جانا۔ Thank you so much.

**جناب چیئر مین:** جی، ملک ندیم عباس!

**ملک ندیم عباس:** نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم امابعد فاعوذ باللہ من الشیطن الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! حسب معمول جب پہلے اسمبلی میں آیا، اس میں داخل ہونے سے پہلے اللہ کا شکر ادا کرتے ہوئے اپنے قائد عمران خان اور اپنے حلقے کی عوام کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے پی ٹی آئی کے ایک ورکر کو اس ایوان میں پہنچایا۔ (نعرہ ہائے تحسین)

اسی طرح حسب معمول جب میں اس اسمبلی میں داخل ہوا تو اسی جذبے کے ساتھ اسمبلی میں آیا تو یہاں آکر میں نے کچھ منفرد دیکھا، جیسے ہی میں اسمبلی کے دروازے سے اندر جانا چاہا تو اوپر دیکھا لاالٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ لکھا ہوا تھا جب اسمبلی کے اندر آیا تو میں نے چھت کی طرف دیکھا تھا

تو اللہ لا الٰہ الا ہو یعنی اللہ کا نام دیکھا اس اسمبلی کو اللہ کے سپرد کیا گیا اور اس کے بعد جب میں نے اپنی سیٹ پر بیٹھ کر سامنے دیکھا تو قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم، اِنا خاتم النبیین لا نبی بعدی اور یہ پڑھا کہ رسول اللہ صلیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں خاتم النبیین ہوں اور میرے بعد کوئی نبی نہیں، اور دل بہت خوش ہوا۔ اس کے لئے میں جناب سپیکر اور وزیر اعلیٰ پنجاب کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ آپ نے عمران خان کے ریاست مدینہ کے وژن کو پروان چڑھایا، یہ اسمبلی ایشیاء کی سب سے خوبصورت ترین اسمبلی ہے اور آپ نے یہ نام لکھ کر پوری دنیا کی خوبصورت ترین اسمبلی بنا دی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ اعزاز چودھری پرویز الٰہی صاحب کو جاتا ہے، یہ جناب عمران خان کو جاتا ہے اور یہ جناب سردار عثمان احمد خان بُزدار کو جاتا ہے۔ اب چلیں آگے چلتے ہیں۔۔۔

**جناب چیئرمین:** جی، میں تھوڑی سی correction کروں گا کہ جب آپ نے حدیث مبارکہ پڑھی تو اس میں اِنا خاتم النبیین نہیں ہے بلکہ اَنا خاتم النبیین ہے لہٰذا اس کی correction کر لی جائے۔

**ملک ندیم عباس:** اَنا خاتم النبیین لا نبی بعدی۔

**جناب چیئرمین:** جی، شکریہ۔

**ملک ندیم عباس:** جناب چیئرمین! شکریہ۔ اور اس کے بعد جب یہاں بات کرتے ہیں، میں اصل میں جاتی امرا کا ہمسایہ ہوں اور ان کے بڑے چہیتے کو ہرا کر یہاں تک پہنچا ہوں۔ (نعرہ ہائے تحسین)

یہ بار بار باتیں کرتے ہیں۔ آج پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر نے جو بات کی تو یہ پیپلز پارٹی وہ پارٹی ہے جو ہمیشہ غریب اور مزارعوں کی بات کرتی ہے آج انہوں نے کچھ برادریوں کے نام لئے جیسا کہ انہوں نے موچی اور اسی طرح میراثی کے نام لے کر ان کو کمی کمین کہہ کر پکارا تو انہوں نے اسمبلی کی توہین کی ہے جس سے یہاں سے واک آوٹ کر کے بھی ہمارے بھائی گئے ہیں لیکن ان چیزوں پر ہمیشہ زور رہتا ہے جیسے آج میں ان کی گفتگو سے ہی ایک واقعہ سنانا چاہتا ہوں کہ سردار محمود غزنوی جو افغانستان کے بادشاہ تھے۔ انہوں نے اپنی رعایا کے تمام صوفی کرام، تمام اولیاء اور تمام مکاتب فکر بلائے اور ان کو کہا کہ کوئی ایسا شخص ہے جو حضرت خضر علیہ سلام کا مجھے دیدار کرا سکے تو وہاں پر ایک غریب آدمی کھڑا ہوا اس نے کہا کہ بادشاہ سلامت میں آپ کو دیدار کروا سکتا ہوں لیکن اس کے لئے مجھے کچھ وقت چاہئے۔ میں نے دریا کے کنارے چالیس دن کا چلہ کرنا ہے جب بادشاہ

محمود غزنوی نے کہا کہ آپ کے انتظامات کر دیئے جاتے ہیں تو آپ جائیں تو انہوں نے وہاں جا کر چلہ شروع کیا اور جب چالیس دن گزر گئے اس کے بعد دوبارہ پھر واپس آیا۔ جب واپس آیا تو ساری رعایا اسی طرح اکٹھی تھی تو کہا گیا کہ بتاؤ تو اس نے کہا کہ میرا کلام الٹا پڑ گیا ہے اور مجھے چالیس دن اور چاہئیں۔ اسی طرح اس کو چالیس دن اور دیئے گئے جب دوبارہ چالیس دن گزرنے کے بعد واپس آیا تو جواب نہ میں تھا تو محمود غزنوی نے اپنے ایک وزیر سے کہا کہ بتاؤ اس کا کیا علاج کرنا چاہئے تو اس نے کہا کہ بادشاہ سلامت اس نے آپ کے سامنے جھوٹ بولا ہے اس کی گردن اتار کر اس کے جسم کے ٹکرے ٹکرے کر کے آبادیوں بانٹ دینے چاہئیں۔ اس کے بعد ایک اور وزیر سے پوچھا کہ آپ بتائیں کہ اس کی کیا سزا ہونی چاہئے تو اس نے کہا کہ اس کی گردن پر پھندہ ڈال کر اس کو لٹکا دینا چاہئے۔ اس کے بعد محمود غزنوی نے اپنے ایک خاص مشیر ایاز سے پوچھا کہ بتاؤ ایاز اس کی کیا سزا ہونی چاہئے تو ایاز نے کہا کہ اسے معاف کر دیا جائے، اسی دوران ایک بزرگ جو نہایت ہی نورانی چہرے والے تھے جب پہلے نے کہا تو اس وقت بھی انہوں نے کہا کہ یہ ٹھیک کہہ رہا ہے جب دوسرے نے گردن لٹکانے کا کہا تو اس وقت بھی اس نے کہا کہ یہ ٹھیک کہہ رہا ہے جب ایاز کی باری آئی تو ایاز نے کہا کہ اس کو معاف کر دینا چاہئے یہ غریب آدمی ہے اس نے جھوٹ اس لئے بولا ہے کہ اس کے گھر میں فاقہ تھا اس کے بعد وہی بزرگ کھڑے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایاز نے ٹھیک کہا تو سردار محمود غزنوی نے اس بزرگ سے کہا کہ آپ بتائیں کہ آپ نے سب کو ٹھیک کہا تو آپ نے ایسا کیوں کہا؟ اس بزرگ نے کہا کہ پہلے جس نے اس کی گردن کاٹ کر اس کا گوشت بانٹنے کا کہا تھا کہ اس کا خاندان اور آباؤاجداد قصائی تھے اس نے اپنی خاندانی روایت دکھائی اور دوسرا جس نے گردن پر پھندہ ڈالنے کا کہا تو وہ جیل میں پھانسی دینے والے جلاد کا بیٹا ہے اس لئے اس نے یہ بات کہی ہے تیسرا جب ایاز نے کہا کہ اس کو معاف کر دینا چاہئے تو اس نے اپنی خاندانی اصلیت دکھائی یہ ایک سید زادہ ہے اس لئے اس نے وہی بات کی جو سید زادہ کر سکتا ہے (نعرہ ہائے تحسین)

ہمارے یہاں پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر سید مرتضیٰ شاہ صاحب ہیں وہ سید ہیں ہم تو اس کی بہت عزت کرتے ہیں لیکن افسوس سے کہنا پڑتا ہے جب بھی انہوں نے کوئی بات کی تو یا انہوں نے ہمیشہ جس طرح دوسروں کو بلایا یا دوسروں کے بارے میں بات کی تو انہوں نے اپنی اس

عزت کو غلط استعمال کیا ہے۔ میں سید زادے کے بارے میں ایسے کوئی لفظ نہیں کہنا چاہتا لیکن ان کو اس پر سوچنا پڑے گا۔۔۔

**جناب چیئرمین:** اجلاس کا ٹائم آدھا گھنٹہ بڑھایا جاتا ہے۔

**ملک ندیم عباس:** آج انہوں نے اسی طرح کچھ خاندانوں کے نام لے کر اُن کے لئے کہا۔ دوسری طرف یہ کرونا کہ اتنے سخت حالات میں جس طرح میرے قائد عمران خان نے فوری طور پر 1 کروڑ 25 لاکھ خاندانوں کو 12,12 ہزار روپیہ فوری دے کر اُن کی دادرسی کی یہ بہت قابل تحسین ہے۔ اُس کے علاوہ اگر ہیلتھ کی بات کریں تو یہ ہیلتھ کے حوالے سے بڑی بڑی باتیں کرنے والے آج تک کوئی ایسا ہسپتال نہیں بنا سکے جہاں سے یہ اپنا علاج کروا سکیں یا جو ایک انہوں نے چھوٹی سی سرجری کروانی ہے وہ بھی یہاں نہیں کروا سکتے۔

**جناب چیئرمین :** جی، please windup کیجئے گا۔

**ملک ندیم عباس :** جناب چیئرمین ! میں آخر میں اب بجٹ پر بات کرنا چاہوں گا کہ صحت کا شعبہ ہماری اہم ترین ترجیح ہے۔ حکومت پنجاب ایک طرف تو کرونا سے پیدا ہیلتھ ایمرجنسی کا بخوبی مقابلہ کر رہی ہے تو دوسری طرف شعبہ صحت میں جامع اصلاحات اور بہتری کے لئے اہم اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ موجودہ مالی سال میں شعبہ صحت کے ترقیاتی پروگرام کا مجموعی بجٹ 96 ارب روپے ہے آئندہ مالی سال میں صحت کے شعبہ کے لئے مجموعی طور پر 370 ارب روپے کے فنڈز مختص کئے گئے ہیں جو کہ رواں مالی سال کے مقابلے میں 182 فیصد زائد ہیں۔ ہماری حکومت نے صحت کے لئے بہت بڑے initiative لئے ہیں اس کے لئے ہم خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

آخر میں بس وہی کہ جو آج بھی اپنے آپ کو بیمار سمجھ کے راتوں رات ملک سے باہر بھاگنا چاہتا تھا جب پچھلے دونوں قومی اسمبلی کے ایوان میں دو گھنٹے کھڑے ہو کر تقریر کی اُس وقت وہ بالکل صحت یاب تھے اور انہوں نے پاکستان کو لوٹنے کے لئے ایک ذریعہ بنایا ہوا ہے اور یہ لوٹو اور پھوٹو کی سیاست کرتے ہیں۔ آج الحمدللہ پاکستان میں 22 سال کی محنت کے بعد ایک حقیقی لیڈر عمران خان کی صورت میں پاکستان میں ہے جو عوام اور ہمیشہ نچلے طبقے کے لوگوں کے بارے میں

سوچتا ہے، ہم ایک سال کے اندر اندر پنجاب کے تمام خاندانوں کو ہیلتھ کارڈ مہیا کر دیں گے۔ اور آخر میں ایک شعر:

فضائل کے سمندر کو نبی کہتے ہیں
کمالات کے دریا کو علیؑ کہتے ہیں
جس نے صبر کی ڈال سے ظلم کی نبضیں توڑیں
ایسی ہستی کو حسین ابن علیؑ کہتے ہیں

**جناب چیئرمین:** جی، محترمہ! عشرت اشرف!

**جناب ممتاز علی:** جناب چیئرمین! ہمیں بھی بات کرنے کا موقع دیں جس طرح کچھ ممبران پی ایم ایل(ن) سے ہوئے ہیں، کچھ ممبران پی ٹی آئی سے بات کر رہے ہیں ہماری پارٹی سے صرف آٹھ دس ممبران ہیں۔ ایک بندے کو تو کم از کم موقع دیں۔

**جناب چیئرمین:** جی، sequence سے چل رہے ہیں۔

**محترمہ عشرت اشرف:** جناب چیئرمین! شکریہ۔ میں زیادہ بات نہیں کروں گی میرے اور بھائی بات کرنا چاہ رہے ہیں اور وقت بھی کم ہے۔ میں سب سے پہلے ہمارے سپیکر چودھری پرویز الہیٰ صاحب کو مبارکباد دیتی ہوں کہ انہوں نے یہ خوبصورت ہال بنا کر سب کو comfortable کر کے بڑی داد وصول کی ہے۔ میں اُن سے گزارش کروں گی کہ آپ کی ایک اور مثال 1122 کی بھی اچھی تھی کل جو انہوں نے رولنگ دی میں سمجھتی ہوں کہ اُس کے اوپر بھی اُن کو مبارکباد دینی چاہئے۔ تیسری بات کہ انہوں نے اپوزیشن اور حکومت کو پابند کیا یہ اچھا عمل ہے اُس کے علاوہ ایک جو بات رہ گئی ہے میں اُس کی طرف بھی آپ کی وساطت سے توجہ دلانا چاہتی ہوں کہ جو ہماری کمیٹیاں ہیں اپوزیشن کو بھی اُس میں رُول ادا کرنے کا موقع دیں صرف ایک پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے پیچھے سارا نظام بند ہوا ہوا ہے آج تین سال ہونے والے ہیں میاں حمزہ شہباز صاحب سے یہ اتنے خوف زدہ ہیں حالانکہ یہ ہمیشہ سے ہی اپوزیشن کا حق رہا ہے اور یہ کمیٹی ہمیشہ اپوزیشن ہی چلاتی رہی ہے اب کون سا ایسا خوف آ گیا ہے کہ جس کو یہ کمیٹی کا چیئرمین نہیں بنانے دے رہے۔ تو میں آپ سے گزارش کروں گی کہ اس کی طرف بھی توجہ کرنی چاہئے تاکہ یہ قانون کمیٹیوں سے ہو کر ہاؤس میں جائیں جب اپوزیشن کا اُس کے اندر ووٹ نہیں

ہو گا تو پھر کل کو اس کے اندر بہت ساری چیزوں کے سوال اُٹھیں گے۔اس کے بعد میں خوبصورت بجٹ کی طرف آتی ہوں کہ ہمارے نوجوان وزیر خزانہ جناب ہاشم جواں بخت نے جو بجٹ پیش کیا اور پچھلے سال بھی انہوں نے بڑا خوبصورت بجٹ پیش کیا،بڑی اچھی اچھی باتیں کیں ہم جو سمجھ رہے تھے کہ جو وہ کہہ رہے ہیں سارا کچھ عمل ہو جائے گا۔انہوں نے فنڈز بھی دیئے اللہ جانے وہ فنڈز کدھر گئے؟ بہت ساری ایسی چیزیں ہیں اُن کے لئے معزز ممبران کی ایک کمیٹی بنائیں جس کے اندر جو فنڈز implement نہیں ہوئے تا کہ ہم وہ mention کر سکیں، ہم ان کو بتا سکیں کہ یہ فنڈز کدھر گئے یا کس جگہ پر کیوں استعمال نہیں ہوئے۔سننے کو تو بہت یونیورسٹیاں، کالجز، میڈیکل کالجز اور پتہ نہیں کیا کیا ہے تو یہ سب ہیں کدھر؟ڈھونڈنے سے بھی نہیں ملتی ہیں اس لئے میں سمجھتی ہو کہ اس ایوان کے معزز ممبران پر مشتمل ایک کمیٹی بنائیں، ہم کچھ کہیں نہ آپ کچھ کہیں جیسے میری بہن ذکیہ خان صاحبہ نے ابھی تھوڑی دیر پہلے کہا کہ اب look forward کریں تو اُس کے فوراً بعد ہی look back ہو گیا میاں نواز شریف یاد آ گیا۔میں سمجھتی ہوں ہمیں کام کرنے کی ضرورت ہے ہمارے پاس بہت تھوڑا ٹائم رہ گیا ہے اور If we look backward تو کیا ہوا اُن گھروں کا جو ہم نے اتنے بڑے اعلانات کئے تھے، کیا ہوا اُن نوکریوں کا جو ہم نے اعلانات کئے تھے اور کیا ہوا اُن نوجوانوں کا جن کو ہم نے روزگار دینے کے لئے وعدہ کیا تھا؟میں سمجھتی تھی کہ اس بجٹ کے اندر ہمارا نوجوان وزیر، نوجوانوں کے لئے ایک ایسا پروگرام لے کر آئیں گے جو اُن کو روزگار مہیا کرے گا، ہمارے پڑھے لکھے نوجوان سڑکوں پر مارے مارے پھر رہے ہیں۔خدارا اُس طرف توجہ کریں۔آپ لوگ تو اپنے آپ کو بہت وژن رکھنے والے لوگ claim کرتے ہیں تو پھر ابھی تک کچھ کیوں نہیں ہوا؟ کچھ تو ہوا جانا چاہئے اپوزیشن نے بھی آپ کو اتنے پروگرام mention کئے ہیں تو آپ لوگ کچھ نوٹ کریں کچھ اس کی طرف دیکھیں جو آپ نے خود اعلانات کئے ہیں اگر وہ کر نہیں سکے تو قوم سے معافی ہی مانگ لیں اور کہیں کہ ہم سے یہ نہیں ہو سکا ہم نے غلط اعلانات کئے۔

جناب چیئرمین! میں آپ کا زیادہ وقت نہیں لوں گی اور یہ ہی کہوں گی کہ جو ملاوٹ ہے چاہے وہ زراعت ہے، ہماری کھادیں صحیح نہیں ہیں، ہمارے seeds صحیح نہیں ہیں، ہماری ادویات صحیح نہیں ہیں، چاہے وہ کھانے کی چیزیں ہی کیوں نہ ہوں۔تو اس کی طرف بھی توجہ کرنی چاہئے اس

طرح کی بہت ساری چیزیں اور بھی ہیں۔ میں آپ کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ آپ نے مجھے وقت دیا۔ بہت شکریہ۔

**جناب چیئرمین:** جی، محترمہ طلعت فاطمہ نقوی!

**MS TALAT FATEMEH NAQVI:** I don't have speech for today. Assalamualaikum Mr. Chairman! I am sorry but I had requested it for tomorrow. I have a small suggestion and many things that we have discussed today. There are many issues that have been repeated. One of them just came from a lady sitting here and she kept saying that the committees have not been formed yet and yes this Assembly needs its committees to perform. I totally agree with her as I do with the number of Opposition Leaders because the women particularly have spoken exceedingly well.

**MR. CHAIRMAN:** Madam! If you want to speak in English then you have to take permission from the Chair.

**MS TALAT FATEMEH NAQVI:** Would you please grant me that permission?

**MR. KHALIL TAHIR SINDHU:** Mr Chairman! She is not sitting on her chair.

**MR CHAIRMAN:** Please go to your chair, Madam.

**MS TALAT FATEMEH NAQVI:** I don't have one. Now, are you happy with me here to continue?

Sir, we've been held hostage for the past three years for one man who is convicted or at least even if isn't, he still here because of Production Orders but there are people in the Opposition whom I think, every member in this House, respects and honors. If it is suggestion that

I can make I would ask and request the Opposition to make Mrs. Zakia Shah Nawaz Khan, PAC Chairperson. She deserves it; she is honorable; and, she is the one person that every one of us honors and respects and there are many people in this House who would agree with me (Applause). Her suggestions at every session are exceedingly well balanced totally professional and very adorable. Every word that she says we all honor. There is also another thing that she is a woman. So, let's start a new trend. Let's have not a family but the person who is from the Opposition, a Party Leader. A Party Leader who has given her whole life and that is one thing that all of us respects in this House, particularly in PTI.

The other thing that I would like to say that there are so many issues that have been talked about and I have asked even a number of ladies that there are issues regarding children. The issues of children have become immense in our province. They are totally neglected and yes we have societies. Yes we have the Children Protection Bills also but we need a budget. A budget which comes into the ambit of a ministry where the issues can be dealt with in a manner which is more conducive as well as which would be much more productive way of looking at the issues that are related to children and the problems that they are facing. We talked about it everybody and me are onboard on this issue which I think needs to be addressed. We all know that there are many issues regarding women and nobody steps backward from that. A lot more has to be done and hopefully our Government will perform and do a lot more for women. Ms. Shahida Ahmed said something that there are some areas for women that have been left in a

grey shade. They haven't been addressed completely. I would suggest that we take this on. This is a concern for us. Home based work is a concern. Women working on the farms and in areas, rural as well as urban, need to be addressed. They need to be addressed very seriously. If this country has to grow forward they cannot be marginalized. I would like to end my speech by saying thank you to everybody who has participated in this Assembly and it's a wonderful Assembly to be a part of. I'm proud to say that I took oath in the old and beautifully historic building in next row and now I'm continuing in a new building with the new budget and a new Pakistan. Thank you.

**جناب چیئرمین:** جی، اب محترمہ زینب عمیر اپنی بات کریں۔

**محترمہ زینب عمیر:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ۔ جناب چیئرمین! جب رات کے ساڑھے آٹھ بجے کا وقت ہو اس کو کہہ دیا جائے کہ اب آپ بات کریں تو اس وقت تک سامعین بھی اکتا چکے ہوتے ہیں۔ ایک میری بہن سنبل یہاں سے چلی گئی ہیں اور دوسری میری بہن یہاں پر تشریف فرما ہیں۔ میری بہن سنبل نے نواز شریف اور شہباز شریف صاحب کے کافی قصیدے پڑھے۔ ایک میری بہن نے کہا کہ مجھے نواز شریف یاد آ گئے تو میں بھی ان کو تھوڑا سا یاد دلا دینا چاہتی ہوں۔ ان کی اس بات پر میری حس لطافت جاگ اٹھی ہے تو میں چاہتی ہوں کہ ہم سب بھی تھوڑا سا جاگ جائیں۔ (نعرہ ہائے تحسین)

[********************]

(نعرہ ہائے تحسین)

[********************]

**جناب خلیل طاہر سندھو:** جناب چیئرمین! یہ contempt of court کر رہی ہیں۔

* بحکم جناب چیئرمین صفحہ نمبر 242 الفاظ کارروائی سے حذف کئے گئے۔

**محترمہ زینب عمیر:** جناب چیئرمین!

[********************]

**جناب چیئرمین:** محترمہ! آپ بجٹ پر بات کریں۔

**محترمہ زینب عمیر:** جناب چیئرمین! مجھے بات تو کرنے دیں میں بجٹ پر ہی بات کرنے لگی ہوں۔

[********************]

**MR CHAIRMAN:** stick to the budget speech

**محترمہ زینب عمیر:** جناب چیئرمین!

[********************]

**MR CHAIRMAN:** stick to the budget speech

**محترمہ زینب عمیر:** جناب چیئرمین! شرم ہے اور نہ ہی غیرت پدری

**جناب چیئرمین:** محترمہ! آپ کی ایسی باتوں سے ماحول خراب ہو رہا ہے۔ please stick to the budget speech

**محترمہ زینب عمیر:** جناب چیئرمین! میرا مقصد یہی تھا کہ تمام لوگ جاگ جائیں تو میرا خیال ہے کہ وہ جاگ گئے ہیں۔ ابھی یہاں پر ایک محترمہ نے بات کی کیونکہ یہاں پر اب وہ محترمہ موجود نہیں ہیں۔ میں اب بجٹ پر بات کر رہی ہوں اور ان محترمہ کی بات کا جواب دے رہی ہوں۔ ابھی انہوں نے ایک بات کی ہیلتھ کارڈ ان لوگوں کو دیئے جا رہے ہیں جن کی death ہو چکی ہے تو میں یہاں پر اس ایوان میں ان کو چیلنج کرتی ہوں کہ وہ ثبوت لے کر اس ہاؤس میں آئیں اور پھر بات کریں اگر وہ یہاں پر ثبوت پیش نہ کر سکیں تو ان کو اپنی membership کو یہاں پر surrender کرنا پڑے گا کیونکہ الزامات لگانا بہت اچھی بات نہیں ہوتی۔

---

* بحکم جناب چیئرمین الفاظ کارروائی سے حذف کئے گئے۔

**جناب خلیل طاہر سندھو:** جناب چیئرمین! ابھی ہم ان سے پوچھ لیتے ہیں ابھی ہم ثبوت دے دیتے ہیں تو کیا یہ محترمہ resign کر دیں گی۔

**محترمہ زینب عمیر:** جناب چیئرمین! ان سے کہیں کہ مجھے بات کرنے دیں درمیان میں interrupt نہ کریں۔ انہوں نے میٹرو بس پر بات کی۔

**جناب خلیل طاہر سندھو:** جناب چیئرمین! میرے پاس وہ کارڈ بھی موجود ہے میں ابھی ان کو دکھا دیتا ہوں۔

(اس مرحلہ پر معزز ممبر نے اپنی جیب سے کارڈ نکال کر ہاؤس کو دکھایا)

**محترمہ زینب عمیر:** جناب چیئرمین! ان سے کہیں کہ یہ بات کر لیں میں پھر بیٹھ جاتی ہوں۔

**جناب چیئرمین:** محترمہ! Stick to the budget speech please آپ بجٹ پر بات کریں۔

**محترمہ زینب عمیر:** جناب چیئرمین! ان سے کہیں کہ یہ cross talk نہ کریں۔ آپ ان کو بٹھائیں تاکہ میں اپنی بات کر سکوں۔

**جناب چیئرمین:** محترمہ! اس طرح تو وہ بھی آپ کی لیڈر شپ پر شعر و شاعری شروع کر سکتے ہیں تو اس طرح اچھی بات نہیں ہے۔ .This is not fair

**محترمہ زینب عمیر:** جناب چیئرمین! آج اور کل بھی بہت کچھ ہوا ہے۔ انہوں نے میٹرو بس کی بات کی ان کے بہت سارے کارنامے ہیں ان میں سے انہوں نے میٹرو بس کی بات کی ہے۔ میٹرو بس ایک سفید ہاتھی ہے جو کہ ابھی تک ہم نے دیکھا ہے ابھی بھی دوبارہ وہی بات کی جا رہی ہے کہ میٹرو بس کا ٹریک اگر اور بڑا بنا دیتے اور سڑکیں بھی مزید بنا دیتے تو بہتر تھا یعنی ابھی بھی ہم یہ سمجھتے ہیں کہ human resource، انسان، تعلیم اور ایجوکیشن آج بھی ان کی preference میں نہیں ہیں۔ جس میٹرو بس کی ہم بات کر رہے ہیں last time جو بجٹ پیش کیا گیا اس میں اس کے کرایہ پر بڑی لمبی بحث ہوئی اور اس کا کرایہ 40 روپے رکھا گیا جبکہ اس کی cost 280 rupees per person آتی ہے۔ گورنمنٹ کو اس پر 240 روپے فی کس مسافر پر سبسڈی دینی پڑ رہی ہے اور ہمیں اس پر نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے تو کیا یہ لوگ surrender کرتے ہیں کہ وہ تمام لوگ جو اس

پراجیکٹ کی favor میں ہیں کہ وہ 280 روپے کرایہ دے کر اس میٹرو بس میں سفر کریں۔ اگر وہ یہ کرنے کو تیار ہیں تو پھر میرے خیال میں یہ پراجیکٹ بہت اچھا ہے۔ جیسا کہ میں نے بجٹ 2021-22 دیکھا تو آپ یقین کریں کہ جب میں نے جب ایجوکیشن کا بجٹ دیکھا تو میرا دل کیا کہ میں ایجوکیشن پر بات کروں، جب میں نے جب ہیلتھ کا بجٹ دیکھا تو میرا دل کیا کہ میں ہیلتھ پر بات کروں، جب ایگریکلچر کی بات ہوئی تو میں نے سوچا کہ میں value addition اور ریسرچ پر بات کروں۔ میں ماڈرن ٹیکنالوجی پر بات کروں اور جو ہماری market demands ہیں ان پر بات کروں۔ ہماری گورنمنٹ میں بہت کچھ بات کرنے کے لئے ہیں۔ ہماری گورنمنٹ اس وقت تمام چیزیں provide کر رہی ہے۔ آپ جب انڈسٹری کی بات کر رہے ہیں تو انڈسٹری میں بھی you never know کہ آپ کی انڈسٹری اتنی shady ہے اور خاص طور پر جب آپ third world country کی بات کرتے ہیں تو انڈسٹری کے حوالے سے it is really difficult کہ ہم نے کس طرح اس کو handle کرنا ہے کیونکہ مارکیٹ کا up and down بہت زیادہ وقتی طور پر آتا رہتا ہے۔ So similarly agriculture بہت ہی important ہے لیکن اس گورنمنٹ میں جس طریقے سے ان تمام چیزوں کی سپورٹ کی گئی ہے میں اس پر انہیں بہت مبارکباد دیتی ہوں اور میں وزیر اعلیٰ سردار عثمان بُزدار کو بہت مبارکباد بھی دیتی ہوں۔ مجھے اندازہ ہے کہ فنانس منسٹر نے کتنی مشکل سے اس بجٹ کو بنایا ہو گا آپ کی پوری کی پوری ٹیم، آپ کا پورا ڈیپارٹمنٹ اس مبارک کے مستحق ہیں۔ میں یہاں پر ایک بات کرنا چاہ رہی ہوں میں سمجھتی ہوں کہ تین چیزیں ہمارے وزیر اعظم صاحب کے بہت قریب رہی ہیں اور وہ بارہا ان کا تذکرہ کرتے رہے ہیں۔ پہلے نمبر پر تعلیم، دوسرے نمبر پر صحت اور تیسرے نمبر پر انصاف ہے۔ ایجوکیشن اور ہیلتھ پر بہت زور دیکھنے میں آرہا ہے اور یہ بہت اچھی بات ہے. I really appreciate لیکن جہاں تک انصاف کی بات ہے شاید اس پر ابھی بھی اتنی زیادہ توجہ نہیں ہے۔ میں یہاں پر دو چیزیں بتاتی چلوں جو شاید کبھی بھی اس ایوان میں discuss ہوئی ہوں اور نہ ہی ہوں گی۔ جب پچھلے دنوں Covid-19 کی وجہ سے بہت زیادہ لاک ڈاؤن ہو رہا تھا تو اس میں احساس پروگرام کے تحت بہت سارے فنڈز کی distribution ہوئی وہاں بار ایسوسی ایشنز کو بھی فنڈز دیئے گئے مجھے یاد پڑتا ہے کہ تقریباً 13 کروڑ روپے بار ایسوسی ایشنز کو دیئے گئے اور یہ بلا تخصیص دیئے گئے۔ پی ٹی آئی، پیپلز پارٹی اور نہ ہی

(ن) لیگ کی تخصیص کی گئی بلکہ تمام مستحق لوگوں کو 13 کروڑ روپے کی funding کی گئی ہے۔میں بنیادی طور پر اس issue پر بات کرنا چاہتی ہوں کہ recently اسی طرح سے بار ایسوسی ایشنز کو فنڈز کی distribution کی گئی۔اگر آپ بجٹ پر میری پہلی تقریر اٹھا کر دیکھیں تو میں نے گزارش کی تھی کہ جب ہم انصاف، ایڈمنسٹریشن آف جسٹس اور بار ایسوسی ایشنز کی بات کرتے ہیں تو اس کو بھی اپنے بجٹ کا حصہ بنایا جائے۔بار ایسوسی ایشنز کو اس لئے بجٹ کا حصہ بنایا جائے چونکہ تمام حکومتیں ان کو خرید و فروخت کا مال سمجھتی ہیں۔ان کی اس disrespect کو ختم کرکے بجٹ کا کچھ share مختص کیا جائے اور بار ایسوسی ایشنز کی بحالی کا یہ کام ضرور کیا جائے چونکہ سائلین اس سے directly effect ہوتے ہیں۔ تمام وہ لوگ جو انصاف کے حصول کے لئے آتے ہیں وہاں کی سہولیات اور فنڈنگ کی کمی کے باعث اس چیز کا بہت زیادہ سامنا ہے۔

**جناب چیئرمین:** محترمہ! پلیز wind up کیجئے۔

**محترمہ زینب عمیر:** جناب چیئرمین! ابھی recently funds distribution ہوئی جس میں 8 کروڑ 50 لاکھ روپے کے قریب بار ایسوسی ایشنز کو funds distribution ہوئی۔ میں اس بات کو بہت appreciate کرتی ہوں اور میں بار ہا کہہ رہی ہوں کہ یہ پیپلز پارٹی، پاکستان مسلم لیگ (ن) اور پی ٹی آئی سب لوگوں کے لئے یہ pride ہے کہ یہاں بلا تخصیص distribution کی گئی تقریباً 51 بار ایسوسی ایشنز کو فنڈز دیئے گئے میں اس پر عثمان بزدار صاحب کو خاص طور پر appreciate کرنا چاہتی ہوں۔اس سے پہلے ہم نے کسی بھی پارٹی، کسی بھی وزیراعلیٰ، کسی بھی وزیر اعظم کو یہ کرتے نہیں دیکھا لیکن میری ایک چھوٹی سی reservation ہے کہ ہم جب بھی کسی علاقے کی بات کرتے ہیں یا کسی جگہ کی بات کرتے ہیں تو ہم وہاں کے لئے proposals دیتے ہیں ہم وہاں کی ضرورت کے مطابق بات کرتے ہیں کہ فلاں علاقے میں سڑک کا ہونا ضروری ہے فلاں علاقے میں یونیورسٹی کی preference ہونی چاہئے اسی طرح جب فنڈز کی distribution کی گئی تو شاید اس چیز کا خیال نہیں رکھا گیا۔۔۔

**جناب چیئرمین:** محترمہ! پلیز wind up کیجئے۔

**محترمہ زینب عمیر:** جناب چیئرمین! میرا یہ last sentence ہے شاید اس چیز کا خیال نہیں رکھا گیا کہ جیسے ایک چھوٹی سی تحصیل بار ہے جس میں شاید ٹوٹل 35 ممبر بھی نہ ہوں ان کے لئے دس لاکھ روپے کا چیک رکھا گیا، میں نام نہیں لیتی اور بھی چھوٹی چھوٹی بارز کو 60/60 لاکھ روپے کی تقسیم ہوئی لیکن لاہور ہائی کورٹ جیسی بہت بڑی بار جہاں پر ڈیڑھ لاکھ کیسز pending ہیں جہاں روز لاکھوں کی تعداد میں لوگ آتے ہیں اس لئے ان کے expenses اور ضروریات بہت زیادہ ہیں لیکن اس کے لئے صرف 50 لاکھ روپے مختص کئے گئے۔میری بہت اہم گزارش کہ ہے کہ جب اگلی دفعہ بجٹ بنانے لگیں تو میری ان گزارشات کو ضرور مد نظر رکھا جائے۔

**جناب چیئرمین:** شکریہ

**محترمہ زینب عمیر:** جناب چیئرمین! میں یہاں پر ایک اور بات highlight کرنا چاہتی ہوں کہ دس سال پہلے ہائی کورٹ میں لفٹس لگائی گئی تھیں وہ working condition میں نہیں ہیں انہیں functional کیا جائے۔بہت شکریہ

**جناب چیئرمین:** بہت شکریہ، محترمہ زینب عمیر صاحبہ کی تقریر میں جو نظم ہے اسے کارروائی سے expunge کرتے ہیں۔اب جناب یوسف کسیلیا صاحب بات کریں گے۔جی!

**جناب محمد یوسف:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔بہت شکریہ جناب چیئرمین! میں سب سے پہلے تو اپنے ساتھیوں کو مبارکباد دینا چاہوں گا اور خصوصی طور پر جناب سپیکر صاحب کو مبارکباد دیتا ہوں کہ انہوں نے ذاتی دلچسپی لے کر یہ ہال تعمیر کرایا جو بہت اچھی تزئین و آرائش کے ساتھ براعظم ایشیا کا بہترین ہال ہے۔ابھی میری بہن جو تقریر کر رہی تھیں انہوں نے جو ہیلتھ کارڈ والی بات کی ہے میں ان سے کہنا چاہوں گا کہ اپوزیشن کی طرف سے میری بہن نے جو بات کی ہے اگر وہ بات پوری کر دیں اور مرے ہوئے لوگوں کو جو ہیلتھ کارڈ جاری ہوئے ہیں وہ دکھا دیں تو کیا آپ بھی استعفیٰ دیں گی؟

**جناب چیئرمین:** کسیلیا صاحب! آپ بجٹ تقریر تک رہیں۔انہوں نے جو الفاظ کہے ہیں میں نے وہ حذف کر دیئے ہیں۔پلیز آپ اپنی بجٹ تقریر کریں۔

**جناب محمد یوسف:** جناب چیئرمین! حکومت کی طرف سے بجٹ کے متعلق راگ الاپا جا رہا ہے کہ انہوں نے تین سالوں میں بڑی ترقی کی ہے، بڑی ڈویلپمنٹ کی ہے اور ملک کو درست سمت میں لے

کر جا رہے ہیں۔مجھے ایک چیز کی سمجھ نہی آتی اور میں یہ بات سمجھنے سے قاصر ہوں کہ اگر یہ سارا کچھ ہو رہا ہے تو پھر غریب آدمی کے استعمال کی چیزیں آٹا، چینی، گھی، پٹرول اور بجلی روز بروز کیوں مہنگے ہوتے جا رہے ہیں اور غریب آدمی کی زندگی روز بروز مشکل میں کیوں ڈالی جا رہی ہے؟ اسی طرح پہلے سن رہے تھے کہ 90 دنوں میں ملک کی direction ٹھیک کر دیں گے جو کہ نہیں ہوئی۔ایک کروڑ نوکریاں دیں گے جو کہ نہیں کر سکے، پچاس لاکھ گھر بنائیں گے نہیں بنا سکے، پھر کٹے، بچھڑے مرغی اور انڈے سے اکانومی کو ٹھیک کرنے کی کوشش کی گئی جو کہ نہ ہو سکی اور انہوں نے جو آج بجٹ دیا ہے اس کا والیم ہمارے 2018 والے بجٹ سے کم ہے۔

جناب چیئرمین! آپ دیکھیں کہ زراعت کے حوالے سے جو یہ کہتے ہیں کہ ہم نے 8 فی صد زیادہ گندم پیدا کی ہے تو مجھے یہ بتایا جائے کہ اگر انہوں نے 8 فی صد زیادہ گندم پیدا کی ہے تو پھر ان کو گندم import کرنے کی کیا ضرورت پڑی؟ اسی طرح جتنی مرضی فصلات بڑھی ہیں ان کو دیکھ لیں ان کی figures calculate کر لیں اگر آپ اکیلی کپاس کی figures کو calculate کریں تو آپ کے دور میں تقریباً 75 فی صد کم ہوئی ہے 2018 میں کپاس کی 1 کروڑ 7 لاکھ گانٹھیں تھیں اور آج 2021 میں صرف 56 لاکھ گانٹھیں ہیں۔اگر ان کا حساب کیا جائے تو دیکھیں کہ اکانومی کس جگہ پر آتی ہے؟ آپ نے ایک ہاتھ سے کسان کو پیسے دیئے ہیں اور دوسرے ہاتھ سے اس کی جیب سے نکال لئے ہیں۔آج سے تین ماہ پہلے ڈی اے پی کھاد کی بوری 3800 روپے کی تھی جو ابھی 5600 روپے کی ہو گئی ہے یوریا کھاد کی بوری 1600 روپے کی تھی جو اب 1900 روپے کی ہو گئی ہے۔

جناب چیئرمین! میں آپ کی وساطت سے وزیر زراعت سے گزارش کروں گا کہ آپ نے جو کسان کارڈ دیا ہے یہ رشوت کا ایک نیا دھندا شروع ہو چکا ہے۔آپ نے جو بھی سبسڈی دینی ہے اسے کھادوں پر فلیٹ کر دیا جائے تاکہ زمیندار کو دو دو ماہ تک وہاں چکر نہ لگانے پڑیں اور لوگ جو اس میں رشوت بٹور رہے ہیں اس سے بھی ان کی جان چھوٹ سکے۔

جناب چیئرمین! ہیلتھ کی مد میں جو فنڈز رکھے گئے ہیں وہ 2018 کے مقابلے میں کم ہیں پچھلی گورنمنٹ میں BHUs تھے، THQs اور DHQs تھے جن میں آپ کو ڈاکٹر ملتا تھا ادویات ملتی تھیں، ڈائلسیز ہوتے نظر آتے تھے، کینسر کی ادویات ملتی تھیں۔اب ہسپتالوں کا تو برا حال ہے ہی

ہے لیکن ڈائلسیز اور کینسر کی ادویات آج مریضوں کو نہیں مل رہیں۔مریضوں کا کوئی پرسان حال نہیں ہے۔

**جناب چیئرمین:** اجلاس کا ٹائم پانچ منٹ اور مزید بڑھاتے ہیں۔جی، کسیلیا صاحب!

**جناب محمد یوسف:** جناب چیئرمین!موجودہ حکمران بتا رہے ہیں کہ صحت کارڈ ان کا بہت بڑا کارنامہ ہے۔یہ میرے لیڈر کا دیکھا ہوا خواب ہے،اسی نے اس کو implement کیا تھا اور اسی دور میں لوگوں کو یہ کارڈ ملنا شروع ہو گئے تھے۔ آپ نے اسی کارڈ پر تحریک انصاف کی stamp لگا کر اس کو آگے چلایا ہے جو کہ میرے ہی قائد کا خواب تھا۔میں شعبہ صحت کے حوالے سے ایک بات اور کرنی چاہوں گا کہ پچھلے دور حکومت میں سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اور پرائمری ہیلتھ کیئر کو الگ الگ کیا گیا تھا۔ میری موجودہ حکومت سے گزارش ہے کہ اس محکمہ کے کام میں بہتری لانے کے لئے Preventive Healthcare کو الگ کیا جائے تاکہ proper طریق کار کے تحت اس محکمہ کو چلایا جاسکے۔

**جناب چیئرمین:** آپ مہربانی کرکے wind up کرلیں۔

**جناب محمد یوسف:** جناب چیئرمین!میں دومنٹ میں wind up کرلیتا ہوں۔سکول ایجوکیشن اور ہائر ایجوکیشن کے لئے جو funds دیئے گئے ہیں وہ سال 2018 کے مقابلے میں کم ہیں۔ہماری حکومت میں qualify کرنے والے بچوں اور بچیوں کو Endowment Fund سے وظیفہ دیا جاتا تھا۔اسی طرح missing facilities کو پورا کیا جاتا تھا اور اس مقصد کے لئے بے شمار funds مختص کئے جاتے تھے۔اس کے علاوہ PEEF کے ذریعے لاکھوں بچے تعلیم حاصل کررہے تھے لیکن آج وہ سارے مارے مارے پھر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین!کچھ دیر پہلے حکومتی بنچوں سے تعلق رکھنے والے ایک ایم پی اے اور میری ایک بہن تقریر کررہی تھی۔انہوں نے کہا ہے کہ funds کی proper utilization نہیں ہوتی۔یہ بھی حکومت کی نالائقی ہے۔ آج جو بجٹ پیش کیا گیا ہے سال کے آخر میں پتا چلے گا کہ اس حوالے سے موجودہ حکمران کیا گُل کھلاتے رہے ہیں۔

جناب چیئرمین! اب میں اپنے حلقہ نیابت سے متعلق دو باتیں کرنی چاہتا ہوں۔ گگو منڈی میرا حلقہ ہے۔ سال 2018 میں یہ تحصیل بن رہی تھی۔ عوامی امنگوں کی ترجمانی کرتے ہوئے میں کہوں گا کہ گگو منڈی کو تحصیل کا درجہ دیا جائے۔ اسی طرح گگو منڈی میں بائی پاس کی ایک سکیم بن رہی تھی جو کہ unfunded ہو گئی ہے۔ مہربانی کر کے اس کو شروع کروایا جائے۔ اسی طرح اڈا کوارٹر تاڈھلن روڈ وایا سہوپل تقریباً 40 کلومیٹر لمبی سڑک ہے جس میں سے 23/22 کلومیٹر سڑک بن چکی ہے اور باقی سکیم unfunded ہو گئی ہے تو مہربانی فرما کر اس کے لئے funds مختص کئے جائیں۔ میں آخر میں ایک شعر پڑھنا چاہوں گا اور اس کے بعد اجازت لوں گا۔

[********************]

**جناب چیئرمین:** یہ شعر کارروائی سے حذف کیا جاتا ہے۔

**وزیر سماجی بہبود و بیت المال** (سید یاور عباس بخاری): جناب چیئرمین! اس شعر کو کارروائی سے حذف کیا جائے۔ یہ انتہائی نامناسب ہے۔

**جناب چیئرمین:** سید یاور عباس بخاری! میں نے یہ شعر پہلے ہی کارروائی سے حذف کر دیا ہے۔ اب محترمہ عائشہ اقبال تقریر کریں گی۔

**محترمہ عائشہ اقبال:** السلامُ علیکم۔ جناب چیئرمین! بہت بہت شکریہ کہ آپ نے مجھے بجٹ پر تقریر کرنے کے لئے وقت دیا ہے۔ میں حکومت، وزیر خزانہ اور ان کی ٹیم کو مبارکباد پیش کرتی ہوں کہ انہوں نے ایک ایسا بجٹ پیش کیا ہے جو کہ ملک کو ترقی کی راہ پر ڈالے گا اور لوگوں کی زندگیوں میں آسانیاں پیدا کرے گا۔ حزب اختلاف سے تعلق رکھنے والے ہمارے بھائی اور بہنیں ابھی تک ہیلتھ کارڈ کی افادیت کو سمجھ نہیں سکے۔ ہیلتھ کارڈ کی وجہ سے لوگوں کو اپنے علاج میں آسانی ہو گی اور

---

* بحکم جناب چیئرمین الفاظ کارروائی سے حذف کئے گئے۔

انہیں اپنے گھر فروخت نہیں کرنے پڑیں گے اور اس کی وجہ سے پرائیویٹ ہسپتالوں کو بھی support مل سکے گی۔ڈاکٹروں،نرسوں اور دوسرے لوگوں کو نوکریاں ملیں گی۔جب زیادہ لوگوں کو یہ facility ملے گی تو اس سے معیشت کا پہیہ تیز ہو جائے گا۔

جناب چیئر مین!ہمارے صوبہ پنجاب میں اس وقت نوجوان نسل نشے میں مبتلا ہو رہی ہے۔سرکاری سطح پر نشہ کرنے والوں کی بحالی کے لئے کوئی سنٹر نہیں ہے۔اس موجودہ بجٹ میں فیصل آباد اور ملتان میں نشہ کرنے والوں کی بحالی کے سنٹرز بنانے کا اعلان کیا گیا ہے۔میں جناب وزیر خزانہ سے درخواست کروں گی کہ مہربانی کر کے لاہور شہر میں بھی ایسا سنٹر بنایا جائے کیونکہ لاہور میں بہت زیادہ لوگ نشہ کے عادی ہو چکے ہیں۔فاؤنٹین ہاؤس کا بجٹ بڑھایا جائے۔وہاں پر نشہ کے عادی فی مریض سے روزانہ تین ہزار روپے وصول کئے جاتے ہیں اور ایک غریب انسان تین ہزار روپے afford نہیں کر سکتا تو میری درخواست ہے کہ فاؤنٹین ہاؤس کا بجٹ تھوڑا سا بڑھا دیں۔

جناب چیئر مین!اس بجٹ کی سب سے زیادہ خوبصورتی یہ ہے کہ اس میں صنعتی وزرعی ترقی کی طرف توجہ دی گئی ہے۔کسی بھی ملک کا جی۔ڈی۔پی اس وقت تک نہیں بڑھتا جب تک اس کی صنعتی اور زرعی ترقی نہ ہو۔پانچ نئے صنعتی زون بننے کی وجہ سے ملک کی صنعت بہت زیادہ ترقی کرے گی۔یہ بہت بڑی خوشخبری ہے کہ ملک میں 17 نئی آٹو موبائل کمپنیاں آ رہی ہیں۔اسی طرح ہمارے ملک میں اب موبائل فون بھی بننا شروع ہو جائیں گے۔جب ہمارے ملک کی صنعت ترقی کرے گی تو پھر ہی ملک کی حقیقی ترقی ہو گی۔میرے اکثر بہن بھائی بہن کہتے ہیں کہ مہنگائی کیوں ہے؟

**جناب چیئر مین:** ایوان کا وقت پانچ منٹ مزید بڑھایا جاتا ہے۔

**محترمہ عائشہ اقبال:** جناب چیئر مین!مہنگائی اس لئے ہے کہ ہم آبادی کے trickling bomb پر بیٹھے ہوئے ہیں اور پچھلے اڑھائی سالوں میں پاپولیشن پلاننگ کے حوالے سے کوئی سوال اسمبلی میں آیا ہے اور نہ ہی اس بارے میں کوئی کام ہوا ہے۔ہماری آبادی کا پھیلاؤ ہمارے سب وسائل کو کھا رہا ہے۔جب تک ہم آبادی کنٹرول کرنے پر focus نہیں کریں گے تو اس وقت تک ہمارا ملک ترقی نہیں کر سکتا۔میں امید کرتی ہوں کہ مہربانی کر کے اس چیز کو seriously take up کیا جائے کیونکہ آبادی کے پھیلاؤ کی وجہ سے ہمارے زرعی رقبے بھی ختم ہو رہے ہیں۔مہنگائی کی اہم

وجہ demand and supply ہوتی ہے۔جب تک ہم آبادی کو کنٹرول نہیں کریں گے تو اس وقت تک ہمارا ملک کبھی ترقی نہیں کر سکے گا۔بہت شکریہ

**جناب چیئرمین:** اب اجلاس بروز ہفتہ مورخہ 19۔جون 2021 بوقت صبح 10:00 بجے تک adjourn کیا جاتا ہے۔

---